اشاعت کا ۴۵ واں سال

روزنامہ آفاق سرینگر

Daily Afaaq Srinagar

بانی: مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری

Visit us at: www.dailyafaaq.com

3 جوہری توانائی کے پرامن استعمال کے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے

7 عاقب نبی نے تباہی پھیر دی، مینک اگروال کی سنچری نے کرناٹک کی لاج رکھ لی

afaaqkashmir.yahoo.com dailyafaaq

Ph:- 0194-2452028, 2475279 Fax:- 0194-2475279

RNI NO: 43732/85 Friday 27 February 2026

ESTABLISHED IN 1985

27 فروری 2026ء بمطابق 09 رمضان المبارک 1447ھ جمعۃ المبارک، جلد نمبر 47، شمارہ نمبر 51، صفحات 8، قیمت 3 روپے

طلبا قوم کی تعمیر کے لئے اپنا بھرپور رول ادا کریں۔ لیفٹننٹ گورنر کا یونیورسٹی کنوکیشن سے خطاب

''ٹیکنالوجی کو کو انسانی ذہانت کے متبادل کے بطور استعمال کرنے سے گریز کیا جانا چاہئے''

''طلباء کشمیر کے بھرپور ثقافتی ورثے کا احترام کریں اور اسے آگے بڑھائیں''

سری نگر/۲۶ فروری (ایجنسیز) جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جمعرات کو کشمیر یونیورسٹی کے فارغ التحصیل طلباء پر زور دیا کہ وہ اپنے عزائم کو قومی ترقی کے ساتھ جوڑیں اور قوم کی تعمیر کے لئے اپنا بھرپور رول ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم سے کردار، قابلیت اور عزم سے لیس ذمہ دار شہری پیدا ہونے چاہئے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے ان باتوں کا اظہار کشمیر یونیورسٹی کے 21ویں کنوکیشن سے اپنے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا ' : یہ موقع محض ڈگریوں تفویض کرنے کا علامت نہیں ہے بلکہ نسلوں کی تبدیلی اور جدید تعلیم میں معاشرے کے عقیدے کو مضبوط کرنے کی بھی علامت ہے'۔ انہوں نے تمغہ جیتنے والوں، اسکالرز، فیکلٹی ممبران اور والدین کو اکیڈمک ایکسیلنس میں ان کے اجتماعی تعاون کے لیے مبارکباد دی۔ طالبات کی نمایاں کارکردگی کو اجاگر کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ 249 میں سے 186 گولڈ میڈل اور 164 میں سے 108 پی ایچ ڈی ڈگریاں طالبات نے حاصل کی ہیں جو سماجی (بقیہ ۶ پر)

مودی کے دورے سے ہند۔ اسرائیل تعلقات کا نیا باب

خصوصی اسٹریٹجک پارٹنرشپ قائم کرنے کا فیصلہ

''دہشت گردی کسی بھی شکل میں ہو، کسی بھی صورت میں ہو، برداشت نہیں کی جاسکتی'' مودی

یروشلم/۲۶ فروری (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعرات کو کہا کہ ہندوستان اور اسرائیل نے اپنی شراکت داری کو "خصوصی اسٹریٹجک پارٹنرشپ" تک بڑھانے کا ایک تاریخی فیصلہ کیا ہے اور دونوں ممالک اہم ٹیکنالوجی اور نایاب معدنیات کی سپلائی چین کے شعبوں میں تعاون کریں گے۔ مسٹر مودی نے یہاں وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں کہا، "آج ہم نے اپنی وقتی تجربہ شدہ شراکت داری کو 'خصوصی اسٹریٹجک پارٹنرشپ' کے درجہ تک پہنچانے کا تاریخی فیصلہ کیا ہے۔" اسرائیل کے اپنے دو روزہ دورے کے دوسرے دن مسٹر مودی نے کہا کہ نو سال قبل انہیں اسرائیل کا دورہ کرنے والے پہلے ہندوستانی وزیر اعظم بننے کا شرف حاصل ہوا تھا۔ اب اسرائیل کی تاریخی سرزمین پر ایک بار پھر قدم رکھنا اس کے لیے فخر اور جذبات کا لمحہ ہے۔ جدید اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون پر طے پانے والے معاہدے کے بارے میں اطلاع (بقیہ ۶ پر)

نوآبادیاتی ذہنیت ترک کئے بغیر ہندوستان عالمی رہنما نہیں بن سکتا: نائب صدر

بہتر ہوا بازی کا ڈھانچہ کشمیر کی سیاحت کو نئی بلندیوں تک لے جائے گا

بشرطیکہ یہ ترقی وادی کے نازک ماحولیاتی توازن کو متاثر کیے بغیر کی جائے

سری نگر/۲۶ فروری (ایجنسیز) ہندوستان کے نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے سری نگر میں کشمیر یونیورسٹی کے 21ویں کنوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہندوستان کو مستقبل میں عالمی سطح پر جدت، اختراع اور ترقی کی قیادت کرنی ہے تو اسے سب سے پہلے نوآبادیاتی ذہنیت کو یکسر ترک کرنا ہوگا۔ انہوں نے نوجوان طلبا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی اصل طاقت اس کے لوگ اور ان کی تخلیقی صلاحیتیں ہیں اور اگر یہی صلاحیت 'سودیشی' بنیادوں پر مستحکم ہو جائے تو کوئی بھی طاقت بھارت کو ترقی کی بلند ترین چوٹیوں تک پہنچنے سے نہیں روک سکتی۔ نائب صدر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہندستان صدیوں تک بیرونی تسلط (بقیہ ۶ پر)

نائب صدر کا طلبہ کے نام اتحاد کا پیغام

'میرا نہیں، تمہارا نہیں ہمارا کشمیر'

سری نگر/۲۶ فروری (یو این آئی) سری نگر میں کشمیر یونیورسٹی کی تقسیم اسناد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر ہند سی پی رادھا کرشنن نے نوجوانوں کے سامنے ایک ایسا جملہ رکھا جس نے پورے اجتماع کو خاموشی مگر گہرے تاثر میں ڈبو دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کی اصل پہچان اتحاد، ہم آہنگی اور مشترکہ ذمہ داری میں ہے۔ اور یہی سوچ نئی نسل کے مستقبل کا راستہ طے کرے گی۔ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے تقریب کے اختتامی لمحات میں طلبہ کو ایک جامع مگر دل نشین پیغام دیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ تین جملے بتانا چاہتے ہیں جو صرف الفاظ نہیں بلکہ ایک نظریہ، ایک عہد اور ایک متحد ہندوستان (بقیہ ۶ پر)

صدقہ فطر فی کس 80 روپے مقرر، مفتی اعظم

سرینگر/۲۶ فروری ((آفاق نیوز ڈیسک) جموں و کشمیر کے مفتی اعظم مفتی ناصر الاسلام فاروقی کے دفتر نے جمعرات کو اعلان کیا کہ سال 2026 کے لیے صدقۃ الفطر فی فرد 80 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ تاہم انہوں نے کہا کہ مالی استطاعت کے لحاظ سے زیادہ صدقہ فطر ادا کرنے میں کوئی بھی حرج نہیں ہے۔ مفتی اعظم نے کہا کہ صدقہ فطر کی رقم کشمیر اور جموں خطے کے علماء کرام کے ساتھ مکمل مشاورت اور اتفاق رائے سے طے کی گئی ہے۔ انہوں نے صدقہ فطرت کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ صدقہ فطر مقدس رمضان المبارک کے اختتام اور رخصت ہونے پر ہر ایک مسلمان مرد اور عورت پر ادا کرنا واجب ہے، جبکہ ہر شیر خوار بچہ پر بھی صدقہ فطر واجب ہے۔ (بقیہ ۶ پر)

طلباء مستقبل کا انتظار کرنے کے بجائے خود اس کا تعین کریں، عمر عبداللہ

''والدین کی قربانیوں کو نہ بھولیں، ہر ڈگری میں والدین کا حصہ''

''ہمارے نوجوان نوکری فراہم کرنے والے بنیں، نہ کہ صرف ملازمت کے متلاشی''

سری نگر/۲۶ فروری (ایجنسیز) وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے طلبا کو جموں وکشمیر کے معمار قرار دیتے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ مستقبل کا انتظار کرنے کے بجائے خود اپنے مستقبل کا تعین کریں۔ انہوں نے طلبا سے تاکید کی کہ وہ اپنے والدین کی قربانیوں کا بھی احترام کریں۔ وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار جمعرات کو کشمیر یونیورسٹی کے 21ویں کنوکیشن سے اپنے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے نسیم باغ کے تاریخی کیمپس کو "حکمت کی پناہ گاہ" قرار دیتے ہوئے طلبا کی طرف مخاطب ہو کر کہا' : آپ ان لوگوں کے جانشین بن رہے ہو جنہوں نے آزمائش کے وقتوں میں علم کے شعلے کو زندہ رکھا، آپ ان کی مشعل بردار ہیں'۔ عمر عبداللہ نے طلباء کو "روشنی" کے طور پر بیان کیا اور کہا کہ ان کی رسمی تعلیم ختم ہو رہی ہے، لیکن معاشرے کے لیے ان کی بڑی ذمہ داری شروع ہو رہی ہے۔ انہوں نے گریجویٹس سے کہا کہ وہ جموں وکشمیر (بقیہ ۶ پر)

کشمیر، جو کبھی پتھر بازی کے لیے مشہور تھا، آج کھیلوں کے لئے جانا جاتا ہے: مرکزی وزیر

370 کی منسوخی کے بعد حالات میں بہتری، بڑے پروگراموں کے دوران سیکورٹی کے مسائل اب نہیں ہیں اور جموں و کشمیر ترقی کی نئی منازل طے کر رہا ہے

سری نگر/۲۶ فروری (یو این آئی) مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے گلمرگ میں کھیلو انڈیا کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وادی کشمیر میں کھیلوں کا ماحول نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں جو ملک کا نام روشن کرنے کے لیے اہل ہیں۔ وزیر کھیل نے کہا کہ وہ یورپ اور سوئٹزرلینڈ سمیت دنیا کے 55 ممالک کی سیر کر چکے ہیں مگر گلمرگ کی خوبصورتی اور کھیلوں کے ماحول کی مثال کہیں نہیں ملتی۔ ڈاکٹر مانڈویا نے بتایا کہ وہ گزشتہ سال بھی گلمرگ آئے تھے اور اس دوران وعدہ کیا تھا کہ دوبارہ آئیں گے تاکہ یہاں کے کھیلوں اور ٹورزم کے امکانات کا پوری طرح مشاہدہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ آج وہ اس وعدے کو پورا کرتے ہوئے وادی میں کھیلوں کے انعقاد کی تفصیلات دیکھنے کے بعد بہت خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت گلمرگ کو بین الاقوامی کھیلوں کے انعقاد کے لیے تیار کر رہی ہے تاکہ یہاں کے نوجوان عالمی معیار کے کھیلوں میں حصہ لے سکیں اور اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔ (بقیہ ۶ پر)

جموں وکشمیر میں حالات معمول پر، دہشت گردی میں مسلسل کمی، جنرل منوج کٹیار

بھارت کی زمینی کارروائی کے لئے فوج مکمل تیار، جوہری خطرے سے متاثر نہیں ہوگی

سرینگر/۲۶ فروری (ایجنسیز) فوج مستقبل کے ہنگامی حالات کیلئے پوری طرح تیار ہے اور جوہری خطرات سے باز نہیں آئے گی کی بات کرتے ہوئے مغربی کمان کے فوجی سربراہ لیفٹننٹ جنرل منوج کمار کٹیار نے کہا کہ مستقبل میں کسی بھی تنازع کا فیصلہ کن نتیجہ سامنے آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن سندور کے دوران پاکستان نے شدت سے جنگ بندی کی کوشش کی اور ساتھ ہی ساتھ ایٹمی دھمکیاں بھی دیں۔ مامون ملٹری اسٹیشن کے دھیان سنگھ اسٹیڈیم میں ایک تقریب کے بعد فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے مغربی کمان کے فوجی سربراہ لیفٹننٹ جنرل (بقیہ ۶ پر)

جموں وکشمیر میں اپریل سے ایس آئی آر شروع ہوگا

12 ہزار کے قریب ملازمین کی تعیناتی کا فیصلہ

سرینگر/۲۶ فروری/اے پی آئی/جموں وکشمیر اپریل کے مہینے سے ایس آئی آر شروع ہونے جا رہا ہے، 12 ہزار کے قریب سرکاری ملازمین ووٹر فہرستوں کو از سر نو ترتیب دینے کیلئے اپنی خدمات انجام دینگے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق چیف الیکشن کمشنر آف انڈیا کی جانب سے جموں وکشمیر میں ملک کی دوسری ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کی طرح ایس آئی آر اپریل کے مہینے سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور الیکشن اتھارٹی نے جموں وکشمیر میں ووٹر فہرستوں کو از سر نو تشکیل دینے کیلئے 12 ہزار کے قریب سرکاری ملازمین کو تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ ملک کی 9 ریاستوں میں اپریل کے مہینے سے ایس آئی آر شروع ہونے جا رہا ہے، (بقیہ ۶ پر)

سرینگر ایئرپورٹ کی توسیع نے سیاحتی شعبے کو نئی امیدیں دے دیں، لوگوں میں خوشی کی لہر

نیا ایئرپورٹ وادی کے معاشی مستقبل میں اہم کردار ادا کرے گا

سری نگر/۲۶ فروری (یو این آئی) سری نگر کے شیخ العالم بین الاقوامی ہوائی اڈے کی توسیع کے سرکاری اعلان کے بعد کشمیر کی سیاحتی اور تجارتی برادری میں خوشی کی نئی لہر دوڑ گئی ہے۔ دو برس میں جدید ٹرمینل اور عالمی معیار کی سہولیات پر مشتمل نیا ایئرپورٹ وادی کے معاشی مستقبل میں اہم کردار ادا کرے گا۔ سرینگر ایئرپورٹ کو 2005 میں بین الاقوامی درجہ ملا تھا اور گزشتہ برس تک یہ پیک ٹورسٹ سیزن میں روزانہ 110 سے زیادہ پروازیں ہینڈل کر رہا تھا۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 2024 میں ہوائی اڈے نے 28,500 پروازوں کے ذریعے 4.47 ملین مسافروں کی آمدورفت ریکارڈ کی تھی، لیکن اپریل 2025 کے حملے کے بعد روزانہ مسافروں کی تعداد 19 ہزار سے گھٹ کر صرف 6,500 رہ گئی۔ کئی ایئر لائنز نے بھی اپنا آپریشن کم کر دیا تھا، جس سے ہوائی اڈے کی سرگرمیاں کافی متاثر ہوئیں۔ تاہم شہری ہوابازی کی وزارت نے وادی کے مرکزی ہوائی اڈے کی توسیع کے جس بڑے منصوبے کا اعلان کیا ہے، وہ سیاحتی (بقیہ ۶ پر)

کورونا وبا کے دوران طبی سامان کی خریداری سے متعلق بڑے پیمانے پر دھوکہ دہی

دو افراد کے خلاف مقدمہ درج: ای او ڈبلیو

سری نگر/۲۶ فروری (ایجنسیز) کرائم برانچ جموں و کشمیر کی اقتصادی جرائم ونگ (ای او ڈبلیو) نے کورونا وبا کے دوران جموں وکشمیر میں طبی سامان کی خریداری سے متعلق بڑے پیمانے پر دھوکہ دہی کے الزام میں دو افراد کے خلاف باضابطہ مقدمہ درج کیا ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ یہ مقدمہ ایک تحریری شکایت کی بنیاد پر درج کیا گیا جس میں الزام لگایا گیا کہ ملزموں، جو سری نگر کے پیر باغ اور صنعت نگر کے رہائشی ہیں، نے خود کو جموں وکشمیر وزارت اور او ایس ڈی سپلائز کے نمائندے ظاہر کئے۔ انہوں نے کہا' : ملزموں نے فریب دہی کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں اور اداروں کو طبی سامان کی ادائیگیاں اُن بینک کھاتوں میں منتقل کرنے پر آمادہ کیا جو اصلی سپلائرز کے نام پر دھوکہ دہی سے کھولے گئے تھے، ملزمان نے مبینہ طور پر اصل سپلائز کی شناخت کو غلط انداز میں پیش کرنے کے لئے جعلی ای میل آئی ڈیز بھی تیار کیں'۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات سے انکشاف ہوا کہ ملزموں نے بد دیانتی سے ایک سرکاری دفتر سے 27 لاکھ روپے حاصل کئے جبکہ ایک سرکاری طبی ادارے سے 2 کروڑ 24 لاکھ روپے فراڈ کے ذریعے نکالنے کی بھی منصوبہ بندی کی۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی شواہد کی بنیاد پر تزیرات ہند کی دفعات 467 ,420 (بقیہ ۶ پر)

جموں وکشمیر میں رونما ہونے والی تبدیلیوں نے

مجھے بے حد متاثر کیا: سی پی رادھا کرشنن

نائب صدر کی سری نگر میں ایل جی کے ساتھ صبح کی سیر

سری نگر/۲۶، فروری/ (ایجنسیز) نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے جمعرات کی صبح لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ہمراہ مشہور ترین قدرتی آبگاہ ڈل جھیل پر شکارا سواری کا لطف اٹھایا، اور اس تجربے کو سری نگر کی لازوال دلکشی اور قدرتی خوبصورتی کی جھلک قرار دیا۔ رادھا کرشنن وادی کشمیر کے اپنے پہلے دورے پر بدھ کی شام یہاں پہنچے تھے۔ (بقیہ ۶ پر)

عدلیہ میں 'بدعنوانی' کے باب پر مشتمل این سی ای آر ٹی کی نصابی کتاب پر سپریم کورٹ کی پابندی

''ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی ہوگی، ہم اس معاملے کو بند نہیں کریں گے'' چیف جسٹس

این سی ای آر ٹی کی کتاب کے معاملے میں عدالتی حکم کی تعمیل ہوگی: وزیر تعلیم

نئی دہلی/۲۶ فروری (یو این آئی) سپریم کورٹ نے جمعرات کے روز عدلیہ میں بدعنوانی کے باب پر مشتمل نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (این سی ای آر ٹی) کی کلاس 8 کی سوشل سائنس کی نصابی کتاب کی دوبارہ طباعت اور ڈیجیٹل نشریات پر مکمل پابندی عائد کرنے کا حکم دیا۔ عدالت عظمیٰ نے زیر غور کتاب کی کاپیاں فوری ضبط کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے دو ہفتوں میں تعمیلی رپورٹ طلب کری ہے۔ عدالت عظمیٰ نے اپنے حکم میں واضح کیا کہ یہ این سی ای آر ٹی کے ڈائریکٹر اور ان تمام اسکولوں کے پرنسپل کی ذاتی ذمہ داری ہوگی جہاں کتاب پہنچی ہے۔ انہیں اپنے احاطے میں موجود کتاب کی تمام کاپیاں فوری طور پر ضبط اور سیل کرنی چاہئیں۔ عدالت عظمیٰ نے یہ بھی ہدایت دی کہ زیر بحث کتاب کی بنیاد پر طلبہ کو کوئی درس یا تعلیم نہ دی جائے۔ تمام ریاستوں کے چیف سکریٹریوں کو اس حکم پر مکمل درآمد کرنے اور دو ہفتے کے اندر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے متنبہ کیا کہ الیکٹرانک ذرائع سے یا عنوانات کو (بقیہ ۶ پر)

جاوید ڈار نے پھل وسبزیوں کے جدید پروسسنگ وتربیتی سینٹر کا اِفتتاح کیا

''حکومت کسانوں کو بااِختیار بنانے کے لئے پُرعزم''

جموں/۲۶فروری/(ڈی آئی پی آر)وزیر برائے زرعی پیداوار، دیہی ترقی وپنچایتی راج، اِمدادِ باہمی والیکشن محکمہ جات جاوید احمد ڈار نے زرعی شعبے میں قدر میں اِضافے اور خود روزگار کو فروغ دینے کی کوششوں کو تقویت دیتے ہوئے آج ادھے والا جموں میں پھلوں اور سبزیوں کے لئے ایک جدید پروسسنگ وتربیتی سینٹر کا اِفتتاح کیا۔ یہ سینٹر 90 لاکھ روپے کی لاگت سے قائم کیا گیا ہے اور اِس کا مقصد کسانوں، دیہی نوجوانوں اور خواتین، خصوصاً سیلف ہیلپ گروپوں (بقیہ۶پر)

بھارت نے جموں وکشمیر کے معاملے پر اقوام متحدہ میں پاکستان کو آڑے ہاتھوں لیا

کہا کہ زبردستی قبضہ کئے ہوئے علاقے کو خالی کرو

اقوام متحدہ/۲۶ فروری/ ایم این این/اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 55ویں باقاعدہ اجلاس کے اعلیٰ سطحی حصے میں، ہندوستانی مندوب انوپما سنگھ نے جموں وکشمیر کے مدعے پر پاکستان اور او آئی سی (آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن) کو آڑے ہاتھوں لیا۔ انوپما سنگھ نے کہا کہ جموں وکشمیر کی ترقی کو دیکھنے کے لئے پاکستان کو "لا لا لینڈ" میں رہنا چاہئے۔ پاکستان اور او آئی سی کی جانب سے اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران کیے گئے حوالہ جات کے مندرجات کا فوری طور پر پتہ نہیں چل سکا لیکن فرسٹ سیکریٹری انوپما سنگھ نے بدھ کے روز کہا کہ اسلام آباد "پروپیگنڈا یا حسد کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان "اس کو عزت دینے کی کوئی خواہش نہیں رکھتا، لیکن "حقائق کے ساتھ اس کو ختم کرنے کے لیے چند نکات پیش کرے گا۔ جموں وکشمیر ہندوستان کا اٹوٹ انگ تھا، ہے، ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ پاکستان کی طرف سے کوئی بھی خواہش مندانہ بیان بازی یا بے باک پروپیگنڈہ اس حقیقت کو تبدیل نہیں کرسکتا کہ جموں وکشمیر کا ہندوستان سے الحاق مکمل طور پر قانونی اور اٹل تھا۔ درحقیقت، واحد بقایا مسئلہ پاکستان کی طرف سے ہندوستانی علاقوں پر غیر قانونی قبضہ ہے، انہوں نے اسلام آباد سے مطالبہ کیا کہ وہ "اس کے جبری قبضے کے تحت "علاقوں کو خالی کرے۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں عام اور اسمبلی انتخابات میں ریکارڈ ووٹر ٹرن آوٹ (بقیہ۶پر)

جے کے اِی سی سی کے وفد نے وزیر تعلیم سکینہ اِیتو سے ملاقات کی

ٹی اِی ٹی آرڈر کا جائزہ لینے پر شکریہ اَدا کیا

سری نگر/۲۶فروری/(ڈی آئی پی آر) جموں وکشمیر ایمپلائز کوآرڈی نیشن کمیٹی (جے کے اِی سی سی) کے ایک وفد نے آج وزیر برائے تعلیم، سماجی بہبود، صحت وطبی تعلیم سکینہ اِیتو سے ملاقات کی اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت اور وزیر تعلیم کا بروقت اور ہمدردانہ مداخلت پر تہہ دل سے شکریہ اَدا کیا جس کے تحت جموں وکشمیر یونین ٹیریٹری میں برسرِ خدمت اساتذہ کے لئے ٹیچرز اِیلیجبلٹی ٹیسٹ (ٹی ای ٹی) کی شرط سے متعلق حکم نامے کو مؤخر رکھا گیا۔ جے کے اِی سی سی کے سینئر نمائندوں پر مشتمل وفد نے وزیر موصوفہ کو حکم نامہ جاری ہونے کے بعد ہزاروں حاضر سروس اساتذہ میں پائی جانے والی وسیع پیمانے پر تشویش (بقیہ۶پر)

شوپیان میں صنعتی مرکز کا قیام زرعی اراضی اور سیب کے باغات کے لیے شدید خطرہ

نیشنل گرین ٹریبنل کا حکومت کو باضابطہ نوٹس جاری، اگلی سماعت 15 مئی 2026 کو مقرر

سرینگر/۲۶فروری/سی این ایس/نیشنل گرین ٹریبنل (این جی ٹی) نے جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں کے ترنز گاؤں میں مجوزہ انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے معاملے پر حکومتِ جموں وکشمیر کو باضابطہ نوٹس جاری کرتے ہوئے ماحولیاتی اور سیلابی خطرات پر سنجیدہ تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یہ نوٹس ماحولیاتی کارکن ڈاکٹر راجہ مظفر بٹ کی جانب سے دائر عرضی کے بعد جاری کیا گیا، جس میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ تقریباً پانچ سو کنال (تقریباً 163 ایکڑ) سرکاری اراضی پر مشتمل یہ منصوبہ دریائے رمبی آرہ کے قدرتی سیلابی میدان (فلڈ پلین) میں واقع ہے، جو زیریں علاقوں کی آبادی، زرعی اراضی اور سیب کے باغات کے لیے شدید خطرہ بن سکتا ہے۔ نیشنل گرین ٹریبنل کی پرنسپل بنچ میں سماعت جسٹس پرکاش شریواستو کی سربراہی میں ہوئی، جن کے ہمراہ ماہر اراکین ڈاکٹر افروز احمد اور ڈاکٹر اے سینتھل ویل بھی شامل تھے۔ درخواست گزار کی جانب سے پیش ہوتے ہوئے سینئر ایڈووکیٹ سوربھ شرما نے مؤقف اپنایا کہ مجوزہ صنعتی اسٹیٹ دریا کے کنارے سے محض 30 میٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور دریا کے قدرتی بہاؤ کے راستے میں آتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دریا کے ایک کنارے پر تعمیرات اس کے قدرتی راستے میں مداخلت کے مترادف ہوں گی، جس کے نتیجے میں شوپیاں اور پلوامہ اضلاع کے تقریباً درجن بھر دیہات میں شدید سیلابی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ درخواست میں یہ بھی نشاندہی کی گئی کہ ضلع شوپیاں کے ڈرافٹ ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان کے مطابق ضلع کا (بقیہ۶پر)

کشمیر میں وسٹاڈوم اسپیشل ٹرین کی سروس میں توسیع

جموں/۲۶فروری/(آفاق نیوز ڈیسک) شمالی ریلوے نے مسافروں کی سہولت کے پیش نظر کشمیر وادی میں چلنے والی وسٹاڈوم اسپیشل ٹرین کی سروس کے دنوں میں توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریلوے محکمہ کے مطابق اس اقدام کا مقصد مسافروں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور سیاحت کو فروغ دینا ہے۔ ریلوے حکام کی طرف سے جاری اعلامیے کے مطابق ٹرین نمبر 04688 بڈگام سے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرا تک جبکہ ٹرین نمبر 04687 شری ماتا ویشنو دیوی کٹرا سے بڈگام تک چلے گی دونوں ٹرینیں اتوار کے علاوہ روزانہ چلیں گی۔ پہلے یہ سروس 3 مارچ 2026 تک مقرر تھی تاہم اب اس کی مدت میں 4 مارچ 2026 سے 2 جولائی 2026 تک توسیع کر دی گئی ہے جس کے تحت مجموعی طور پر 102 اضافی پھیرے چلائے جائیں گے۔ وسٹاڈوم کوچ اپنی بڑی شیشے کی کھڑکیوں اور خوبصورت مناظر کے دلکش نظارے فراہم کرنے کی وجہ سے سیاحوں اور مقامی مسافروں میں خاصی مقبول ہے یہ ٹرین کشمیر وادی کے قدرتی حسن سے لطف اندوز ہونے کا بہترین موقع فراہم کرتی ہے۔ ریلوے انتظامیہ نے مسافروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اسٹاپیجز اور ٹائم ٹیبل سے متعلق مزید معلومات کے لیے ریلوے ہیلپ لائن نمبر 139 پر رابطہ کریں یا سرکاری ویب سائٹ enquiry .indianrail.gov.in کا رخ کریں۔

ٹی آر اے آئی نے سرینگر میں خدمات کے

معیار پر صارفین کے لیے آگاہی پروگرام منعقد کیا

سرینگر/۲۶فروری/(پی آئی بی) ٹیلی کام ریگولیٹری اتھارٹی آف انڈیا (ٹی آر اے آئی) کے علاقائی دفتر دہلی نے آج گورنمنٹ کالج فار ویمن، ایم اے روڈ، سرینگر میں ٹیلی کام اور نشریاتی شعبے میں خدمات کے معیار (QoS) کے موضوع پر صارفین کے لیے ایک آگاہی پروگرام منعقد کیا۔ اس پروگرام میں تقریباً 200 شرکاء نے حصہ لیا، جن میں طلبہ، اساتذہ، ٹی آر اے آئی سے رجسٹرڈ صارف تنظیموں کے نمائندگان، ٹیلی کام خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے نمائندگان اور حکومت جموں وکشمیر کے نمائندگان شامل تھے۔ ٹی آر اے آئی کے افسران، بشمول جناب راجیش ترپاٹھی، جوائنٹ ایڈوائزر، اور جناب سشیل کمار بنسل، سینئر ریسرچ آفیسر، نے انٹرنیٹ، بی ایس این ایل، جیو اور وڈافون آئیڈیا کے نمائندگان کے ساتھ مل کر ٹیلی کام اور نشریاتی خدمات میں بہتری کے موضوع پر کئی سیشن پیش کیے۔ سائبر فراڈ اور اس سے بچاؤ کے اقدامات پر بھی خصوصی سیشن منعقد کیے گئے۔ پروگرام کے دوران ٹی آر اے آئی کی ڈی این ڈی ایپلیکیشن کو نمایاں طور پر پیش کیا گیا اور متعدد شرکاء نے غیر مطلوبہ تجارتی مواصلات کے خلاف پیشگی اقدامات اختیار کرنے کے لیے اس ایپ اور دیگر ٹی آر اے آئی ایپلیکیشن کو ڈاؤن لوڈ کیا۔ ٹیلی کام اور نشریاتی شعبے میں سروس (بقیہ۶پر)

وزیر اعظم کی دور اندیش قیادت کشمیر میں رابطے اور ترقی کو ترجیح دیتا رہے گا

سرینگر ہوائی اڈہ کی توسیع سیاحت اور روزگار کو فروغ دینے میں مدد کریں گا/ترون چھگ

سرینگر/۲۶فروری/ ایس این این/ وزیر اعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں مرکز وادی کشمیر میں رابطے اور ترقی کو ترجیح دیتا رہے گا کی بات کرتے ہوئے بی جے پی کے قومی جنرل سیکرٹری ترون چھگ نے کہا کہ سرینگر ہوائی اڈہ کی توسیع سیاحت اور روزگار کو فروغ دینے میں مدد کریں گا۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق بی جے پی کے قومی جنرل سیکرٹری ترون چھگ نے کہا کہ اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی کی طرف سے سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سول انکلیو کی توسیع اور ترقی کیلئے 1,677 کروڑ روپے کی منظوری کے بعد وادی خطے کی اقتصادی ترقی کیلئے ایک بڑی چھلانگ لگائے گی۔ چھگ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں مرکز وادی کشمیر میں رابطے اور ترقی کو ترجیح دیتا رہے گا۔ مجوزہ اسٹیگر یٹڈ ٹرمینل بلڈنگ، 173 ایکڑ پر پھیلی ہوئی ہے جس کا کل تعمیر شدہ رقبہ 71,500 مربع میٹر ہے۔ چھگ نے پانی کی ذخیرہ اندوزی، توانائی کے موثر نظاموں، ماحول دوست مواد کے انتظامات پر روشنی ڈالتے ہوئے منصوبے کے پائیدار توجہ کی مزید تعریف کی۔ انہوں نے اس تبدیلی کے فیصلے کے لیے وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی کابینہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ جموں وکشمیر میں خوشحالی اور استحکام کے ایک نئے دور کے آغاز کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

پولیس نے اونتی پورہ میں کوئز مقابلہ اور صفائی مہم کا انعقاد کیا

سرینگر/۲۶فروری/(آفاق نیوز) سردار ولبھ بھائی پٹیل کی زندگی کی وژن اور ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے وقف جاری سال بھر کے پروگرام کے ایک حصے کے طور پر، جموں وکشمیر پولیس نے گورنمنٹ میں کوئز مقابلے کا انعقاد کیا۔ جو بوائز ہائر سیکنڈری اسکول، پامپور، اور جوالا جی مندر اور حضرت شریف الدین ولی (شوک باب صاحب) نمبلبل پامپور کے مزار پر اور فیض پناہ ترال حضرت امیر کبیر میر سید ہمدانی پر صفائی مہم چلائی۔ کوئز مقابلے کا مقصد ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں پٹیل کے اہم کردار، 560 سے زیادہ شاہی ریاستوں کو ہندوستانی یونین میں ضم کرنے میں ان کی قیادت، اور قومی اتحاد اور سالمیت میں ان کی دیرپا شراکت کے بارے میں طلباء کی بیداری (بقیہ۶پر)

سوپور میں منشیات فروش گرفتار، ممنوعہ مواد برآمد: پولیس

سری نگر/۲۶فروری (آفاق نیوز) منشیات اسمگلنگ کے خلاف جاری ہمہ گیر مہم میں سوپور پولیس نے ایک منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کی تحویل سے ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ سوپور پولیس نے چوک موڑ اقبال نگر سوپور میں ناکہ چیکنگ کے دوران ایک مشتبہ شخص کو دھر لیا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے اسپاسمو پروکسی وون پلس کیپسولز اور اپرازولام گولیاں برآمد کی گئیں جس کے بعد اس کو برسر موقع ہی گرفتار کیا گیا۔ ملزم کی شناخت عمر طارق ولد طارق احمد ڈار ساکن بٹہ پورہ سوپور کے طور پر کی گئی ہے۔ پولیس ترجمان نے کہا کہ اس ضمن میں پولیس اسٹیشن سوپور میں (بقیہ۶پر)

مغل روڈ پر جمعہ کو ٹریفک کی نقل وحمل بحال ہوگی: حکام

سری نگر/۲۶فروری (ایجنسیز) حکام کا کہنا ہے کہ جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں کو صوبہ جموں کے راجوری اور پونچھ اضلاع کے ساتھ جوڑنے والے تاریخی مغل روڈ پر دو مہینوں کے بعد 27 فروری یعنی جمعہ کے روز ٹریفک بحال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک کی بحالی موسمی حالات اور کسی بھی غیر متوقع واقعے سے مشروط ہے۔ مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ٹریفک پولیس کی طرف سے جاری کردہ ایڈوائزری پر سختی سے عمل کریں۔ حکام نے بتایا کہ 52 آر سی سی (جی آر ای ایف) کے افسر کمانڈنگ، بی آر او، کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ لینڈ سلائیڈنگ، پتھر کھسنے یا برفانی تودے گرآنے کی وجہ سے سڑکوں پر (بقیہ۶پر)

سری نگر اور بانڈی پورہ میں آتشزدگی کے واقعات

کاٹن فیکٹری اور 17 دکانیں خاکستر

سری نگر/۲۶فروری (ایجنسیز) وادی کشمیر کے بانڈی پورہ اور سری نگر میں جمعرات کی صبح پیش آئے دو الگ الگ آتشزدگی کے واقعات میں کروڑوں روپے مالیت کی املاک راکھ کے ڈھیر میں تبدیل ہوگئیں۔ بانڈی پورہ کے مصروف مین مارکیٹ میں صبح کے وقت نمودار ہونے والی آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے بڑے حصے کو لپیٹ میں لے لیا، جبکہ سری نگر کے ایچ ایم ٹی انڈسٹریل ایریا میں ایک کاٹن پروسیسنگ فیکٹری شدید شعلوں کی زد میں آگئی۔ بانڈی پورہ ٹریڈ یونین کے صدر علی محمد نے بتایا کہ ابتدا میں شروع ہونے والی آگ نے محض چند منٹوں میں 15 سے 20 دکانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جن میں سے 17 دکانوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بھیانک واقعے میں کروڑوں روپے کی املاک لمحوں میں خاکستر ہوگئی۔ علی محمد کے مطابق فائر اینڈ ایمرجنسی اہلکاروں نے بھرپور کوشش کی، تاہم جدید مشینوں کی کمی ان کی کارروائی میں رکاوٹ بنی۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی کہ متاثرین کو فوری ریلیف اور مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ تباہ حال دکاندار اپنے روزگار کو دوبارہ سنبھال سکیں۔ فائر اینڈ ایمرجنسی کے ایک عہدیدار نے تصدیق کی کہ بانڈی پورہ میں تین عمارتوں میں قائم متعدد دکانوں کو نقصان پہنچا ہے۔ پولیس نے (بقیہ۶پر)

پولیس اسٹیشنوں میں سی سی ٹی وی انفراسٹرکچر کو معیاری بنانے کیلئے پہل

عدالت عظمیٰ نے مرکز اور دیگر ایجنسیوں کو خصوصی میٹنگ میں شرکت کی ہدایت دی

سرینگر/۲۶فروری/ ایس این این/ عدالت عظمیٰ نے مرکز اور دیگر کو ہدایت دی کہ وہ مرکزی ڈیش بورڈ بنانے اور پولیس اسٹیشنوں میں سی سی ٹی وی انفراسٹرکچر کو معیاری بنانے کیلئے میٹنگ میں حصہ لیں۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق جسٹس وکرم ناتھ اور سندیپ مہتا کی بنچ نے سینئر ایڈوکیٹ سدھارتھ دیوے کی عرضی کے بعد یہ حکم دیا۔ امیکس کیوری کے طور پر عدالت کی مدد کرتے ہوئے ڈیو نے عدالت کو بتایا کہ 29 جنوری کے ایک حکمنامہ کے مطابق 21 فروری کو ایک میٹنگ ہوئی تھی، لیکن یونین، دہلی حکومت اور کچھ دیگر ریاستوں نے اس میں حصہ نہیں لیا اور اس وجہ سے، وہ ضرورت کے مطابق رپورٹ داخل نہیں کر سکا۔ عرضی کو نوٹ کرتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے حکم دیا ''یونین آف انڈیا کے وکیل نے پہلے ہی معذرت کر لی ہے کہ کچھ کمیونیکیشن گیپ کی وجہ سے، وہ میٹنگ میں شرکت نہیں کر سکا۔ تاہم، وہ ہمیں یقین دلاتا ہے کہ اگلی میٹنگ میں وہ ہر طرح کا تعاون کریں گے''۔ بنچ نے مزید کہا ''امیکس نے 14 مارچ 2026 کو میٹنگ کے لیے اگلی تاریخ کے طور پر تجویز کیا ہے۔ میٹنگ کو پہلے کی ہدایت کے مطابق 14 مارچ 2026 کو ہونے دیں۔ اب یہ معاملہ 23 مارچ کو سماعت کیلئے رکھا گیا ہے''۔ سپریم کورٹ نے اس سے قبل میڈیا رپورٹ کا نوٹس لیتے ہوئے (بقیہ۶پر)

مینڈھر پونچھ میں طالب علم کی نعش برآمد

کیس رجسٹر، تحقیقات جاری

سرینگر/۲۶فروری/اے پی آئی/مینڈھر پونچھ میں بیس سالہ طالب علم کی نعش پُراسرار طور پر برآمد ہوگئی، پولیس نے نعش کو اپنی تحویل میں لے کر لوازمات پورے کرنے کے بعد تحقیقات شروع کردی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق مینڈھر پونچھ کے علاقے میں 24 اور 25 فروری کو طالب علم واجد علی ولد محمد ریاض اپنے رشتہ دار کانٹی کی طرف روانہ ہوا تاہم پھر دوبارہ گھر نہیں لوٹا، لواحقین نے اس سے ہر ممکنہ جگہ پر تلاش کیا تاہم اس کا کوئی اتہ پتہ معلوم نہیں ہوا۔ اگلے دن مذکورہ طالب علم کی نعش سنسان جگہ پر پائی گئی اور مقامی لوگوں نے اس سلسلے میں پولیس کو آگاہ کیا۔ پولیس پارٹی جائے موقع پر پہنچ گئی اور نعش کو اپنی تحویل میں لے کر قانونی لوازمات پورے کئے اور (بقیہ۶پر)

رمضان المبارک کے ایام متبرکات میں گراں بازاری

لوگوں کیلئے باعث پریشانی، مارکیٹ چیکنگ کو معمول بنانا لازمی

سرینگر/۲۶فروری/ کے پی ایس/رمضان المبارک کے ایام متبرکات میں مسلمانوں کے لئے انصاف اور تقویٰ کرنے کی ضرورت ہے لیکن ہمارے یہاں آج بھی بازاروں میں ایسی گراں بازاری اور ناجائز منافع خوری چل رہی ہے کہ عام اور سادہ لوح لوگ پریشان حال ہوئے ہیں۔ کشمیر پریس سروس کے موصولہ اطلاعات کے مطابق اشیائے خوردنی کے چیزوں، سبزی اور میوہ جات میں دکانداروں نے من مانی قیمتیں لگائی ہے جس سے عام اور مزدور طبقہ کے لوگ پریشان حال ہیں کیونکہ ان کی آمدنی خرچات سے بالکل کم ہوتی ہے۔ اس سے پہلے اگرچہ وہ کھانے پینے کی چیزوں میں اعتدال پر قیمتیں ہونے سے خرید کر اپنے اہل وعیال کو دو وقت کی روٹی فراہم کر سکتے تھے لیکن آج جب سبزی فی کلو 50-60 روپے پہنچ گئی ہے اور دیگر اجناس کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ کیا گیا ہے تو اس صورتحال میں وہ مشکل سے بھی اخراجات پورا نہیں کر سکتے ہیں اور اکثر لوگوں کی یہ شکایت ہے کہ غیر رمضان کے بجائے آج چیزوں کی قیمتوں میں دوگنا اضافہ کیا گیا ہے جبکہ مزدوری یا غیر سرکاری اداروں میں کام کرنے والے ملازمین کی تنخواہیں یا تو جوں کی توں ہیں یا تو اقتصادی بحران کے باعث کم کی گئی ہے۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ عام لوگوں کی زندگی مہنگائی کے اس دوران میں (بقیہ۶پر)

اسلامک یونیورسٹی میں عالمی یومِ مادری زبان کی شاندار تقریب کا انعقاد

مادری زبانوں کے تحفظ اور فروغ کی اہمیت پر زور

اونتی پورہ/۲۶فروری/شافعیہ گلفام/ اسلامک یونیورسٹی IUST اونتی پورہ میں عالمی یوم مادری زبان کے سلسلے میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد ہوا یہ تقریب یونیورسٹی کے حبہ خاتون مرکز برائے کشمیری زبان وادب، جی اینڈ کے اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز اور ینگ ڈراما سٹس سوسائٹی سرینگر کے اشتراک سے یونیورسٹی کیمپس میں منعقد کی گئی تھی۔ تقریب کا آغاز کانفرنس ہال میں افتتاحی نشست سے ہوا جہاں ڈاکٹر افشانہ نے خطبۂ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے معزز مہمانوں کا والہانہ استقبال کیا۔ اس موقع پر معزز شخصیات کی گلپوشی کی گئی۔ بعد ازاں ڈین اسکول آف ہیومینٹیز اینڈ سوشل سائنسز پروفیسر افروز احمد بساطی اور ڈین اکیڈمک افیئرز پروفیسر اے ایچ مون نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مادری زبانوں کے تحفظ اور فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر مجروح رشید اور مہمانِ اعزازی پروفیسر شفیع شوق نے اپنے بصیرت افروز خطابات میں زبان کے ثقافتی شناخت، تہذیبی ورثے اور نئی نسلوں تک اس کی منتقلی میں کردار کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر پروفیسر شفیع شوق، پروفیسر رشید مجروح، ڈاکٹر سید افتخار احمد (جے کے اے اے سی ایل) اور ڈاکٹر ارشاد شمسی (اے ایس کالج) کو کشمیری زبان وادب اور ثقافت کے فروغ میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا گیا۔ تقریب کے اختتام پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل (بقیہ۶پر)

Myantra کی جانب سے 'برتھ ڈے بلاسٹ' کا اعلان

یہ سیل 28 فروری سے باقاعدہ طور پر شروع ہو گی

سرینگر/۲۶فروری/ایک بیان کے مطابق بھارت میں فیشن، بیوٹی اور لائف اسٹائل کے صف اول کے آن لائن پلیٹ فارمز میں سے ایک میٹرا (Myntra) نے اپنی 19ویں سالگرہ کی مناسبت سے اسمیٹر ابرتھ ڈے بلاسٹ ' کا اعلان کیا ہے۔ یہ سیل 28 فروری سے باقاعدہ طور پر شروع ہوگی، جبکہ میٹر انسائیڈر (Insider (Myntra صارفین کے لیے وی آئی پی رسائی (VIP access(24) گھنٹے پہلے، یعنی 27 فروری سے دستیاب ہوگی۔ اس بار خریداروں کے لیے انتہائی پرکشش آفرز پیش کی جارہی ہیں، جن میں فیشن، بیوٹی اور لائف اسٹائل کے زمروں میں 20,000 سے زائد بین الاقوامی اور مقامی (India (-Made-in برانڈز کے 60 لاکھ سے زائد اسٹائلز کا وسیع انتخاب شامل کیا گیا ہے۔ اس ایڈیشن (سیل) میں جن کیٹیگریز میں غیر معمولی تیزی کی توقع ہے، ان میں خواتین اور مردوں کا روایتی لباس، بیوٹی اور پرسنل کیئر، اور گھڑیاں دو ویئر ایبلز شامل ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ شادیوں کا سیزن اور آنے والے تہوار جیسے عید اور ہولی کی مانگ ہے۔ دیگر زمرہ جات جن میں بھرپور طلب متوقع ہے، ان میں خواتین اور مردوں کے ویسٹرن ویئر، مردانہ ملبوسات، اسپورٹس ویئر، اور بہار وموسم گرما کی ضروریات شامل (بقیہ۶پر)

اوڑی میں ایمنسٹی کیمپ کا انعقاد، مقامی لوگوں نے بھرپور شرکت

ایمنسٹی کیمپ ہفتہ کے روز بونیار میں بھی منعقد ہوگا

سرینگر/۲۶فروری/(نامہ نگار) ایم ایل اے اوڑی کی ہدایات پر محکمہ بجلی (پی ڈی ڈی) نے اُوڑی کے آفیسرز کلب میں ایک ایمنسٹی کیمپ کا انعقاد کیا تاکہ صارفین کو جاری ایمنسٹی اسکیم سے فائدہ اٹھانے اور آخری تاریخ سے پہلے اپنے بقایا جات نمٹانے میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ کیمپ میں مقامی لوگوں نے بھرپور شرکت کی اور اپنے بقایا بجلی بلوں اور دیگر متعلقہ مسائل کو ایمنسٹی اسکیم کے تحت حل کروایا۔ محکمہ کے افسران موقع پر موجود تھے جنہوں نے صارفین کی رہنمائی کی اور شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر عمران لطیف نے اوڑی سب ڈویژن کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس اسکیم سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں کیونکہ یہ 31 مارچ 2026 کو اختتام پذیر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات کا مقصد صارفین کو راحت فراہم کرنا اور محکمہ بجلی میں شفافیت اور بہتری لانا ہے۔ انہوں نے عوام سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ بڑی تعداد میں آگے آئیں اور اسکیم کے اختتام سے قبل اپنے بقایا جات ادا کریں تاکہ ایمنسٹی پروگرام کے تحت دی جانے والی رعایتوں سے مستفید ہو سکیں۔ گزشتہ روز چندن واری میں بھی ایک کیمپ کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا جہاں بڑی تعداد میں مقامی لوگوں نے اسکیم سے فائدہ اٹھایا۔ حکام کے مطابق اسی نوعیت کا ایک اور ایمنسٹی کیمپ ہفتہ کے روز بونیار میں منعقد کیا جائے گا۔ عوام کو ترغیب دی گئی ہے کہ وہ اس سہولت (بقیہ۶پر)

پولیس نے اونتی پورہ میں پوکسو کیسز کی

موثر تحقیقات پر خصوصی اجلاس منعقد کیا

سرینگر/۲۶فروری/(آفاق نیوز) جموں وکشمیر پولیس نے ڈی پی ایل اونتی پورہ کے کانفرنس ہال میں پروٹیکشن آف چلڈرن فرام سیکسوئل آفنس (پی او سی ایس او) ایکٹ کے تحت مقدمات کی موثر تفتیش پر ایک خصوصی تربیتی سیشن کا اہتمام کیا۔ اس پروگرام کا مقصد بچوں سے متعلق حساس معاملات سے نمٹنے کے لیے تفتیشی افسران (IOs) کی پیشہ ورانہ اہلیت کو مضبوط بنانا تھا۔ سیشن میں POCSO ایکٹ کی قانونی دفعات، متاثرین پر مبنی نقطہ نظر کو اپنانے، مناسب دستاویزات، سائنسی ثبوتوں کے جمع کرنے، طبی اور فرانزک ٹیموں کے ساتھ ہم آہنگی، اور تحقیقات کی بروقت تکمیل پر توجہ مرکوز کی گئی۔ شری معراج الدین وانی چیف ایل اے ڈی سی پلوامہ اور شری سمیر یا تو اسسٹنٹ ایل اے ڈی سی پلوامہ نے سیشن میں بطور مہمان سپیکر شرکت کی اور اس طرح کے معاملات سے نمٹنے کے دوران طریقہ کار کے تحفظات، بچوں کے موافق طرز عمل اور رازداری اور حساسیت کو برقرار رکھنے کے بارے میں تفصیلی لیکچر دیا۔ اس پروگرام میں سینئر پراسیکیوٹنگ آفیسر ڈی پی او اونتی پورہ، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، پولیس چوکیوں کے آئی سی اور پولیس ڈسٹرکٹ اونتی پورہ کے تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ پولیس اونتی پورہ کے سینئر افسران نے بھی شرکاء سے بات چیت کی اور متاثرین کے لیے انصاف اور مجرموں کی جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے قانونی رہنما اصولوں پر سختی (بقیہ۶پر)

پولیس نے ہندواڑہ اور بڈگام میں 'تھانہ دیوس' منایا

مقامی لوگوں نے پولیسنگ سے متعلق مختلف مسائل اور شکایات کو ابھارا

سرینگر/۲۶فروری/کمیونٹی کے ساتھ قریبی تعلقات کو فروغ دینے اور جوابدہ پولیسنگ کو یقینی بنانے کی ایک مسلسل مہم میں، جموں وکشمیر پولیس نے تھانہ ہندواڑہ، پولیس اسٹیشن قلم آباد، پولیس پوسٹ ماگام اور پولیس پوسٹ لنگیٹ کے ساتھ بڈگام ضلع میں تھانہ دیوس میٹنگوں کا اہتمام کیا۔ متعلقہ دائرہ اختیار کے افسران کی زیر صدارت ان تقریبات میں مقامی باشندوں کی پرجوش شرکت دیکھنے میں آئی، جنہوں نے پولیسنگ سے متعلق مختلف مسائل اور شکایات کو اٹھایا۔ افسران نے عوام کو یقین دلایا کہ تمام حقیقی خدشات کو فوری طور پر دور کیا جائے گا۔ شرکاء نے اس طرح کے پروگراموں کے انعقاد پر پولیس کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ بات چیت اعتماد پیدا کرنے، شفافیت کو بڑھانے اور (بقیہ۶پر)

وزیر خارجہ جے شنکر نے یو این ایچ آر سی

میں دہشت گردی کے خلاف سخت پیغام بھیجا

نئی دہلی/26 فروری/ایم این این/امور خارجہ کے وزیر ایس جے شنکر نے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 61ویں اجلاس سے عملی طور پر خطاب کرتے ہوئے، سب کے لیے انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے ہندوستان کے ثابت قدم عزم کی تصدیق کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ انسانی حقوق ہندوستان کی تہذیبی اقدار میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں، تصادم پر بات چیت، تقسیم پر اتفاق، اور تنگ مفادات پر انسانی مرکوز ترقی پر زور دیتے ہیں۔ جے شنکر نے دہشت گردی کو انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی اور عالمی سطح پر زیرو ٹالرینس پر زور دیا۔ اس بات کو اجاگر کرتے ہوئے کہ کہیں بھی عدم تحفظ یا پسماندگی سب کی بھلائی کے لیے خطرہ ہے، انہوں نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ مل کر کام کریں۔ ہندوستان کا موقف امن، سلامتی اور عالمی انسانی حقوق کے لیے اصولی نقطہ نظر کی عکاسی کرتا ہے۔

ہندوستان کے خلائی ماحولیاتی نظام کو سائبر تحفظ کی ڈھال،

ایس آئی اے-انڈیا اور سی ای آر ٹی-اِن نے مشترکہ رہنما ہدایات جاری کیں

نئی دہلی، 26 فروری (یو این آئی) خلائی سائبر سکیورٹی، بشمول سیٹلائٹ مواصلاتی نظام، ہندوستان کے خلائی ڈھانچے کے لیے نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ یہ نظام دور دراز اور اسٹریٹجک علاقوں میں رابطے کے بنیادی ذریعہ کے طور پر کام کرتے ہیں، قومی سلامتی کی کارروائیوں کی معاونت کرتے ہیں، آفات سے نمٹنے کے نظام کو مضبوط بناتے ہیں، رہنمائی اور نشریاتی خدمات کو سہولت فراہم کرتے ہیں، اور ملک کی ترقی اور پائیداری کے لیے ضروری وسیع معاشی سرگرمیوں کی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ حکومتِ ہند کی الیکٹرانکس و اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت (ایم ای آئی ٹی وائی) کے تحت کام کرنے والی انڈین کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (سی ای آر ٹی-اِن) نے ایس آئی اے-انڈیا کے اشتراک سے خلائی سائبر سکیورٹی کے لیے ایک جامع فریم ورک اور رہنما ہدایات تیار کی ہیں، جن کا مقصد خلائی مواصلاتی اثاثوں کو محفوظ بنانا اور ہندوستان کے خلائی ماحولیاتی نظام کی مضبوطی میں تعاون فراہم کرنا ہے۔ یہ رہنما دستاویز 24 تا 26 فروری 2026 کو نئی دہلی میں منعقدہ ڈیف سیٹ کانفرنس اینڈ ایکسپو-2026 کے دوران جاری کی گئی۔ یہ رہنما ہدایات مشاورتی نوعیت کی ہیں اور ان کا مقصد خلائی شعبے میں سائبر سکیورٹی تیاریوں کو فروغ دینا ہے۔ اس فریم ورک کو اس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے کہ یہ خلائی ماحولیاتی نظام کے مختلف شراکت داروں-جن میں سرکاری ایجنسیاں، سیٹلائٹ سروس فراہم کرنے والے، گراؤنڈ اسٹیشن آپریٹرز، آلات ساز کمپنیاں اور نجی خلائی ادارے شامل ہیں-کی معاونت کر سکے۔ ضروری سائبر سکیورٹی اصولوں، تجویز کردہ کنٹرولز اور واضح ذمہ داریوں کی نشاندہی کے ذریعے یہ رہنما خطوط پورے شعبے میں مضبوطی، جوابدہی اور پیشگی خطرہ نظم و نسق کے فروغ کی کوشش کرتے ہیں۔ سی ای آر ٹی-اِن کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر سنجے باہل نے کہا: سی ای آر ٹی-اِن بھارت کے تمام شعبوں میں سائبر مضبوطی کو تقویت دینے کے لیے پُرعزم ہے۔

ملک میں پرامن احتجاج سب سے بڑا جرم بن گیا ہے: راہل گاندھی

پریشان نوجوانوں کے مظاہروں پر لاٹھی چارج کیا گیا

نئی دہلی، 26 فروری (یو این آئی) لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے جمعرات کے روز مرکزی حکومت پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے دور حکومت میں پرامن احتجاج سب سے بڑا جرم بن گیا ہے۔ مسٹر راہل گاندھی نے کہا کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کو اس سمت میں دھکیلا جا رہا ہے جہاں اختلاف رائے کو غداری سمجھا جاتا ہے اور سوال پوچھنے کو سازش بتایا جاتا ہے۔ مسٹر راہل گاندھی نے سوشل میڈیا کے ذریعے کہا کہ اگر کوئی شہری آئینی طریقے سے حکومت کے خلاف آواز اٹھاتا ہے تو اسے لاٹھی چارج، مقدمہ اور قید کی سزا کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مختلف مظاہروں کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپر لیک سے پریشان نوجوانوں کے مظاہروں پر لاٹھی چارج کیا گیا۔ خواتین ریسلرز کی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سنگین الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرنے والی کھلاڑیوں کی آواز کو دبانے کی کوشش کی گئی اور ان کی تحریک کو کچل دیا گیا۔ اسی طرح عصمت دری کی متاثرہ کی حمایت میں انڈیا گیٹ پر پرامن احتجاج کو بھی ہٹا دیا گیا۔ امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدے کے خلاف یوتھ کانگریس کے احتجاج کا ذکر کرتے ہوئے، کانگریس لیڈر نے الزام لگایا کہ پرامن مظاہرین کو گرفتار کیا گیا اور انہیں ملک دشمن" قرار دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ زبریلی ہوا کے خلاف آواز اٹھانے والوں اور کسانوں کی تحریک کو بھی جبر کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ جب قبائلی برادریاں پانی، جنگلات اور زمین پر اپنے حقوق کا مطالبہ کرتی ہیں تو انہیں بھی شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ کیسی جمہوریت ہے جہاں وزیر اعظم سوالوں سے ڈرتے ہیں۔

آن لائن گیم کے قرض سے

پریشان باپ نے کنبہ سمیت زہر پی لیا

شہڈول، 26 فروری (ایجنسیز) مدھیہ پردیش میں ضلع شہڈول کی پرانی بستی علاقے میں آن لائن گیم میں قرض ہونے سے پریشان ایک شخص نے کنبہ سمیت زہر پی لیا، جس سے اس کی نابالغ بیٹی اور خود اس کی موت ہوگئی، جب کہ اس کی بیوی کا علاج چل رہا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق شنکر لال گپتا (40) نے 24 فروری کی رات کولڈ ڈرنک میں زہر ملا کر اپنی بیوی اور 16 سالہ بیٹی سواتی گپتا کے ساتھ پی لیا۔ اس واقعہ کے بعد سب کی طبیعت بگڑ گئی۔ سواتی گپتا کی علاج کے دوران پہلے ہی موت ہوگئی۔ شنکر لال گپتا کو تشویشناک حالت میں شہڈول میڈیکل کالج میں داخل کرایا گیا، جہاں 25 فروری کی شام اس کی بھی موت ہوگئی۔ شنکر کی بیوی راج کماری گپتا کا علاج جاری ہے اور ڈاکٹر اسے بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پولیس نے معاملہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق یہ قدم آن لائن گیم کے قرضوں کی وجہ سے اٹھایا گیا۔

سکیورٹی فورسز اور نکسلیوں کے درمیان تصادم، دو ماؤنواز ہلاک

بیجاپور، 26 فروری (یو این آئی) چھتیس گڑھ میں ضلع بیجاپور کے اندراوتی ندی علاقے میں آج سکیورٹی فورسز اور نکسلیوں کے درمیان مڈبھیڑ میں دو وردی پوش ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ جائے وقوعہ سے کثیر مقدار میں اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد ہوئے ہیں۔ یہ انکاؤنٹر اس وقت ہوا جب مشترکہ سکیورٹی ٹیم ماؤنواز مخالف آپریشن پر تھی۔ بیجاپور کے پولیس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر جتیندر یادو نے بتایا کہ اندراوتی ندی علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کی درست اطلاع ملنے کے بعد مشترکہ ٹیم تشکیل دی گئی اور اسے آپریشن پر روانہ کیا گیا۔ آج صبح جب سکیورٹی فورسز تلاشی مہم پر تھے تو نکسلیوں نے ان پر اندھا دھند گولیاں چلا دیں۔ سکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کی اور فائرنگ کا تبادلہ تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہا۔ فائرنگ کم ہونے کے بعد علاقے کی تلاشی لینے پر دو ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد ہوئیں۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ نے بتایا کہ ہلاک ہونے والے ماؤنوازوں نے وردی پہن رکھی تھی۔

پیوش گوئل سے امریکی وزیر تجارت ہوورڈ لٹنیک کی ملاقات

امریکہ کی نئی درآمدی پالیسی کے اثرات پر تبادلہ خیال

نئی دہلی، 26 فروری (یو این آئی) امریکہ کے وزیر تجارت ہوورڈ لٹنیک نے جمعرات کو یہاں ہندوستان کے وفاقی وزیر برائے تجارت وصنعت پیوش گوئل سے ملاقات کی۔ اگرچہ اس ملاقات کی باقاعدہ تفصیلات جاری نہیں کی گئی ہیں، تاہم سفارتی حلقوں کا ماننا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے عبوری معاہدے اور امریکہ کی نئی درآمدی پالیسی کے اثرات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس ملاقات میں ہندوستان میں متعین امریکی سفیر سرجیو گور بھی موجود تھے۔ وزیر تجارت نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'X' پر لکھا کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی شراکت داری کو وسعت دینے کے حوالے سے مثبت بات چیت" ہوئی ہے۔ اس دورے کی اہمیت حالیہ قانونی اور انتظامی تبدیلیوں کی وجہ سے مزید بڑھ گئی ہے۔ اس کے تحت امریکہ میں ہندوستانی مصنوعات پر 18 فیصد درآمدی ڈیوٹی عائد کی گئی تھی اور ہندوستانی منڈیوں کو امریکی مصنوعات کے لیے کھولنے کا منصوبہ تھا۔ امریکی سپریم کورٹ نے ٹرمپ انتظامیہ کے ان احکامات کو کالعدم قرار دے دیا تھا جن کے تحت پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر مختلف ممالک پر بھاری ڈیوٹی لگائی گئی تھی۔ عدالتی فیصلے کے بعد، امریکی حکومت نے 24 فروری سے 150 دنوں کے لیے تمام ممالک پر 10

فیصد یکساں درآمدی ڈیوٹی لگانے کا حکم جاری کیا ہے۔ امریکہ کی جانب سے درآمدی ڈیوٹی کی شرح میں اس اچانک تبدیلی کے بعد ہندوستانی حکام نے اس ہفتے کے آغاز میں امریکہ جانے والے اپنے وفد کا دورہ منسوخ کر دیا تھا۔ اب ہوورڈ لٹنیک کی دہلی آمد کو ان خدشات کو دور کرنے اور ایک نئے تجارتی توازن کی تلاش کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

بی جے پی کا کانگریس پر اے آئی کانفرنس میں سازش کا الزام

نہرو نے کئی بار ملک کے مفادات سے سمجھوتہ کیا: بی جے پی

کشمیر کے معاملے کو اقوام متحدہ میں لے جانے کے فیصلے پر بھی سوالات اٹھائے

نئی دہلی، 26 فروری (یو این آئی): بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے اے آئی کانفرنس میں کانگریس کے احتجاج کو ایک سوچی سمجھی سازش قرار دیتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ اس سے بین الاقوامی سطح پر ہندوستان کی شبیہ خراب کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ پارٹی ترجمان سنبت پاترا نے بدھ کو یہاں بی جے پی ہیڈکوارٹر میں منعقدہ پریس کانفرنس میں کانگریس پر الزام لگاتے ہوئے دعویٰ کیا کہ سوشل میڈیا پر ایسے پیغامات اور اسکرین شاٹس سامنے آئے ہیں، جن میں کچھ لوگوں کو عالمی اے آئی کانفرنس کے خلاف ٹویٹ یا ریل بنانے کے بدلے 25 ہزار سے ڈیڑھ لاکھ روپے تک کی پیشکش کی گئی ہے۔ مسٹر پاترا نے ملک کے پہلے وزیر اعظم جواہر لال نہرو پر بھی ملک کے مفادات کے ساتھ کئی بار سمجھوتہ کرنے کا الزام لگایا۔ ڈاکٹر پاترا نے کہا کہ اے آئی کانفرنس کی مخالفت میں ٹویٹس اور ریلز بنانے کے دعووں کو کچھ میڈیا چینلز نے بھی نشر کیا ہے۔ ان کے مطابق، یہ سب ہندوستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی پہلے سے طے شدہ سازش کا حصہ ہے۔ انہوں نے کانگریس کی قیادت اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ کمپرومائزڈ' سمجھوتہ) کا لفظ استعمال کرنے سے پہلے کانگریس کو اپنی تاریخ کا جائزہ لینا چاہیے۔ انہوں نے نہرو کی پالیسیوں پر سوال اٹھاتے ہوئے خارجہ پالیسی، سرحدی سلامتی اور بین الاقوامی فیصلوں کے حوالے سے سنگین الزامات لگائے۔ ڈاکٹر پاترا نے 1954 کے پنچ شیل معاہدے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تبت اور اکسائی چن سے متعلق اس دور کے فیصلوں کے منفی اثرات کا سامنا ملک آج بھی کر رہا ہے۔

وزیر اعظم نے کھل کر اسرائیل کا دفاع کیا: کانگریس

نئی دہلی، 26 فروری (یو این آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے بدھ کے روز تل ابیب میں اسرائیل کی پارلیمنٹ میں دیے گئے اپنے خطاب میں مکمل طور پر اسرائیل کا دفاع کیا ہے۔ کانگریس کے شعبہ ابلاغ کے انچارج جے رام رمیش نے جمعرات کے روز یہاں ایک بیان میں کہا کہ اسرائیلی پارلیمنٹ کنیسیٹ' میں مسٹر مودی نے جو کچھ بھی کہا وہ اسرائیل کے دفاع میں تھا۔ کانگریس مسلسل مطالبہ کرتی رہی ہے کہ اسرائیلی پارلیمنٹ میں مسٹر مودی غزہ میں ہوئے قتل عام کا مسئلہ بھی اٹھائیں۔ جے رام رمیش نے کہا کہ کل کنیسٹ میں دیے گئے اپنے خطاب میں جو اُن کے میزبان کا کھلا دفاع تھا۔ مودی نے اس حقیقت کی طرف توجہ دلائی کہ جس دن اُن کی پیدائش ہوئی تھی، اسی دن ہندوستان نے اسرائیل کو ایک نئے ملک کے طور پر تسلیم کیا تھا۔ کانگریس لیڈر نے اسرائیل کے قیام سے متعلق تفصیلی بیان میں کہا کہ 13 جون 1947 کو البرٹ آئن اسٹائن نے اسرائیل کے قیام کے موضوع پر جواہر لعل نہرو کو خط لکھا تھا۔ ایک ماہ بعد جواہر لعل نہرو نے آئن اسٹائن کو اس کا جواب دیا۔ 5 نومبر 1949 کو دونوں کی ملاقات پرنسٹن میں واقع آئن اسٹائن کے گھر پر ہوئی تھی۔ نومبر 1952 میں آئن اسٹائن کو اسرائیل کے صدر کے عہدے کی پیشکش کی گئی تھی، جسے انہوں نے مسترد کر دیا۔ اپریل 1955 میں اُن کے انتقال سے کچھ عرصہ قبل آئن اسٹائن اور نہرو کے درمیان ایٹمی دھماکوں اور ہتھیاروں کے مسئلے پر خطوط کا تبادلہ بھی ہوا تھا۔

ہوائی ٹکٹ بکنگ کے 48 گھنٹے کے اندر مفت منسوخ کئے جانے کی اجازت

زیادہ سے زیادہ مدت اور کم از کم ریفنڈ کی حد بھی مقرر

نئی دہلی، 26 (ایجنسیز) ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن (ڈی جی سی اے) نے ریفنڈ سے متعلق فضائی مسافروں کی بڑھتی ہوئی شکایات کے پیش نظر نئے ضوابط جاری کیے ہیں، جن کے تحت بکنگ کے 48 گھنٹوں کے اندر بغیر کسی فیس کے ٹکٹ منسوخ یا اس میں تبدیلی کی جا سکے گی۔ ریگولیٹر نے ریفنڈ جاری کرنے کی زیادہ سے زیادہ مدت اور کم از کم ریفنڈ کی حد بھی مقرر کر دی ہے۔ اس مقصد کے لیے سول ایوی ایشن ریکوائرمنٹس (سی اے آر) میں ترمیم کی گئی ہے جن کے تحت ملک کے شہری ہوابازی شعبے کو منظم کیا جاتا ہے۔ نئے ضوابط 26 مارچ 2026 سے نافذ العمل ہوں گے۔ نئے قوانین کے مطابق ٹکٹ بکنگ کے بعد 48 گھنٹوں تک ایئر لائنز مسافروں کو لُک اِن آپشن' فراہم کریں گی۔ اس مدت کے دوران مسافر بغیر کسی اضافی فیس کے ٹکٹ منسوخ یا اس میں تبدیلی کر سکیں گے۔ تاہم اگر وہ کسی دوسری پرواز میں بکنگ کراتے ہیں تو دونوں کرایوں کے فرق کی ادائیگی انہیں خود کرنا ہوگی۔ لُک اِن آپشن سے فائدہ اٹھانے کے لیے گھریلو پروازوں کے لیے کم از کم سات دن پہلے اور بین الاقوامی پروازوں کے لیے 15 دن پہلے بکنگ کرانا ضروری ہوگا۔ یہ لازمی ہے بکنگ براہ راست ایئر لائن کے پلیٹ فارم کے ذریعے کی گئی ہو۔ مسافروں کو بکنگ کے 48 گھنٹے بعد کی جانے والی تبدیلیوں یا منسوخی کے لیے کینسلیشن چارجز ادا کرنے ہوں گے۔ مزید برآں، نئے ضابطے کے تحت اگر ٹکٹ ٹریول ایجنٹ یا ٹریول پورٹل کے ذریعے بک کیا گیا ہو تو بھی اہل مسافروں کو 14 دن کے اندر ریفنڈ فراہم کرنا ایئر لائن کی ذمہ داری ہوگی کیونکہ ایجنٹ ان کے مقرر کردہ نمائندے تصور کیے جاتے ہیں۔ مسافروں کی سہولت کے لیے ایک اور شق شامل کی گئی ہے کہ اگر ٹکٹ براہ راست ایئر لائن کے پلیٹ فارم سے بک کیا گیا ہو اور مسافر 24 گھنٹوں کے اندر نام میں غلطی کی اطلاع دے دے تو نام کی تصحیح پر کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔ اگر کسی مسافر یا ایک ہی پی این آر پر بک کیے گئے مسافروں میں سے کوئی ایک سفر کے دوران اسپتال میں داخل ہو جائے۔

ہندوستانی ریلوے میں ڈیجیٹل انقلاب:

ریل ٹیک پالیسی اور آر سی ٹی کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کا اعلان

نئی دہلی، 22 فروری 2026 (یو این آئی) اطلاعات و نشریات، اور الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے ٹیکنالوجی پر مبنی حکمرانی کو فروغ دینے کے لیے 52" ہفتے میں 52 اصلاحات "پہل کے تحت ریل ٹیک پالیسی اور ریلوے کلیمز ٹریبونل کی مکمل ڈیجیٹائزیشن کا اعلان کرتے ہوئے اسے اصلاح نمبر تین اور چار قرار دیا۔ ٹیکنالوجی پر مبنی حکمرانی اور اختراع پر مبنی تبدیلی کی سمت میں ایک بڑے قدم کے طور پر مسٹر اشونی ویشنو نے آج ریل ٹیک پالیسی اور ریلوے کلیمز ٹریبونل (آر سی ٹی) کو اصلاح نمبر تین اور اصلاح نمبر چار کے طور پر ہندوستانی ریلوے کے اہم ' 52 ہفتے میں 52 اصلاحات "پہل کے تحت مکمل ڈیجیٹائزیشن کا اعلان کیا۔ یہ پالیسی صارف دوست انٹرفیس فراہم کرتی ہے، اسکیل اپ کرانٹ میں تین گنا سے زیادہ اضافہ کرتی ہے اور پروٹو ٹائپ ڈویلپمنٹ اور ٹرائلز کے لیے زیادہ سے زیادہ گرانٹ کو دوگنا کرتی ہے۔ اہم اختراعی شعبوں میں اے آئی پر مبنی پلیفینٹ انٹروژن ڈیٹیکشن سسٹم (ای آئی ڈی ایس) کوچوں میں اے آئی پر مبنی آگ کا پتہ لگانے کا نظام، ڈرون پر مبنی ٹوٹی ہوئی ریل پٹری کا پتہ لگانے کا نظام، ریل کے کھینچاؤ کی نگرانی کا نظام، پارسل وینوں پر سینسر پر مبنی بوجھ کا حساب لگانے والا آلہ (وی پی یو) کوچوں پر مسی پینل، اے آئی پر مبنی کوچ کی صفائی کی نگرانی کا نظام، دھندلے ماحول میں رکاوٹوں کا پتہ لگانے اور اے آئی پر مبنی پنشن اور تنازعات کے حل کا نظام شامل ہیں۔ تیسری اصلاح کا خاکہ پیش کرتے ہوئے مسٹر ویشنو نے کہا کہ ریل ٹیک پالیسی ریلوے میں ٹیکنالوجی کو بڑے پیمانے پر اور منظم طریقے سے شامل کرنے کے قابل بنانے کے لیے بنائی گئی ہے۔

بھارت اور نیپال نے حیاتیاتی تنوع پر بین سرحدی تعاون

کو فروغ دینے کے لیے مفاہمت نامے پر دستخط کیے

نئی دہلی/26 فروری/ایم این این/ بھارت اور نیپال نے 25 فروری کو نئی دہلی میں ماحولیاتی تحفظ، جنگلات کے انتظام اور موسمیاتی تبدیلی میں دو طرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے ایک مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے۔ ایم او یو پر ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو اور نیپال کے جنگلات اور ماحولیات کے وزیر مادھو پرساد چولائین نے دستخط کیے۔ معاہدے کا مقصد جنگلی حیات کے تحفظ، ماحولیاتی تحفظ، حیاتیاتی تنوع اور موسمیاتی تبدیلیوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کی وزارت کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق، مفاہمت نامے میں زمین کی تزئین کی سطح پر حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کی حکمت عملیوں کی تشکیل پر زور دیا گیا ہے، جس میں ہاتھیوں، گنگا کے ڈولفن، گینڈے، برفانی چیتے، شیروں اور بھیڑ جیسی اہم انواع پر توجہ دی گئی ہے۔ اس معاہدے میں جنگلات اور محفوظ علاقے کے انتظام کو مضبوط کرنے، سرحدی تحفظ کے مناظر بنانے کے لیے راہداریوں اور دیگر باہم جڑے ہوئے علاقوں کو بحال کرنے، حیاتیاتی تنوع کو لاحق خطرات سے نمٹنے، جنگلات اور جنگلی حیات کے جرائم سے نمٹنے، نافذ کرنے والی ایجنسی کے عملے کی صلاحیت میں اضافہ، اور بایو ڈائیورسٹی ہاٹ سپاٹ میں پائیدار سبز بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ ہندوستان اور نیپال دونوں ہی اپنے علاقوں کے اندر محفوظ علاقوں کے وسیع نیٹ ورکس کے ساتھ بھرپور حیاتیاتی تنوع اور قدرتی ورثے کے مالک ہیں۔ دونوں ممالک متعدد کثیر الجہتی ماحولیاتی معاہدوں اور کنونشنوں کے فریق ہیں۔ ان کے مشترکہ ماحولیاتی نظام اور سرحدی جنگلی حیات کی رہائش گاہوں کو دیکھتے ہوئے، دونوں حکومتوں کے درمیان جنگلات، جنگلی حیات، ماحولیاتی تحفظ، حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں ہم آہنگی اور تعاون کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ ایم او یو پر دستخط سے جنگلی حیات اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں ہندوستان-نیپال کے تعاون کو گہرا کرنے اور مشترکہ ماحولیاتی نظام کے تحفظ اور خطے میں قدرتی وسائل کے پائیدار انتظام میں تعاون کی امید ہے۔

ہندوستان کے مستقل مشن نے جنیوا میں

عالمی تجارتی تنظیم میں خصوصی تجارتی سہولت سیشن کا اہتمام کیا

جنیوا/26 فروری/ایم این این/سنٹرل بورڈ آف بالواسطہ ٹیکس اور کسٹمز (سی بی آئی سی)، حکومت ہند نے جنیوا میں ڈبلیو ٹی او میں ہندوستان کے مستقل مشن کے ساتھ 24 فروری 2026 کو جنیوا میں ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈبلیو ٹی او) میں تجارتی سہولت سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ کے موقع پر تجارت پر خصوصی سیشن کا انعقاد کیا۔ خصوصی سکریٹری اور ممبر (کسٹمز (شری سرجیت بھوجابل نے جنیوا میں ڈبلیو ٹی او میں سی بی آئی سی اجلاسوں میں ہندوستانی وفد کی قیادت کی۔ اس تقریب میں تجارتی سہولت کاری اور صلاحیت سازی پر دو مرکوز سیشن شامل تھے جس میں ڈبلیو ٹی او تجارتی سہولت کاری معاہدہ TFA)) کے تحت ہندوستان کی تبدیلی کی اصلاحات کو اجاگر کیا گیا تھا۔ یہ پروگرام جولائی 2026 میں ہونے والے ہندوستان کی 8 ویں تجارتی پالیسی کے جائزے کے سلسلے میں بھی منعقد کیا گیا تھا۔ اس تقریب میں تقریباً 40 ممالک کے مندوبین کے ساتھ ڈبلیو ٹی او کے اراکین اور سیکرٹریٹ کی وسیع شرکت دیکھنے میں آئی، جو ہندوستان کے تجربے اور بہترین طریقوں میں مضبوط دلچسپی کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈبلیو ٹی او ٹی ایف اے وعدوں کی تعمیل حاصل کرنے کے بعد، ہندوستان نے قومی تجارتی سہولت کاری ایکشن پلان کے تحت "TFA Plus" اقدامات کی طرف قدم بڑھایا ہے، جس کا مقصد کم از کم تقاضوں سے آگے بڑھنا اور عالمی بہترین طریقوں کو تیار کرنا ہے۔ تجارتی سہولت پر سیشن کے دوران، ہندوستانی کسٹمز کے وفد نے کسٹمز اصلاحات میں اس کے پورے حکومت کے نقطہ نظر' پر روشنی ڈالی، اور وسیع پیمانے پر ڈیجیٹلائزیشن اور دوبارہ انجینئرنگ کے ذریعے ایک چہرے کے بغیر، رابطے کے بغیر اور کاغذ کے بغیر کسٹم ماحولیاتی نظام کی تشکیل میں اہم کوششوں کو اجاگر کیا۔

نشے میں گاڑی چلانے پر ڈرائیونگ لائسنس منسوخ ہوگا: گڈکری

ڈرائیونگ لائسنس کی منسوخی کے اقدام کو گریڈ سسٹم میں تبدیل کیا جا رہا ہے،

نئی دہلی، 26 فروری (یو این آئی) روڈ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ ہر سال سڑک حادثات میں لاکھوں جانوں کو بچانے کے واسطے، حکومت حفاظتی عوامل کی مکمل جانچ کر رہی ہے اور روڈ انجینئرنگ، آٹو موبائل انجینئرنگ، روڈ سیفٹی قوانین کی سختی سے پابندی، اور تعلیم اور بیداری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ مسٹر نتن گڈکری نے جمعرات کے روز یہاں نیشنل ٹیسٹ سنٹر میں سی آئی آئی کے زیر اہتمام منعقدہ "نیشنل کانکلیو آف روڈ سیفٹی" میں اپنے خیالات پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ہر سال سڑک حادثات میں لاکھوں جانیں ضائع ہوتی ہیں اور اس کی روک تھام ضروری ہے، اس لیے روڈ انجینئرنگ کے ساتھ ساتھ ڈرائیونگ لائسنس کے حوالے سے بھی سخت اصول وضع کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نشے میں گاڑی چلانے کے زیادہ واقعات کے پیش نظر اس اصول کو مزید سخت کیا جا رہا ہے اور اگر بار بار نشے میں گاڑی چلاتے ہوئے پکڑا گیا تو ڈرائیونگ لائسنس مستقل طور پر منسوخ کر دیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ڈرائیونگ لائسنس کی منسوخی کے اقدام کو گریڈ سسٹم میں تبدیل کیا جا رہا ہے، اور بار بار ہونے والے جرائم کے نتیجے میں گریڈ 12 تک پہنچنے کے بعد لائسنس معطل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ سالانہ تقریباً 500,000 سڑک حادثات ہوتے ہیں جن کے نتیجے میں 180,000 اموات ہوتی ہیں۔ ان میں سے 72 فیصد نوجوان ہیں جن کی عمر 18 سے 45 سال کے درمیان ہوتی ہے، جب کہ 18 سال سے کم عمر کے 10,119 بچے مرتے ہیں۔ ہیلمٹ نہ پہننے سے اموات کے اعداد وشمار 54,122 جبکہ سیٹ بیلٹ نہ پہننے سے اموات کے اعداد وشمار 14,466 سے زائد ہیں۔ تیز رفتاری بھی سڑک حادثات کی ایک بڑی وجہ ہے جس سے 120,000 اموات ہوتی ہیں۔ بہت سے دیگر عوامل میں غلط سمت میں گاڑی چلانا، شراب کے نشے میں گاڑی چلانا، اور ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون کا استعمال شامل ہے۔ مسٹر نتن گڈکری نے سڑک حادثات کی چار بڑی وجوہات بتاتے ہوئے کہا کہ روڈ انجینئرنگ میں ڈی پی آر کا ناقص معیار ان میں سے ایک ہے، اس لیے اس میں تبدیلیاں کی گئی ہیں، اور ٹھیکیداروں اور ڈی پی آر کمپنیوں کی درجہ بندی قائم کی گئی ہے۔ اسی طرح آٹو موبائل انجینئرنگ میں بھارت این سی اے پی اسٹار ریٹنگ کو نافذ کیا گیا ہے، اور سستی ماڈلز میں بھی چھ ایئر بیگز کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں آٹو موبائل انجینئرنگ کے معیارات اب عالمی معیارات کے برابر ہیں۔ مزید برآں، بس باڈی کوڈ کو گزشتہ ستمبر میں نافذ کیا گیا تھا، جس کے تحت ٹاٹا، اشوک لی لینڈ، اور وولوو جیسی کمپنیاں اب معیار کے مطابق بس باڈی تیار کریں گی۔

چینی کی قیمتوں میں اضافہ، گندم کے نرخوں

میں کمی، خوردنی تیل میں اُتار چڑھاؤ

نئی دہلی، 26 فروری (ایجنسیز) جمعرات کو اجناس کی قیمتوں میں ملا جلا رجحان دیکھا گیا۔ چاول اور چینی کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ گندم کے نرخوں میں کمی آئی۔ دالوں اور خوردنی تیلوں کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا سلسلہ جاری رہا۔ اوسط درجے کے چاول کی قیمت 11 روپے بڑھ کر 3,852 روپے فی کوئنٹل ہوگئی۔ گندم کی قیمت 6 روپے گھٹ کر 2,838 روپے اور آٹے کی قیمت 7 روپے کم ہوگئی۔ دالوں میں ملا جلا رجحان رہا، تور دال 28 روپے مہنگی ہوئی، چنا دال 17 روپے اور مونگ دال 12 روپے فی کوئنٹل بڑھی، جبکہ مسور دال 15 روپے اور اُرد دال 9 روپے سستی ہوگئی۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں ملیشیا میں پام آئل 48 رنگٹ کم ہو کر 4,005 رنگٹ فی ٹن پر اور امریکی سویابین آئل 0.84 فیصد کمی کے ساتھ 60.16 سینٹ فی پاؤنڈ رہا۔ مقامی بازاروں میں مونگ پھلی کا تیل 70 روپے، سورج مکھی کا تیل 14 روپے مہنگا ہوا، جبکہ سرسوں کا تیل 42 روپے اور سبزیوں کا تیل 16 روپے سستا ہوا۔ پام آئل 8 روپے اور سویابین آئل 4 روپے فی کوئنٹل کم ہوا۔ گڑ کے نرخ تقریباً مستحکم رہے اور چینی 4 روپے فی کوئنٹل مہنگی ہوئی۔

ہند-امریکہ تجارتی معاہدے کے خلاف یوتھ کانگریس

کارائے سینا روڈ پر مارچ، کئی کارکن حراست میں

نئی دہلی، 26 فروری (یو این آئی) یوتھ کانگریس کے کارکنان نے امریکہ کے ساتھ مجوزہ ہندوستان مخالف تجارتی معاہدے کے خلاف جمعرات کے روز دہلی میں احتجاجی مظاہرہ کیا۔ کارکنان یوتھ کانگریس کے دفتر سے رائے سینا رو

بل گیٹس کا ازدواجی زندگی کے دوران روسی خواتین سے تعلقات کا اعتراف

واشنگٹن، 26فروری (یو این آئی) مائیکروسافٹ کے شریک بانی اور معروف امریکی ارب پتی بل گیٹس نے اپنی ازدواجی زندگی کے دوران 2روسی خواتین سے تعلقات کا اعتراف کرتے ہوئے بل گیٹس فاؤنڈیشن کے عملے سے معذرت کرلی۔ یہ پیش رفت بدنام زمانہ سرمایہ کار جیفری ایپسٹین کے ساتھ روابط کے حوالے سے سامنے آنے والی تفصیلات کے بعد ہوئی ہے۔ امریکی اخبار دی وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق بل گیٹس نے 24 فروری کو فاؤنڈیشن کے عملے سے ایک ٹاؤن ہال میٹنگ میں خطاب کیا۔ رپورٹ کے مطابق جولائی 2013ء کی ایک ای میل، جو مبینہ طور پر ایپسٹین کی جانب سے لکھی گئی تھی، اس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ بل گیٹس نے روسی خواتین کے ساتھ تعلقات کے بعد لاحق ہونے والی ایک بیماری کو اپنی اس وقت کی اہلیہ میلنڈا سے چھپانے کی کوشش کی، تاہم گیٹس کے ترجمان نے ان الزامات کو مکمل طور پر بے بنیاد قرار دیا تھا۔ ٹاؤن ہال اجلاس میں بل گیٹس نے تسلیم کیا کہ ان کی 27 سالہ شادی کے دوران دو غیر ازدواجی تعلقات رہے، ایک خاتون روسی برج کھلاڑی تھیں جن سے ان کی ملاقات برج ایونٹس کے دوران ہوئی، جبکہ دوسری روسی نیوکلیئر فزسٹ تھیں جن سے ان کا رابطہ کاروباری سرگرمیوں کے ذریعے ہوا۔ بل گیٹس نے یہ بھی اعتراف کیا کہ وہ نجی طیارے پر جیفری ایپسٹین کے ساتھ سفر کر چکے ہیں اور امریکہ سمیت دیگر ممالک میں ان سے ملاقاتیں بھی کیں، تاہم انہوں نے کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہونے یا اس کا مشاہدہ کرنے کی تردید کی۔ ان کا کہنا ہے کہ میں نے کوئی غیر قانونی کام نہیں کیا اور نہ ہی کسی متاثرہ خاتون کے ساتھ وقت گزارا، میری ایپسٹین سے پہلی ملاقات 2011ء میں ہوئی تھی، جب ایپسٹین فلوریڈا میں کم سن لڑکی کی فراہمی کے جرم میں سزا پا چکا تھا۔ انہوں نے فاؤنڈیشن کے عملے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایپسٹین کے ساتھ ان کے تعلقات نے ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جس پر وہ معذرت خواہ ہیں۔

وزارت حج نے تین عمرہ کمپنیوں کو معطل کردیا

ریاض، 26فروری (یو این آئی) سعودی عرب میں وزارت حج وعمرہ نے زائرین کو رہائش خدمات کی خلاف ورزی پر تین عمرہ کمپنیوں کو معطل کردیا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق وزارت نے بیان میں کہا منظور شدہ کنٹریکٹ پروگرام کے مطابق زائرین کو رہائش کی خدمات کی فراہمی میں ناکامی پر عمرہ کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق وزارت نے بیان میں کہا منظور شدہ کنٹریکٹ پروگرام کے مطابق زائرین کو رہائش کی خدمات کی فراہمی میں ناکامی پر عمرہ کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ وزارت کے مطابق متعلقہ حکام کے تعاون سے ان کمپنیوں کے ساتھ معاہدے کرنے والے غیر ملکی ایجنٹوں کے خلاف بھی قانونی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق خلاف ورزی کرنے والی عمرہ کمپنیوں کو تمام متاثرہ زائرین کے لیے رہائش کا انتظام کرنے کا پابند بنایا گیا۔ یہ اقدامات متاثرہ افراد کے حقوق کے تحفظ، اس طرح کی خلاف ورزیاں روکنے اور معتمرین کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار کو بڑھانے کے لیے منظور شدہ ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق کیے گئے۔ وزارت کے مطابق وہ معاہدے کی ذمہ داریوں میں کسی غفلت یا خلاف ورزی کو برداشت نہیں کرے گی۔ عمرہ زائرین کے حقوق اولین ترجیح ہیں، اس پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ 'وزارتِ حج کی جانب سے تمام عمرہ کمپنیوں پر زور دیا گیا کہ وہ منظور شدہ ضوابط اور ہدایات کی پابندی اور اپنے معاہدے کے مطابق خدمات فراہم کریں۔

دنیا کا دہرا معیار، "ننھے بندر پر آنسو اور غزہ کی مظلوم بچی پر خاموشی"



پیرس، 26فروری (یو این آئی) جاپان کے ننھے بندر پر آنسو اور اپنے گھر کے ملبے پر بیٹھی غزہ کی بچی پر بے حس خاموشی نے دنیا کا دہرا معیار ایک بار پھر آشکار ہوگیا۔ جاپان کے ایک چڑیا گھر میں موجود "پیچ" نامی ننھے بندر کی ماں سے جدائی کے بعد کھلونے سے لپٹ کر سونے والی حساس ویڈیو پر اس وقت پوری دنیا میں آنسو بہائے جا رہے ہیں اور لوگ ہمدردی کا اظہار کر رہے ہیں۔ دوسری جانب غزہ میں انسانی المیہ جاری ہے اور اسرائیلی بربریت سے روز کئی گھر ملبے کا ڈھیر اور بچے یتیم بن رہے ہیں۔ ایسی ہی ایک ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، جس میں غزہ کی ایک کمسن بچی کو اپنے پیاروں کو کھونے کے بعد تباہ گھر کے ملبے پر اپنی گڑیا کو سینے سے لگائی کھڑی ہے۔ تاہم اس معصوم بندر کے بچے پر دلگیر ہونے اور آنسو بہانے والی یہی دنیا مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہے۔ تاہم فرانس میں کیوبا کے سفارت خانے نے عالمی برادری کے دُہرے معیار پر تنقید کرتے ہوئے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر یہ دونوں ویڈیوز ایک خاص نقطہ نظر کے ساتھ پوسٹ کر دیں۔ اس حساس ویڈیو میں ایک طرف جاپان کے ایک چڑیا گھر میں موجود پیچ "نامی ننھے بندر کو دکھایا گیا جو ماں سے محروم ہونے کے بعد ایک کھلونے سے لپٹا ہوا ہے۔ ویڈیو کے دوسرے حصے میں غزہ کی اس کمسن بچی کو دکھایا گیا ہے، جو اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں اپنا گھر تباہ ہونے اور اپنے پیاروں کو کھونے کے بعد ملبے کے ڈھیر پر اپنی گڑیا کو سینے سے لگائے رو رہی ہے۔ کیوبا کے سفارت خانے نے اس تقابلی ویڈیو کے ذریعے دنیا کو آئینہ دکھاتے ہوئے کہا کہ منتخب ہمدردی شرمناک ہے۔" ساتھ ہی یہ سوال اٹھایا کہ جانور کے لیے تو دنیا میں آنسو بہائے جاتے ہیں، مگر غزہ کے متاثرہ بچوں کے لیے غم کی وہ شدت کیوں نظر نہیں آتی۔

رمضان اور حج سیزن، سعودی عرب کی 'اجیر' کیلیے اہم سہولت

ریاض، 26فروری (یو این آئی) وزارت سیاحت کا کہنا ہے کہ اجیر پلیٹ فارم رمضان اور حج سیزن کے لیے عارضی ملازمت کے لیے سہولت فراہم کرے گا۔ سیاحت کی وزارت نے تصدیق کی ہے کہ سیاحت کی سہولیات اور سرگرمیاں اجیر پلیٹ فارم کے ذریعے رمضان اور حج کے دوران مانگ کو پورا کرنے کے لیے عارضی کارکنوں سے معاہدہ کرسکتی ہیں جس کی نگرانی وزارت انسانی وسائل اور سماجی ترقی کرتی ہے۔ وزارت نے تمام عارضی یا سیزنل کارکنوں کو خصوصی طور پر اجیر پلیٹ فارم کے ذریعے رجسٹر کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ معاہدوں کو صحیح طریقے سے دستاویزی اور ریگولیٹ کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم مربوط اور لچکدار حل فراہم کرتا ہے جو سیاحتی اداروں کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ اپنے عروج کے دوران اور اس کے بعد عارضی عملے کی خدمات حاصل کرسکیں تاکہ تصدیق شدہ اور قانونی معاہدوں کے تحت مقامی طور پر دستیاب پروفیشنلز کے ساتھ سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ مہمان نوازی کی سہولیات اور دیگر سیاحتی سرگرمیاں اجیر پر رجسٹر ہوسکتی ہیں، عارضی یا موسمی خالی آسامیوں کا اعلان کرسکتی ہیں، اور زیادہ مانگ والے ادوار کے دوران اضافی افرادی قوت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے سیاحتی سیزن سروس جیسی خدمات کا استعمال کرسکتی ہیں۔

کویت میں ڈاکٹر اور ڈینٹسٹ کیلیے نیا قانون نافذ

کویت، 26فروری (یو این آئی) کویت میں ڈاکٹر اور ڈینٹسٹ کیلیے نئے قانون کے نفاذ کا اعلان کر دیا گیا۔ عرب میڈیا کی رپورٹس کے مطابق کویت کے وزیر صحت ڈاکٹر احمد عبدالوہاب العوضی نے ایک وزارتی فرمان جاری کیا جس کے تحت تمام ڈاکٹروں اور ڈینٹسٹ کیلیے طب یا ڈینٹسٹری کی پریکٹس شروع کرنے اور بطور ریزیڈنٹ فزیشن یا اسسٹنٹ رجسٹرار تعیناتی سے قبل کویت میڈیکل لائسنسنگ ایگزامینیشن (کے ایم ایل ای) پاس کرنا لازمی قرار دے دیا گیا۔ فیصلے کا مقصد کے ایم ایل ای اور کے ڈی ایل ای کو ایک متحد قومی معیار کے طور پر قائم کرنا ہے تاکہ طبی پیشہ ور افراد کی علمی اور پیشہ ورانہ مہارت کو جانچا جا سکے اور مریضوں کے تحفظ اور دیکھ بھال کے اعلیٰ ترین معیار کو یقینی بنایا جا سکے۔ کویت انسٹیٹیوٹ فار میڈیکل سپیشلائزیشنز کے تحت ایک خصوصی کے ایم ایل ای بورڈ تشکیل دیا جائے گا جس سربراہی انسٹی ٹیوٹ کے سیکرٹری جنرل کریں گے اور اس میں صحت، تعلیمی اور ریگولیٹری شعبوں کی اہم شخصیات شامل ہوں گی۔ یہ بورڈ امتحانی پالیسیوں کی نگرانی کرے گا، معیار کی منظوری دے گا اور ادارے کے بہتر انتظام و نسق (گورننس) کو یقینی بنائے گا۔ فرمان کے ذریعے ترقی کے عمل میں بھی اصلاحات کی گئی ہیں۔ نئے لائسنسنگ سسٹم کے دائرہ کار میں آنے والے ڈاکٹروں کیلیے ریزیڈنٹ سے رجسٹرڈ اسسٹنٹ کے عہدے پر ترقی کیلیے اب جامع امتحان کی شرط ختم کردی گئی۔ فیصلے کا اطلاق یکم جنوری 2027 سے ہوگا اور اس کے ساتھ ہی اس کے متصادم تمام پرانے قوانین وضوابط باضابطہ طور پر منسوخ تصور کیے جائیں گے۔

کم جونگ ان اور بیٹی جوائے کی کوٹ میچنگ نے نئی بحث چھیڑ دی

پیانگ یانگ، 26فروری (یو این آئی) شمالی کوریا کے رہنما کم جوان اور ان کی کم عمر بیٹی جوائے کو فوجی پریڈ میں ایک جیسی لیدر جیکٹس پہنے دیکھا گیا جس سے جانشینی سے متعلق قیاس آرائیوں میں مزید تیزی آ گئی۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق سرکاری تصاویر میں جوائے کو حکمراں جماعت ورکرز پارٹی آف کوریا کانگریس کی تقریب کے اختتامی مرحلے میں نمایاں مقام دیا گیا۔ تصاویر میں باپ بیٹی کو ایک ساتھ فوجی پریڈ کا جائزہ لیتے دکھایا گیا جبکہ کم جونگ ان کی اہلیہ ری سول جو بھی ہم رنگ لباس میں موجود تھیں۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ شمالی کوریا میں لباس اور انداز سیاسی علامت رکھتے ہیں اور رہنما کی مخصوص جیکٹس میں بیٹی کی موجودگی کو اتفاق نہیں سمجھا جا رہا، دیگر مناظر میں جوائے کو سرخ قالین پر والد کے ساتھ فوجی قیادت سے سلامی وصول کرتے بھی دیکھا گیا۔ جنوبی کوریا کی انٹیلی جنس کے مطابق جوائے کو ممکنہ جانشین کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے تاہم شمالی کوریا کے سیاسی ماہرین کا کہنا ہے کہ وہ تاحال باضابطہ طور پر عہدے کے لیے کم عمر ہیں۔ واضح رہے کہ جوائے پہلی بار 2022ء میں میزائل لانچ کے موقع پر منظرِ عام پر آئی تھیں۔ ان کی عمر کی تصدیق نہیں کی گئی مگر اندازہ ہے کہ انہوں نے ابھی نوعمری میں قدم رکھا ہے۔ جوائے لگژری فیشن ایبل پہناووں اور والد کے انداز سے مشابہ لباس کے باعث بھی توجہ کا مرکز بنی رہتی ہیں۔

نیوزی لینڈ کی سابق وزیراعظم عہدہ چھوڑنے کے بعد 3 سال سے کیا کر رہی ہیں؟

کینبرا، 26فروری (یو این آئی) جیسنڈا آرڈرن نے جنوری 2023 میں نیوزی لینڈ کے وزیراعظم کا عہدہ چھوڑ دیا تھا جس کے بعد سے وہ عوامی طور پر زیادہ متحرک نہیں۔ اب انہوں نے اپنے خاندان کے ساتھ نیوزی لینڈ کی جگہ آسٹریلیا میں رہائش اختیار کرلی ہے۔ جیسنڈا آرڈرن کے ترجمان نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ سابق وزیراعظم کا خاندان گزشتہ چند برسوں سے سفر کر رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق ابھی جیسنڈا آرڈرن اپنے خاندان کے ساتھ آسٹریلیا میں مقیم ہیں اور وہاں کام کر رہی ہیں، نیوزی لینڈ واپسی سے قبل وہ وہاں مزید وقت گزاریں گی۔ ان کے آسٹریلیا منتقل ہونے کی افواہیں اس وقت سامنے آئی تھیں جب آسٹریلین میڈیا نے رپورٹ کیا تھا کہ جیسنڈا آرڈرن، ان کے شوہر اور 7 سالہ بیٹی سڈنی کے شمالی حصوں میں گھر تلاش کر رہے ہیں۔ اس خاندان کی آسٹریلیا منتقلی نیوزی لینڈ کے لیے دھچکا ثابت ہوگی جس کے شہری کمزور معیشت، مہنگائی اور بیروزگاری کے باعث ریکارڈ تعداد میں بیرون ملک منتقل ہو رہے ہیں۔ واضح رہے کہ 2017 میں جیسنڈا آرڈرن 37 سال کی عمر میں دنیا کی کم عمر ترین خاتون وزیراعظم بن گئی تھیں اور منتخب وزیراعظم کے طور پر بچے کو جنم دینے والی دوسری خاتون بھی بنی تھیں۔ اگلے 6 سال تک ان کی قیادت میں نیوزی لینڈ نے کافی بحرانوں کا سامنا کیا اور ان کی جانب سے ہمیشہ ہمدردی، انسانیت اور نیک دلی وغیرہ پر زور دیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں عالمی سطح پر لوگوں کی بہت زیادہ محبت ملی۔ انہوں نے جنوری 2023 میں اچانک اپنا عہدہ چھوڑنے کا اعلان کر کے نیوزی لینڈ کے عوام کو حیران کر دیا تھا۔ بعدازاں انہوں نے امریکا کی ہارورڈ یونیورسٹی ہارورڈ یونیورسٹی میں لیڈر شپ، گورننس اور آن لائن انتہا پسندی کے موضوعات پڑھنے کے ساتھ ساتھ ان پر لیکچر بھی دیے۔

حکومت غیر شادی شدہ خواتین کو ماہانہ 560 کویتی دینار الاونس دے گی

کویت، 26فروری (یو این آئی) حکومت نے غیر شادی شدہ خواتین کو ماہانہ 560 کویتی دینار نیا الاونس دینے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کویت کی حکومت نے یہ ماہانہ الاونس ان غیر شادی شدہ خواتین کو دینے کا اعلان کیا ہے، جن کی عمر 30 سال سے زائد ہے اور ان کے والد فوت ہو چکے ہیں۔ سماجی امور کی وزارت کے مطابق اس اسکیم کی اہل خواتین کو ماہانہ 560 کویتی دینار دیے جائیں گے۔ اس الاونس کا مقصد غیر شادی شدہ خواتین کو سماجی اور مالی مدد فراہم کرنا اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد کرنا ہے۔ پبلک اتھارٹی فار سول انفارمیشن (PACI) کے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق ملک میں 30 سال سے زیادہ عمر کی تقریباً 40,000 غیر شادی شدہ خواتین ہیں۔ اس اسکیم کو ابتدائی طور پر آزمائشی بنیادوں پر لاگو کیا جا رہا ہے اور نتائج کے بعد اس کے مستقل کرنے سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ وزارت نے خیراتی معاشروں پر زور دیا کہ وہ منظور شدہ طریقہ کار کے تحت ان معاملات کا جائزہ لیں اور غیر شادی شدہ خواتین کے والد کی موت کی تصدیق کرنے والے سرکاری دستاویزات کی تصدیق کریں۔

PUBLIC NOTICE

I Mashooq Ahmad Kuchay S/o Ab.Aziz Kuchay R/o Khee-Jogi Pora Kulgam working in J&K Police Department (PID No. EXKO21879) wants to inform the general public that my Middle Name has wrongly written in my service records as Mashooq Ahmed Kuchay instead of Mashooq Ahmad Kuchay. if any one has any objection, they can inform the concerned department within seven (07) days from the date of publication of this notice. After this period, No. objection will be accepted.

From office the advocate Farooq H Wani

Lic No.1246/11

In the case of: Riyaz Mehmood S/o Mohammad Afzal R/o Tengpora Srinagar

(Caveators)

Vs

Public At Large

(Non-Caveator)

In the matter of Caveat Petition in terms of Section 148-A of CPC

The Caveators has reasons to believe/apprehension that Non-Caveators may file any Petition, suit, Application ,Appeal, or any other type of proceedings before this Hon'ble Court and on the ground of distorted facts/misrepresentation and cooked story and may succeed in obtaining some relief / order at his back/ in exparte against the Caveators and in such eventuality the caveators will be put to an irreparable loss and inconvenience. It would be proper that Caveators is given Opportunity of being heard by the Hon'ble Court before passing any order .

Sd/-

Advocate

Union Territory of Jammu & Kashmir

Department of Agriculture & Farmers Welfare

Office of the Chief Agriculture Officer Srinagar

PUBLIC NOTICE

Provisional Merit list of candidates for engagement of Krishi Udyamis/Agri Entrepreneur's for the designated Kisan Khidmat Ghar Panzinara & Kisan Khidmat Ghar Faquir Gujree District Srinagar under HADP Phase -- I & II project 20 in response to the advertisement notice issued vide no: -CAOS/P&S/2025-26/1484-97 Dated: -03-01-2026 and CAOS/P&S/2025-26/1502-15 Dated: 06/01/2026.

The Provisional Merit list of candidates for engagement as Krishi Udyami's/Agri Entrepreneur's for Kisan Khidmat Ghar Panzinara & Kisan Khidmat Ghar, Faquir Gujree of District Srinagar under HADP Phase — I & II (Annexure & B") as approved by District level selection committee under the Chairmanship of ,Additional District Development Commissioner Srinagar, is being published for inviting of objections (if any) in this regard.

Any applicant/candidate having any objection, same may be dropped in the office of Chief Agriculture officer Srinagar or mail at chief-sgr.kmr@jk.gov within 07 days from the date of issuance of the public notice. No objection shall be entertained after the expiry of the given period and the provisional selection list shall be issued.

Annexure "A"

Provisional Merit list of candidate for engagement as Krishi Udyami's against Kisan Khidmat Ghar Panzinara under HADP phase-I.

S.No	Name of the Candidate	Parentage	Residence	Total Points
01	Junead Ahmad Khan	Shabir Ahmad Khan	Ranbirgarh Partabgarh Shalteng	15

Annexure "B"

Provisional Merit list of candidates for engagement as Krishi Udyami's against Kisan Khidmat Ghar Faquir Gujree under HADP phase-II.

S.No	Name of the Candidate	Parentage	Residence	Total Points
01	Munazah Manzoor	Manzoor Ahmad Bhat	Haripora Harwan	40
02	Abas All	Ali Mohammad Ganie	Gundtal Murinderbagh Haman	15

Sd/-
(Aijaz Hussain Dar)
Chief Agriculture Officer,
Srinagar.

DIPK No:-11390-25 Dated 26-2-2026

Government of Jammu & Kashmir

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER (R&B) DIVISION CHADOORA

NOTICE INVITING TENDERS

ENIT NO. 95 OF R&B /CHADOORA/ 6553-59 of 2025-26 DATED: 24/02/2026

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (In double cover system) are invited on Percentage basis from approved and eligible Contractors registered with J&K Govt., CPWD, Railways and other State/ Central Governments for the following works:-

SN	Nome of Work	Adv. Cost (Rs. In Lacs)	Cost ofT/Doc.(In Rupees)	Earnest Money (In Rupees)	Time of completion (days)	M . H OFAccount	Class Of Contactor
1	Construction of lane and protection bund from Firdous Ahmad Wani to house of Irshad Ahmad Wani near the shrine of Shamas-ud-din Irqaqi ward no 08.	1.35	200.00	2700	05	UDS	DEE
2	Construction of tile path near the house of Gh. Mohd Mir S/o Mohd Ismail Mir at Doyan Chadoora ward no 08..	1.30	200.00	2600	05	UDS	DEE
3	Repairment of Jamia Masjid link at Porwara.	5.00	200.00	10000	15	P R I GRANTS	DEE
4	Development of Check Sursyar road from Ghulam Rasool Hajam to Upper Hajam Mohalla at Check Sursyar Phase II.	10.00	600.00	20000	21	ABDS	C/D

Project Authority: DDC BUDGAM

Position of AAA : Accorded, Position of TS: Sanctioned, Position of Funds – Committed

1. The Bidding documents consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Drawings, bill of quantities (B.O.Q), Set of terms and conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in as per schedule of dates given below:-

1	Date of Issue of Tender Notice	24/02/2026
2	Period of downloading of bidding documents	26/02/2026
3	Bid submission Start Date	26/02/2026
4	Bid Submission End Date	05/03/2026 upto 05.00 PM.
5	Date & time of opening of Technical Bids	06/03/2026 at 10.30 AM in the office of Executive Engineer R&B Division Chadoora

2. Bids must be accompanied with cost of Tender document in shape of Treasury Challan (deposited in MH: 0059) in favour of Executive Engineer R&B Division Chadoora (tender inviting authority) and Earnest money / Bid security in shape of CDR/FDR/BG pledged to Executive Engineer R&B Division Chadoora (tender receiving authority).

Note:- The Date of Treasury Challan and Earnest Money / Bid security must be between the date of start of bid and Bid Submission End date. Any deviation shall render the bidder as Non-responsive.

2.1 The 1st lowest bidder has to produce an amount equal to 5% of contract as Performance Security in the shape of CDR/FDR/BG in favour of Executive Engineer R&B Division Chadoora within 07 (Seven) days after the date of receipt of letter of acceptance and shall be released after successful completion of DLP. The Bank Guarantee should be valid till DLP period.

3. At the time of tendering, all bidders must upload earnest money/bid security equal to 2% of the Advertised Cost in the form of CDR/FDR/BG pledged to the tender receiving authority, i.e., Executive Engineer R&B Division Chadoora. Besides that, the successful bidder will have to provide Performance Security in the shape of CDR/FDR/BG @ 5% at the time of contract award, strictly in accordance with the Government's circular instructions from time to time. The earnest money/bid security of 2% will be released to the successful bidder only after the submission of a Performance Security of 5% of the total cost, which will be released after successful completion of the DLP/Maintenance Period. In case of failure to produce Performance Security shall render the L1 as non responsive and case for debarring of the Contractor for a period of 01 Year be forwarded to Higher Authorities.

i) Where the bid price is below 10% but not below 20% of the Project Cost put to bid, the additional Performance Guarantee/Security Percentage shall be incremented by 0.1% for every percentage of bid price below 10% of the project cost put to bid starting at 11% with the additional bid performance guarantee being 0.1% and this additional performance guarantee percentage shall be applied on the bid price.

ii) Where the bid price is 20% or more below of the project cost put to bid, the additional performance guarantee percentage shall be incremented by 0.2% for every percentage of bid price below 20% of the project cost put to bid in addition to 1% of the bid price and this additional performance guarantee percentage shall be applied on the bid price.

5. The date and time of opening of Financial Bids of a responsive bidder shall be notified on Web Site www.jktenders.gov.in and conveyed to the bidders automatically through an e-mail message on their e-mail address.

Sd/-
Executive Engineer
R&B Division Chadoora

No. 6553-59 DATED: 24/02/2026

DIPK No:-11394-25 Dated 26-2-2026

بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

روزنامہ آفاق سرینگر

Daily AFAAQ Srinagar

جمعۃ المبارک ۲۷ فروری ۲۰۲۶ء بمطابق ۹ رمضان المبارک ۱۴۴۷ھ

اقوال زریں

انسانوں سے محبت کرنا دراصل خدا سے محبت کرنا ہے اور انسانوں کی خدمت ہی دراصل خدا کی خدمت ہے (حضرت ابوذر غفاریؓ)

غور وفکر کرنے کی ضرورت

اکثر دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ بہت سے افراد ظاہری طور پر اپنا خاص خیال رکھتے ہیں اس خیال سے کہ کہیں وہ دوسروں کو ایسے تو نہیں دکھائی دے رہے کہ جس کی وجہ سے دوسرے ان کا مذاق بنائیں یا ان پر ہنسیں اسی لئے انہیں ہر دم دوسروں کی نظروں میں اپنا ظاہر خوشنما سے خوشنما تر بنانے کی فکر دامن گیر رہتی ہے وہ وہ ہمہ وقت اسی تگ ودو میں لگے رہتے ہیں کہ دوسروں پر ان کا تاثر ہمیشہ بہترین ہی رہیں اس معاملے میں دوسروں کی بڑی پرواہ ہوتی ہے اور یہ فکر یہ پرواہ دوسروں کی نہیں دراصل اپنی پرواہ ہوتی ہے

اپنی پروا کرنا اچھی بلکہ بہت اچھی بات ہے کہ انسان خود کو ایسا بنائے کہ دیکھنے والوں پر میل جول رکھنے والوں پر اپنے حلقہ احباب پر یہاں تک کے دوستوں کے ساتھ ساتھ دشمن پر بھی آپ کی شخصیت کا بہترین تاثر پیدا ہو لیکن اس سے بھی زیادہ ضروری بات یہ ہے کہ آپ کو ہمہ وقت یہ فکر رہے کہ کوئی آپ کی وجہ سے رویا تو نہیں ظاہر اچھا ہو لیکن آپ کا طرز عمل رویہ، سلوک یا برتاؤ دوسروں کے ساتھ بہترین نہ ہو بلکہ ایسا ہو کہ وہ دوسروں کو رونے پر مجبور کردے تو پھر آپ کی ظاہری شخصیت کے مصنوعی خول کا بھرم ٹوٹ جائے گا

جب تک آپ کا اخلاق بہترین نہ ہو آپ کی گفتگو کا انداز شگفتہ و شائستہ ہونے کی بجائے تمسخرانہ یا تکیف دہ ہو تو اس تاثر کا آپ کی ظاہری شخصیت پر بھی منفی اثر پڑتا ہے اسی لئے کہنے والے کہہ گئے ہیں کسی کو کچھ دینا ہے تو خوشی دو مسکراہٹ دو آنسو نہ دو دوسروں کے ہنسنے کی اتنی پرواہ نہ کریں بلکہ اس بات کی زیادہ فکر کریں کہ کسی کو آپ نے مسکراہٹ کی بجائے آنسو تو نہیں دیئے

جب آپ خوشی دے سکتے ہیں تو آنسو کیوں دیں آنسو تو ویسے بھی انسان کا مقدر ہے کہ جب انسان دنیا میں آتا ہے تو روتے ہوئے آتا ہے اور جب جاتا ہے تو بہت سی آنکھیں اشکبار کر کے جاتا ہے انسان کی پیدائش سے ہی انسان کے لئے آزمائش امتحان اور مصائب کا پہ در پہ سامنا رہتا ہے دنیا میں یوں بھی خوشیاں کم اور دکھ زیادہ ہیں اگرچہ ہم کسی کے مصائب کم نہیں کر سکتے دکھ نہیں بانٹ سکتے تو کم از کم کسی کو ذہنی اذیت تو نہ دیں تکلیف تو نہ دیں آنسو تو نہ دیں سوچیں ابھی وقت ہے اگر کوئی آپ کو تکلیف پہنچائے بغیر دنیا سے اپنے حصے کی خوشیاں کشید کرنا چاہتا ہے تو اس کی راہ میں دشواریاں پیدا نہ کریں خود بھی خوش رہیں اور دوسروں کو بھی خوش رہنے دیں کسی کی خوشی اطمینان یا سکون کو اپنے منفی طرز عمل سے بے سکونی پریشانی اذیت یا آنسو نہ دیں کہیں آپ کو ان آنسوؤں کی بہت بھاری قیمت چکانا پڑے

دوسروں کے ساتھ کوئی بھی طرز عمل اختیار کرنے سے پہلے تھوڑا سا غور کرلیں کہ کہیں ہمارا یہ عمل دوسروں کو دکھی تو نہیں کرے گا کسی کے رونے کا سبب تو نہیں بنے گا تو ہم سب ایک ایسے گناہ سے بچ سکتے ہیں جو ہم سے بیخبری میں یا دانستہ سرزد ہوسکتا ہے ہمیشہ یہ بات یاد رکھیں کہ رب اپنے بندوں کے ہاتھوں اپنے بندوں کی نہ تحقیر پسند فرماتا ہے اور نہ تذلیل پسند فرماتا ہے اور ایک دن ہر ایک کو اپنے رب کے حضور پیش ہونا اور اپنے ہر عمل کا جواب دینا ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی آنکھوں سے گرے آنسو آپ کی راہ میں ایسا دریا بن جائے جسے آپ عبور نہ کرسکیں اور اس عنایت سے محروم رہ جائیں جو اللہ نے اپنے پسندیدہ یعنی اپنے بندوں سے محبت رکھنے والے بندوں کے لئے پسند فرمائی ہیں

زکوٰۃ اور بڑھتی ہوئی غربت!

تحریر: جاوید اختر بھارتی

رمضان مبارک کا مہینہ خیر و برکت کا مہینہ ہے، رحمت و مغفرت کا مہینہ ہے، جہنم سے آزادی کا مہینہ ہے، خوش مزاجی و خوش دلی کا مہینہ ہے، بھائی چارہ بڑھانے کا مہینہ ہے، امیر و غریب کی کھائی کو مٹانے کا مہینہ ہے، ایک دوسرے کو گلے لگانے کا مہینہ ہے، خود بھوکے رہ کر دوسروں کی تنگ دستی، خستہ حالی، پریشانی، غربت، مفلسی اور ان کی کمزوری کو احساس کرنے کا مہینہ ہے،، مگر یہ سب کچھ اس وقت احساس ہوگا جب ہم ریاکاری کو ٹھوکر مار کر، نمائش کو بالائے طاق رکھ کر صرف اور صرف اللہ کی رضا و خوشنودی کے لئے روزہ رکھیں گے،، یاد رکھیں روزہ صرف بھوکے رہنے کا نام نہیں ہے بلکہ جسم کے ایک ایک اعضاء کا روزہ رکھنا ہے کیونکہ پورا جسم اللہ کی نعمت ہے،، سب سے پہلے سر کا روزہ یہ ہے کہ جب بھی سر جھکے تو اللہ کے حضور میں سر جھکے گردن کٹ جائے لیکن غیر اللہ کی بارگاہ میں سر نہ جھکے،، آنکھوں سے وہ مناظر نہ دیکھے جس میں عریانیت ہو یہ آنکھ کا روزہ ہے،، تلخ کلامی اور غیبت چغلی سے پرہیز کرنا یہ زبان کا روزہ ہے،، دل میں خوف خدا اور محبت رسول کا چراغ روشن رکھنا یہ دل کا روزہ ہے،، کسی کا گلہ دبانے کے لئے اور کسی کمزور انسان پر ہاتھ نہ اٹھا کر راہ سخاوت میں ہاتھوں کو بلند کرنا یہ ہاتھوں کا روزہ ہے،،

ہر سال ماہ رمضان آتا ہے اور گذر جاتا ہے اور یہ پیغام بھی دیتا ہے کہ جب تم ایک مہینہ کے لئے پرہیزگاری کا راستہ اختیار کرتے ہو تو روزانہ بعد نماز ظہر سے وقت افطار اور بعد افطار تک اللہ رب العالمین کی خیر و برکت کی جھما جھم برسات اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہو اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا کھلا ہوا خزانہ بھی دیکھتے ہو کہ ہر شخص مختلف اقسام کے لوازمات دسترخوان پر سجاتا ہے اور رمضان مبارک کے مہینے کے بعد تمہارا جو حال رہتا ہے ذرا ایک مہینے تک روزانہ ایسے ہی انتظام کرو اور دسترخوان سجا کر دکھاؤ؟ یقیناً اللہ اپنے وعدوں میں سچا ہے یعنی رمضان مبارک کے مہینے کے بعد بھی تمہارے اندر تقوی اور پرہیزگاری اور اللہ کا خوف اور عبادت و ریاضت کا شوق و ذوق و عمل برقرار رہتا تو ایسے ہی رحمتوں برکتوں اور نعمتوں کی برسات ہوتی مگر افسوس کی بات ہے کہ ایک مہینہ روزہ رکھ کر اور صوم وصلاۃ کی پابندیوں کے بعد بھی مسلمانوں پر رمضان مبارک کے اثرات مرتب نہیں ہوتے جبکہ رمضان کے بعد بھی مساجد سے اذان کے کلمات بلند ہوتے ہیں، حی علی الصلوٰۃ و حی علی الفلاح کی صدائیں بلند ہوتی ہیں، مساجد میں قرآن رکھے رہتے ہیں، محراب میں مصلیٰ بچھا ہوتا ہے، چٹائیاں بچھی رہتی ہیں لیکن مسلمانوں کو احساس نہیں ہوتا،، ایک مہینہ رمضان کا روزہ رکھ کر بھی اس کے اثرات مرتب نہ ہوں تو پھر یہی کہا جاسکتا ہے کہ ہم نے سحری و افطار کو بھی ایک رسم ایک نمائش اور سیر وتفریح کا سامان بنا کر رکھ دیا دن بھر بھوکے رہ کر روزہ دار ہونے کا بس ٹائٹل لگا لیا،، اسی لئے جب (زید) نے کہا کہ رمضان کا دوعشرہ گزرنے کے بعد بھی مجھے روزے کا، بھوک پیاس کا، مزدوری و سرمایا داری کا، مجبوری و آسودگی کا، امیری، غریبی، یتیمی، مسکینی، مفلسی کا کچھ احساس ہی نہیں ہوا تو فوراً (بکر) نے کہا کہ تمہارا روزہ ہی نہیں ہوا کیونکہ روزے کی حالت میں امیروں کو غریبی کا، سرمایا داروں کو مزدوری کا، بھوک و پیاس کا، دولت کی فراوانی اور فٹپاتھ پر رات کا گزر بسر کرنے والوں کی زندگی کا احساس کرنا اور احساس ہونا ضروری ہے اسی وجہ سے رمضان کے مہینے کو ماہ تربیت، ماہ تحمل، ماہ محاسبہ، ماہ احساس اور ماہ حساب قرار دیا گیا ہے تاکہ ہم نے گیارہ مہینے تک کیا کیا ہے رمضان کے مہینے میں سب جمع کریں کتنی غلطیاں ہوئی ہیں ان غلطیوں کی اس مہینے میں سربسجود ہوکر رب ذوالجلال سے معافی مانگیں اس مہینے کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ رمضان کا روزہ فرض ہے اور اسلام کا رکن ہے، اس میں نماز بھی پڑھنی ہے چھوٹ نہیں ہے تو نماز بھی فرض ہے اور اسلام کا رکن ہے، اس مہینے میں زکاۃ بھی ادا کی جاتی ہے تو زکاۃ بھی مالک نصاب کے لئے ادا کرنا فرض ہے اور یہ بھی اسلام کا رکن ہے اسلام کے پانچ ارکان میں سے تین رکن تو اسی مہینے کی خوبصورتی میں چار چاند لگائے ہوئے ہیں،، پھر بھی آج ہم کسی کو زکاۃ دیتے ہیں تو اگلے سال وہ خود زکاۃ دینے کے قابل نہیں ہوتا جبکہ حکم شرع تو یہی ہے کہ زکاۃ اس انداز سے ادا کیا جائے کہ جسے دیا جائے تو ایک سال میں وہ زکاۃ دینے کے قابل بن جائے مگر آج تو جس طرح زکاۃ کی رقم تقسیم کی جاتی ہے اس سے گداگری کو فروغ مل رہا ہے، بھیک مانگنے والوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے حتیٰ کہ غیر مسلم بھی مسلمانوں جیسا حلیہ اختیار کرکے بھیک مانگنے لگے جبکہ آج سے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ایک گاؤں ایک قصبے کی زکاۃ کی رقم کو اکٹھا کیا جائے تو کسی بے گھر کا گھر تعمیر ہوسکتا ہے، کسی غریب کی بیٹی کا ہاتھ پیلا ہوسکتا ہے، کسی ایک دو بے روزگاروں کو دکان کھول کر کام پر لگایا جاسکتا ہے ہر گاؤں میں دو چار بچوں کی تعلیم کا خرچ اٹھایا جاسکتا ہے اور معاشرے کو تعلیم یافتہ بنایا جاسکتا ہے،،

اس طرح غربت کا خاتمہ ہوسکتا ہے اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے دور حکومت میں غربت کا خاتمہ ہوگیا تھا تمام اسلامی سلطنتوں اور ریاستوں میں کوئی شخص زکاۃ کا مستحق نہیں تھا یہاں تک کہ زکاۃ کی رقم سے اناج خرید کر چرند و پرند کے لئے پہاڑوں پر ڈال دیا گیا آج تو مشاہدے میں ایسی بات اور ایسا رویہ و نظریہ اور طریقہ بھی دیکھنے کو ملتا ہے کہ زکاۃ کی رقم بھی مخصوص انداز میں اس کو دیا جاتا ہے جس سے اپنا ذاتی مفاد جڑا ہوتا ہے یاد رکھیں کہ زکاۃ کی رقم تقسیم کرنے میں خاندان اور رشتہ داری اور قریبی تعلقات کو ترجیح ضرور دی گئی ہے لیکن مفاد پرستی کو ترجیح نہیں دی گئی ہے اور زکاۃ آپ نے دیا ہے تو اتنا ہی کیا ہے کہ اپنے تربوز کا چھلکا اتار کر پھینک دیا، کیلے کا چھلکا اتار کر پھینک دیا اصل مال تو چھلکے کے اندر ہے وہ تو آپ ہی نے استعمال کیا اب اس میں سے دیں تو اور بات ہے،، یہ بھی ایک بہت بڑا سوال ہے کہ اسلام میں زکاۃ کا نظام ہے پھر بھی غربت کا خاتمہ کیوں نہیں ہوتا مولانا ولی رحمانی نے ایک تقریر میں کہا کہ ہندوستان میں مسلمان بیس لاکھ کروڑ روپیہ ہر سال زکاۃ کی شکل میں نکالتا ہے اس کے باوجود بھی ملک میں ہر چوتھا مسلمان یا تو بھکاری ہے یا پھر غریب ہے آخر کیوں؟ جواب تو یہی ہے کہ زکاۃ دینے والے مسلمان تو ہیں مگر زکاۃ لینے والے مسلمان پوری طرح ایمان دار نہیں ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اب تو بھیک مانگنے اور منگوانے کا کاروبار تک ہونے لگا جو کہ شرم سے ڈوب مرنے کی بات ہے،، اللہ رحم کرے،،

اے مسلمانوں ہم رمضان کے مہینے میں جہاں بہت ساری دعائیں کرتے ہیں وہیں یہ بھی دعا کرنا چاہئے کہ اے رب ذوالجلال ہمیں جھوٹ بولنے سے پرہیز کرنے کی توفیق عطا فرما اور رمضان کے بعد بھی ہمیں ذکر واذکار، عبادت وریاضت اور کار خیر کی توفیق عطا فرما آمین یارب العالمین۔

javedbharti508@gmail.com

جاوید اختر بھارتی (رکن مجلس شوریٰ جامعہ فیض العلوم) محمد آباد گوہنہ ضلع مئو یوپی)

رمضان اور تقویٰ

تحریر
مولانا ریاض الامین

یاایھا الذین امنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون !(سورہ بقرہ(83

اے لوگوں جو ایمان لائے ہو تم پر روزے فرض کر دیئے گئے ہیں، جس طرح تم سے پہلے انبیاء کے پیروں پر فرض کیے گئے تھی

آیئے رمضان میں ایک نیا اپنا آپ دریافت کریں۔ فرضیت رمضان کا مقصد اللہ رب کریم نے حصول تقویٰ بتایا۔

یہ تقویٰ کیا ہے؟

تقویٰ کے لفظی معنی خوف کے ہیں، اصطلاح میں یہ انسان کے اندر اس محاسب کا نام ہے جو اس کو ہر قدم پر اللہ کی نافرمانی سے روکتا ہے اور انسان کی راہنمائی کرتا ہے کہ وہ دنیا کے خارزار میں جہاں ہر طرف خواہشات، میلانات، ترغیبات، گمراہیوں اور نافرمانیوں کی خاردار جھاڑیاں ہیں، ان سے دامن بچا کر اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری اور اسکی خوشنودی کے راستے پر چل سکے جو بالآخر فلاح وکامرانی کی منزل تک پہنچادے۔

یہ تقویٰ ہی ہے جو ایک جانب بندے کو اللہ کی نافرمانی سے روکتا ہے اور دوسری جانب یہ معاشرے کی ایک قوت نافذہ ہے جو بغیر کسی پولیس اور قانون ساز ادارے کی، انسانوں کو ایک دوسرے پر دست درازی سے روکتے ہوئے حقوق العباد کی درست ادائیگی کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ گویا مختصر الفاظ میں اپنے آپ کو ہر حال میں اللہ کی اطاعت پر قائم رکھنے کا نام ہی تقویٰ ہی۔ خواہ انفرادی معاملہ ہو یا اجتماعی، گھر کے اندر، باہر، اہل خانہ کے ساتھ، کاروبار، تجارت، ملازمت، زیردستوں کے ساتھ معاملہ ہو ہر معاملہ اللہ کے حکم کے مطابق کرنا تقویٰ ہے اور اس کے برعکس ہر راستہ فجور کا راستہ ہے اور فسق و فجور شیطان کا راستہ ہے۔ اسلام کے نزدیک دنیا میں فساد کی جڑ اور انسانیت کی تباہی و بربادی کا اصلی سبب فجور ہی۔ وہ اس فجور کے سانپ کو ہلاک کردینا چاہتا ہے یا کم سے کم اس کے زہریلے دانت توڑ دینا چاہتا ہے تاکہ اگر یہ سانپ جیتا رہے تب بھی انسانیت کو ڈسنے کی طاقت اس میں باقی نہ رہی۔ اس کام کے لیے وہ نوع انسانی میں سے ان لوگوں کو چن چن کر نکالنا اور اپنی پارٹی میں بھرتی کرنا چاہتا ہے جو متقیانہ رجحان طبع رکھتے ہوں۔ فجور کی جانب ذہنی رجحان (bent of Mind) رکھنے والے لوگ اس کے کسی کام کے نہیں، خواہ وہ اتفاق سے مسلمانوں کے گھر پیدا کیے گئے ہوں اور مسلم قوم کے درد میں کتنے تڑپتے ہوں۔ اسے دراصل ضرورت ان لوگوں کی ہے جن میں خود اپنی ذمہ داری کا احساس ہو جو آپ اپنا حساب لینے والے ہوں، جو خود اپنے دل کی نیتوں اور ارادوں پر نظر رکھیں جن کو قانون کی پابندی کے لیے کسی خارجی دباؤ کی حاجت نہ ہو بلکہ خود ان کے اپنے باطن میں ایک محاسب اور آمر بیٹھا ہو جو انہیں اندر سے قانون کا پابند بناتا ہو اور ایسی قانون شکنی پر بھی ٹوکتا ہو جس کا علم کسی پولیس، کسی عدالت اور کسی رائے عام کو نہیں ہوسکتا وہ ایسے افراد چاہتا ہے جنہیں یقین ہو کہ ایک آنکھ ہر حال میں انہیں دیکھ رہی ہے جنہیں خوف ہو کہ ایک عدالت کے سامنے بہر حال انہیں جانا ہے جو دنیوی منافع کے بندے، ہنگامی مصالح کے غلام اور شخصی یا قومی اغراض کے پرستار نہ ہوں۔ جن کی نظر آخرت کے اصلی وحقیقی نتائج پر جمی ہوئی ہو۔ جن کو دنیا کے بڑے سے بڑے فائدے کا لالچ یا سخت سے سخت نقصان کا خوف بھی خداوند عالم کے دیئے ہوئے نصب العین اور اس کے بتائے ہوئے اصول اخلاق سے نہ ہٹا سکتا ہو۔ جن کی تمام سعی وکوشش صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہو، جنہیں اس امر کا پختہ یقین ہو کہ آخر کار بندگی حق ہی کا نتیجہ بہتر اور بندگی باطل ہی کا انجام برا ہوگا، چاہے اس دنیا میں معاملہ برعکس ہو۔

فجور کا راستہ روکنے اور تقویٰ کی صفت پیدا کرنے اور اس کو مستحکم کرنے میں روزے سے زیادہ طاقت ور اور کوئی ذریعہ نہیں ہوسکتا۔ ایک شخص سے کہا جاتا ہے کہ روزہ تم پر اللہ نے فرض کیا ہے۔ صبح سے شام تک کچھ نہ کھاؤ پیو۔ کوئی چیز حلق سے اتارو گے تو تمھارا روزہ ٹوٹ جائے گا۔ لوگوں کے سامنے کھانے پینے سے اگر تم نے پرہیز کیا اور در پردہ کھاتے پیتے ہو تو خواہ لوگوں کے نزدیک تمھارا شمار روزہ داروں میں ہو مگر خدا کے نزدیک نہ ہوگا۔ تمھارا روزہ صحیح اس صورت میں ہوسکتا ہے کہ خدا کے لیے رکھو، ورنہ دوسری کسی غرض مثلاً صحت کی درستی یا نیک نامی کے لیے رکھو گے تو اس دنیا میں کوئی انعام نہ ملے گا اور توڑو گے یا نہ رکھو گے تو یہاں کوئی سزا نہ دی جائے گی۔ یہ چند ہدایات دے کر آدمی کو چھوڑ دیا جاتا ہے کوئی سپاہی، کوئی ہرکارہ، کوئی سی آئی ڈی کا آدمی اس پر مقرر نہیں کیا جاتا کہ ہر وقت اس کی نگرانی کرے۔ زیادہ سے زیادہ رائے عامہ اپنے دباؤ سے اس کو اس حد تک مجبور کرسکتی ہے کہ دوسروں کے سامنے کچھ نہ کھائے پیئے، مگر چوری چھپے کھانے پینے سے اس کو روکنے والا کوئی نہیں اور اس بات کا حساب لینا تو کسی رائے عامہ یا کسی حکومت کے بس ہی میں نہیں کہ وہ رضائے الٰہی کی نیت سے روزہ رکھ رہا ہے یا کسی اور نیت سے۔ گویا پورے تیس دن، 20 گھنٹے ایک فرد کو ڈسپلن کے ماتحت رکھا جاتا ہے۔ مقرر وقت تک سحری، مقرر وقت پر افطار، جب تک اجازت ہے اپنی خواہشات نفس پوری کرتا رہے اور جب اجازت سلب کر لی جائے تو ہر اس چیز سے رک جائے جس سے منع کیا گیا ہے۔

گویا رمضان خواہشات نفس میں انضباط کا مہینہ ہے۔ بقول شاہ ولی اللہؒ انسان وجن کے علاوہ دنیا میں دو طرح کی مخلوقات ہیں۔

فرشتے جو حیوانی خصوصیات سے مبرا ہیں۔ بھوک، شہوت، غم، خوشی کے احساسات سے عاری ہیں نہ جہل میں مبتلا ہوتے ہیں نہ ظلم کرسکتے ہیں۔ دوسری مخلوقات میں جانور ہیں جو علم حاصل کرسکتے ہیں نہ عدل جو ہر وقت جسمانی تقاضے پورے کرنے میں مشغول رہتے ہیں۔

انسان میں دونوں خصوصیات رکھ دی گئی ہیں ملکوتی صفات (فرشتوں والی) اور حیوانی صفات۔ اگر حیوانی صفات غالب آجائیں تو انسان نفس پرست اور پستی کا شکار ہوجاتا ہے اور شر الدواب کہلاتا ہے اور اگر ملکوتی صفات غالب آجائیں تو انسان اعلیٰ صفات کا حامل ہوجاتا ہے۔

حقیقی کامیابی یہ ہے کہ خواہشات نفس و ہوس عقل کے تابع ہوں، نفس حیوانی، نفس روحانی کی اطاعت کرے۔ رمضان میں انسان تیس دن تک ان خواہشات نفسانی کو مغلوب کرنے اور انضباط نفس کی مشق کرتا ہے۔ انضباط نفس کی اس مشق کے لیے بظاہر انسان کی صرف دو خواہشوں (یعنی غذا لینے کی خواہش اور صنفی خواہش) کو چھانٹ لیا گیا ہے اور ڈسپلن کی ساری پابندیاں صرف انہی دو پر لگائی گئی ہیں۔ لیکن روزے کی اصل روح یہ ہے کہ آدمی پر اس حالت میں خدا کی خداوندی اور بندگی وغلامی کا احساس پوری طرح طاری ہوجائے اور وہ ایسا مطیع امر ہو کر یہ ساعتیں گزارے کہ ہر اس چیز سے رکے جس سے خدا نے روکا ہے اور ہر اس کام کی طرف دوڑے، جس کا حکم خدا نے دیا ہے۔ روزے کی فرضیت کا اصل مقصد اسی کیفیت کو پیدا کرنا اور نشو ونما دینا ہے نہ کہ محض کھانے پینے اور مباشرت سے روکنا۔ دیکھا جائے تو آج کا انسان انہی خواہشات نفس کے باتھوں افراط وتفریط کا شکار ہوکر شاہراہ اعتدال سے بری طرح ہٹ چکا ہے۔ مثلاً خواہش طعام کی کثرت پر اللہ نے خود فرمایا۔

والذین کفروا یتمتعون و یاکلون کما تاکل الانعام والنار مثوی لھم (سورۃ محمد (12 : اور کفر کرنے والے بس دنیا کی چندروزہ زندگی کے مزے لوٹ رہے ہیں جانوروں کی طرح کھا پی رہے ہیں ان کا ٹھکانا جہنم ہے

اسی طرح جنسی خواہش کو لیجیے۔ جو اللہ نے انسان اور جانوروں کے اندر بقائے نسل کے لیے رکھی اور انسانوں کے اندر صنفین میں کشش اس کا ذریعہ بنتی ہے، جو انہیں ساتھ رہنے کے لیے لازم و ملزوم بناتی ہے۔ اللہ نے اس پر حیا کا پہرا بٹھا کر اس کو ایک حد کے اندر پابند کیا۔ عورت اور مرد کو ایک دوسرے کا لباس قرار دیا۔

ھن لباس لکم وانتم لباس (البقرہ(187

وہ تمھارے لیے لباس ہیں تم ان کے لیے لباس ہو

اور نکاح کے دائرے کے اندر حدود کا پابند کر کے معاشرے کو ایک پاکیزگی عطا کی اور حکم دیا کہ تلک حدود اللہ فلا تعتدوہا۔۔ (سورۃ البقرہ(

لیکن جب انسان نے نفس کی باگیں شیطان کے ہاتھ میں دے دیں تو فن کی انڈسٹری بن گئی۔ جس کا اوّل و آخر مقصد انسان کی شہوانی خواہشات کی تشکیل ٹھہری اور آج کا انسان ۔۔۔۔ آہ! آج کا انسان اس راہ پر اتنی افراط وتفریط کا شکار ہو چکا ہے کہ جانور بھی حیران ہوتے ہونگے اور خود شیطان بھی بغلیں بجاتا ہوگا۔ نہ حیا رہی، نہ لباس، نہ حدود، نہ پابندیاں، بیڈ رومز سے لے کر چوکوں چوراہوں تک ہوس کے مظاہر، دعوت نظارہ دیتے ہیں۔

رمضان اس بھٹکے ہوئے انسان کو پھر سے سیدھی راہ پر ڈالنی، اس کے نفس کو انضباط کی مشق کرانی، اور اعتدال کا راستہ دکھانے والا مہینہ ہے جو انسان کی انہی دو خواہشات پر قابو کرانے کی مشق کے ذریعے اس اس قابل بناتا ہے کہ وہ دیگر کمزوریوں پر بھی گرفت کرسکے حیوانی صفات کو مغلوب کر کے انہیں امر ربّ کے تابع کر کے انہیں ملکوتی صفات کا آئینہ دار بنا سکے اور وہ اللہ کے ان بندوں میں شامل ہوسکی، جن کے لیے اللہ جنت کے سارے دروازے کھول کر انتظار کرتا ہے۔ سبحان اللہ

طلبا قوم کی تعمیر

تبدیلی کا عکاس ہے۔ منوج سنہا نے کہا کہ 'جب مساوی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، تو خواتین نہ صرف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتی ہیں بلکہ تمام شعبوں میں نئے معیارات قائم کرتے ہوئے آگے سے آگے بڑھ جاتی ہیں'۔ انہوں نے بدلتے ہوئے عالمی منظر نامے کے تناظر میں کہا کہ تیز رفتار تکنیکی ترقیات، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تبدیلی اعلیٰ تعلیم اور نقل و حمل کو نئی شکل دے رہی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ موافقت، بین الضابطہ تعلیم اور مہارت کی مسلسل ترقی ایک غیر متوقع دنیا میں 'دلیونٹ' رہنے کے لیے ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکنالوجی کو ایک وسیلہ کے طور پر استعمال کرنا چاہئے اس کو انسانی ذہانت کے متبادل کے بطور استعمال کرنے سے گریز کیا جانا چاہئے۔ ایل جی نے طلبا پر زور دیا کہ وہ ناکامی کو سیکھنے کا ایک اہم جز سمجھیں۔ انہوں نے کہا: 'ناکامیاں اکثر نئے راستوں اور نئے مواقع کے لئے دروازے کھولتی ہیں'۔ ان کا کہنا ہے کہ تعلیم ڈگری کے ساتھ ختم نہیں ہوسکتی بلکہ اس کا سلسلہ زندگی بھر جاری رہنا چاہئے۔ اخلاقی قدروں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے منوج سنہا نے زور دے کر کہا: 'مصنوعی ذہانت تحقیق اور اختراع کو تیز کرسکتی ہے، تاہم اس کی رہنمائی اخلاقی ذمہ داری اور انسانی ذہانت سے ہونی چاہیے'۔ فارغ التحصیل طلبا کو معاشرے میں معنی خیز کردار ادا کرنے کی دعوت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیم تبدیلی کا سب سے طاقتور ذریعہ ہے اور اس کو قوم کی تعمیر کی ایک بڑی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ نہ صرف ذاتی کامیابی کے لیے بلکہ اجتماعی ترقی کے لیے بھی سبقت لے رہے ہیں۔ انہوں نے طلباء سے کہا کہ ملک نے ان کی تعلیم میں بڑی امید اور توقعات کے ساتھ سرمایہ کاری کی ہے۔ ان کا کہنا تھا: 'جب آپ اپنے علم اور ہنر کو قوم کے لیے وقف کرتے ہیں، تو آپ اپنے آپ کو اور ملک کو مضبوط بناتے ہیں'۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے طلبا پر زور دیا کہ وہ کشمیر کے بھرپور ثقافتی ورثے کا احترام کریں اور اسے آگے بڑھائیں اور تیز رفتار عالمی تبدیلیوں کیساتھ مطابقت پذیر رہیں۔ ڈارون کے موافقت کے اصول کا حوالہ دیتے ہوئے، انہوں نے تعلیم، ٹیکنالوجی اور معاشرے میں تبدیلیوں کیساتھ ارتقاء کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا: 'اشتراک اور اختراع کے مواقع نہ ختم ہونے والے ہیں۔ آج کے لئے تیار کی جارہی کریئرز کل بدل سکتے ہیں۔ صنعتیں نئے سرے سے بن رہی ہیں۔ اصل سوال یہ نہیں ہے کہ تبدیلی آئے گی یا نہیں بلکہ یہ ہے کہ کیا ہم اس کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکتے ہیں۔ میرا ماننا ہے کہ وہ نوجوان آگے بڑھیں گے جو تنقیدی سوچ، بنیادی علم اور مستقل سیکھنے کے عزم کے حامل ہوں۔'' انہوں نے کہا: '' آرٹیفیشل انٹلی جنس اب صحت، زراعت، مالیات، شہری منصوبہ بندی اور حکمرانی سمیت ہر شعبے میں سرایت کرچکی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ٹیکنالوجی انسانی فلاح کی خدمت کرے گی یا محض منافع کی؟ میں یونیورسٹیوں کے کیمپس اس جواب کو تیار کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں، جہاں علم زندگی کی اقدار سے ہم آہنگ ہوتا ہے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے اساتذہ کے لئے تین اہم ترجیحات ا) ہر نصاب میں بنیادی مہارت کے طور پر موافقت پذیری ۲) آرٹیفیشل انٹلی جنس اور اُبھرتی ٹیکنالوجیوں کا انسانی ذہانت کے ساتھ ہم آہنگ انضمام ۳) عالمی اور بین الشعبہ جاتی تعاون بیان کیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید چیلنجز ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، اس لئے یونیورسٹیوں کو مضامین کی حد بندی توڑ کر مشترکہ بین الشعبہ جاتی ٹیم ورک کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ہدف 2047 تک ایک مکمل ترقی یافتہ قوم بننا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا: ''وکست بھارت کوئی خواب نہیں بلکہ ایک عزم ہے جو سخت محنت سے ہوا ہے۔ یہ محنت، لگن، اختراع، اخلاقی قوت اور مسلسل ایجادات کا تقاضا کرتا ہے اور یہ مشن ہماری نوجوان نسل کے سپرد ہے۔'' انہوں نے تمام میڈل حاصل کرنے والوں کو مبارک باد دی اور طالبات کی شاندار کارکردگی کو سراہا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے بتایا کہ 239 گولڈ میڈلز میں سے 186 ہماری بیٹیوں نے حاصل کئے اور 164 پی ایچ ڈی ڈگریوں میں سے 108 ہماری بیٹیوں کے نام ہیں۔ اس موقعہ پر معزز شخصیات نے کشمیر یونیورسٹی کا پروفائل بھی جاری کیا۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، وزیر برائے اعلیٰ تعلیم سکینہ ایتو، وائس چانسلر نیلوفر خان، مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز، تعلیمی اداروں کے سربراہان، سول و پولیس انتظامیہ کے سینئر افسران، اساتذہ، طلبا اور ان کے والدین نے شرکت کی۔

مودی کے دور سے

دیتے ہوئے، انہوں نے کہا، "آج ہم نے ایک اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی شراکت داری قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سے مصنوعی ذہانت (اے آئی)، کوانٹم اور نایاب معدنیات جیسے شعبوں میں تعاون کو نئی تحریک ملے گی۔" وزیر اعظم نے خوشی کا اظہار کیا کہ اسرائیلی حکومت نے اپنے ملک میں ہندوستانی ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام یو پی آئی کے استعمال کی اجازت دینے پر رضامندی ظاہر کی ہے اور اس کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کے مضبوط موقف کو دہراتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا، "ہندوستان اور اسرائیل بالکل واضح ہیں کہ دہشت گردی کی دنیا میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ دہشت گردی کسی بھی شکل میں ہو، کسی بھی صورت میں ہو، برداشت نہیں کی جاسکتی۔" وزیر اعظم نے کہا کہ ہم دہشت گردی اور اس کے حامیوں کے خلاف کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے رہے ہیں اور رہیں گے۔ مسٹر مودی نے غزہ امن معاہدے کے لیے ہندوستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا، "انسانیت کو تنازعات کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ غزہ امن منصوبے نے امن کا راستہ بنایا ہے۔" ہندوستان نے ان کوششوں کی مکمل حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور اسرائیل کے تعلقات گہرے اعتماد، مشترکہ جمہوری اقدار اور انسانی حساسیت کی مضبوط بنیاد پر استوار ہیں۔ ہمارے تعلقات وقت کی کسوٹی پر کھرے ہیں۔ اس دورے کے آخری روز دونوں ممالک کے درمیان کئی اہم معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ وزیر اعظم نے اپنے دورے کے پہلے دن بدھ کو اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔ انہوں نے آج اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ سے بھی ملاقات ادھر وزیر اعظم نریندر مودی کے دورہ اسرائیل کے دوران دونوں ممالک نے مستقبل میں باقاعدہ دو طرفہ وزارتی سطح کی ملاقاتوں کا اہتمام کرنے پر اتفاق کیا ہے انہوں نے کہا، "ہم قدیم تہذیبیں ہیں، اپنے ماضی پر بہت فخر کرتے ہیں، لیکن مستقبل کو گلے لگانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں اور ہم مل کر اسے اور بھی بہتر کرسکتے ہیں۔ ہم نے جی 2 جی (گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ) میٹنگ انڈیا میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔" انہوں نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے "ہندوستان کے غیر معمولی باصلاحیت لوگوں اور اسرائیل کے لوگوں" کے ساتھ تعاون پر تبادلہ خیال کیا اور اسے ٹھوس شکل دینے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح مسٹر مودی "پریزن انڈسٹری کمپلیکس" کے بارے میں بات کرتے ہیں، پورے کھیت کی بجائے کسی کھیت کے ایک مخصوص حصے کو سیراب کرنا شامل ہے جہاں اس کی ضرورت ہے۔ انہوں نے "صحت سے متعلق تعلیم" کے ذریعے ایک خاص طالب علم کے ذہن کو سیراب کرنے کا مشورہ بھی دیا۔ مسٹر نیتن یاہو نے کہا "اب ہمارے پاس سافٹ ویئر اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) ہے جو ہر نوجوان طالب علم، لڑکا یا لڑکی - تک پہنچ سکتا ہے اور انہیں اپنی پوری صلاحیت تک پہنچنے کے قابل بناتا ہے"۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ حدود جو پہلے رکاوٹیں تھیں اب ختم ہوگئی ہیں۔ مستقبل ان کا ہے جو اسے اپناتے ہیں۔ اسرائیلی وزیر اعظم نے مسٹر مودی کی تعریف کرتے ہوئے کہا، "آپ کی حکومت انتہائی موثر ہے۔ آپ صرف ایک وزیر اور ایک سفیر کے ساتھ جو کچھ کرسکتے ہیں وہ حیرت انگیز ہے۔" انہوں نے کہا کہ اس دورے کے دوران "ہمارے درمیان دل و دماغ کی ملاقات" وزارتی سطح کی دوطرفہ ملاقاتوں میں جاری رہے گی۔ اس سے دونوں ممالک کے درمیان باہمی فائدے میں تیزی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ ان کی ذاتی دوستی اور ان کی حکومتوں اور ان کے لوگوں کے درمیان دوستی کی گہری قدر کرتے ہیں۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ مسٹر مودی کے دورے کے نتیجے میں یہ دوستی جاری رہے گی، پھلے پھولے گی اور مضبوط ہوگی

صدقہ فطر فی کس

انہوں نے کہا کہ صدقہ فطر کی مقدار ہر ایک کی طرف سے صاع شرعی مقرر ہے، یعنی پونے دو سیر گیہوں کا آٹا جو درمیانی قسم کا آٹا ہے، پوری تحقیق کے بعد 80 روپے فی کس ادا کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا اگرچہ مقررہ رقم کا تعین گندم کے آدھے صاع کی بنیاد پر کیا گیا ہے، جس کا حساب 77 روپے ہے۔ تاہم احتیاط کے طور پر اسے 80 مقرر کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو لوگ مالی طور پر خوشحال ہیں وہ صدقہ یا تو نقد یا گندم، کھجور، کشمش یا دیگر منظور شدہ غذائی اجناس کی صورت میں مقررہ رقم کے برابر ادا کرسکتے ہیں، ایسے میں اہل ایمان سے عید الفطر کی نماز ادا کرنے سے پہلے فرض ادا کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

نو آبادیاتی

کا شکار رہا، جس کے اثرات آج بھی ذہنی رویوں، تعلیمی ڈھانچے اور فیصلہ سازی میں جھلکتے ہیں۔ انہوں نے طلبا سے اپیل کی کہ وہ خود اعتمادی پیدا کریں، اپنی ماضی کی وراثت پر فخر کریں اور تحقیقات، اختراعات اور سائنسی ترقی کو ملکی ذہانت، مقامی وسائل اور قومی ضروریات کے مطابق آگے بڑھائیں۔ خطاب کے دوران انہوں نے صاف الفاظ میں کہا کہ 'ہمیں خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں، احساس کمتری میں مبتلا ہونے کی ضرورت نہیں، سب سے پہلے ہمیں اپنی نوآبادیاتی ذہنیت کو ختم کرنا ہوگا۔' نائب صدر نے اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں اختراع اور اسٹارٹ اپ ماحول کو ملی تقویت کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے ملک کی سائنسی برادری، نوجوان محققین اور صنعت کاروں کے لیے جو معاون ماحول تشکیل دیا ہے، اس نے بھارت کو عالمی سطح پر 'سب سے زیادہ امکانات والی معیشت' کے طور پر ابھار دیا ہے۔ وہاں کے دوران ویکسین تیار کرنے کی مثال دیتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ جب دنیا کو شبہ تھا کہ بھارت خود اپنی ویکسین بنا سکے گا یا نہیں، وزیر اعظم نے ملک کے سائنس دانوں کو چیلنج اور اعتماد دونوں دیا، ہم نے دنیا کو دکھایا کہ اختراع کسی کی جاگیر نہیں ہوتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مغربی ممالک نے اسی ویکسین کو مہنگے پیٹنٹ کے ذریعے بیچنے کی کوشش کی لیکن ہندستان نے دنیا کے غریب ممالک کو بھی قابل رسائی قیمت پر ویکسین فراہم کی، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارتی اختراع انسانی فلاح کے لیے ہے، نہ کہ سرمایہ دارانہ فائدے کے لیے۔ ان کا کہنا تھا کہ 'ایک ویکسین کی قیمت 7,500 امریکی ڈالر تک ہوسکتی ہے، سوچئے ایک غریب انسان کیسے خریدے گا؟'' نائب صدر نے اپنے خطاب میں سری نگر انٹرنیشنل ائرپورٹ کی ترقی و توسیع کے لیے مرکز کی جانب سے منظور شدہ 1600 کروڑ روپے کے منصوبے کا بھی حوالہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ بہتر ہوابازی کا ڈھانچہ کشمیر کی سیاحت کو نئی بلندیوں تک لے جائے گا بشرطیکہ یہ ترقی وادی کے نازک ماحولیاتی توازن کو متاثر کیے بغیر کی جائے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے اس بیان کا بھی ذکر کیا جس میں انہوں نے پائیدار اور ماحول دوست سیاحت کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ اس دوران نائب صدر نے دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پل چناب برج کو 'انجینئرنگ کا عالمی شاہکار' قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ محض ایک ڈھانچہ نہیں بلکہ سماجی ہم آہنگی کا ذریعہ بھی ہے، کیونکہ جب راستے جڑتے ہیں تو لوگ جڑتے ہیں اور جب لوگ جڑتے ہیں تو دل قریب آجاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی اسکیمیں، خصوصاً 'وزیر اعظم خصوصی اسکالرشپ اسکیم'، وادی کشمیر میں نوجوانوں کے لیے مواقع کے نئے دروازے کھول رہی ہیں اور انہیں ملک کے مختلف حصوں میں اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی فراہم کررہی ہیں۔ نائب صدر نے کہا کہ یہ اسکیم نہ صرف تعلیمی میدان میں نوجوانوں کی رہنمائی کا ذریعہ ہے بلکہ قومی یکجہتی کا پل بھی ہے جو کشمیری نوجوانوں کو ملک کے دوسرے علاقوں کے ساتھ ایک مضبوط رشتے میں جوڑتی ہے۔ اپنے خطاب میں نائب صدر نے نشہ آور ادویات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے نوجوانوں کو خبردار کیا کہ منشیات صرف صحت کو تباہ نہیں کرتیں بلکہ خاندانوں کی بنیادیں ہلا دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 'آپ کے والدین آپ سے امید رکھتے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ آپ زندگی میں کامیاب ہوں۔' انہوں نے تمام مذاہب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دنیا کا کوئی مذہب منشیات کی اجازت نہیں دیتا، اس لیے نوجوانوں کو چاہیے کہ خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی دور رکھیں۔ نائب صدر نے نوجوانوں کو سوشل میڈیا کے بے جا استعمال سے بھی خبردار کیا، کہتے ہوئے کہ حد سے زیادہ انحصار انسان کو حقیقت سے دور کر دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا آپ کی کامیابی نہیں بنا سکتا، کامیابی کے لیے محنت، نظم وضبط اور علم کی ضرورت ہوتی ہے۔ یونیورسٹی آف کشمیر کے 21 ویں سالانہ کانووکیشن کے دوران طلباء اور طالبات کو 448 , 59 ڈگریاں عطا کی گئیں، جن میں 18 ایم فل اور 620 پی ایچ ڈی کی ڈگریاں بھی شامل ہیں۔ اس کانووکیشن میں کل ملا کر تقریباً 60 ہزار ڈگریوں اور تمغوں میں سے 60 فیصد سے زیادہ طالبات کو حاصل ہوئیں

نائب صدر کا

کی علامت ہیں۔ انہوں نے پُر اثر لہجے میں کہا: میرا کشمیر نہیں، تمہارا کشمیر نہیں ہمارا کشمیر۔

عمر عبداللہ کا

کے بدلتے ہوئے سماجی و اقتصادی منظر نامے میں اپنے کردار پر غور کریں۔ وزیر اعلیٰ نے ایک جذباتی اپیل میں طلبا کے والدین اور اہل خانہ کو ان کی قربانیوں کے لیے خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے حضرت محمد (ص) کے ایک حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے طلباء کو یاد دلایا کہ 'آپ کی جنت آپ کی والدہ کے قدموں تلے ہے'۔ ان کا کہنا تھا: 'طلبا کو دی جانے والی ہر ڈگری ان کے والدین کی بھی ہے جو سخت آزمائشوں میں اپنے بچوں کے ساتھ کھڑے رہتے ہیں'۔ وزیر اعلیٰ نے نصابی کتب سے ہٹ کر طلباء کی رہنمائی کرنے پر یونیورسٹی فیکلٹی کی تعریف کی اور کہا: 'انہوں نے معلومات کے حد سے زیادہ دباؤ کے دور میں فہم و فراست کو جنم دیا ہے'۔ انہوں نے کہا کہ 'حکومت اور جموں و کشمیر کے عوام مستقبل کے لیڈروں کی تشکیل کے لیے ان کے شکر گزار ہیں'۔ حال ہی میں پیش کیے گئے 27-2026 بجٹ کا حوالہ دیتے ہوئے، عمر نے اسے ایک "مالیاتی کمپاس" قرار دیا جس کا مقصد جموں و کشمیر کو معاشی متحرک اور شراکتی حکومت کی طرف لے جانا ہے۔ انہوں نے کہا: 'یہ محض اعداد و شمار کا لیجر نہیں ہے، بلکہ ایک ترقی پسند اور جدید خطے کی تعمیر کے ارادے کا اعلان ہے'۔ خواتین کی شرکت پر روشنی ڈالتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ اس سال دیے گئے تقریباً 60,000 ڈگریوں اور تمغوں میں سے 60 فیصد سے زیادہ خواتین کے حصے میں آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امید افزا قدم جیسی اسکیموں نے تقریباً سات لاکھ خواتین کو مالی خود مختاری کو فروغ دینے کے لیے سیلف ہیلپ گروپس میں منظم کیا ہے۔ شعبہ سیاحت کے بارے میں، انہوں نے کہا کہ حکومت ماحولیاتی خدشات کے درمیان پائیداری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے، گریز، کیرن اور ٹنگڈار جیسے علاقوں میں سرحدی سیاحت کو فروغ دے رہی ہے تاکہ گلمرگ اور پہلگام جیسے روایتی مقامات کے علاوہ بھی سیاحوں کی آمد کو بڑھایا جا سکے۔ انہوں نے ہائی ڈنسٹی شجرکاری، ٹیکنالوجی پر مبنی حل اور بہتر مارکیٹ تک رسائی کے ذریعے زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے پر زور دیا اور گرین ڈیٹا سینٹرز سمیت ڈیجیٹل انفراسٹرکچر میں ترقی پر زور دیا۔ عمر عبداللہ نے میرٹ پر مبنی طرز حکمرانی کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ مواقع کا تعین خاندانی پس منظر کے بجائے صلاحیت اور قابلیت کی بنیاد پر ہونا چاہئے۔ انہوں نے نوجوانوں میں ذہنی صحت کے مسائل سے نمٹنے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا اور یونیورسٹی کے فارغ التحصیل طلبا پر زور دیا کہ وہ ایک مضبوط اور ہمہ گیر معاشرے کی تعمیر میں اپنا رول ادا کریں۔۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے خطاب کو ختم کرتے ہوئے طلباء پر زور دیا کہ وہ کشمیریت کی روح کو وہاں ساتھ لے جائیں جہاں زندگی انہیں لے جائے۔ انہوں نے کہا: 'دنیا میں کہیں بھی چلے جاؤ، لیکن ان چناروں کی خوشبو کو اپنے دل میں لے جاؤ، آج تم وہ نور ہو جو جموں و کشمیر کو آگے لے کر جائے گا'۔ آج آپ وہ روشنی ہیں جو جموں و کشمیر کو آگے لے کر جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ خطے کے سرحدی دیہات اب تنازعات کی علامت نہیں رہے ہیں بلکہ کنکشن یعنی رابطے کی علامت کے طور پر ابھرے ہیں، کیونکہ ان علاقوں میں سیاحت کو فروغ دینے کے لیے حکومت مرکز کے ساتھ شراکت دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت جامع اور پائیدار ترقی کو یقینی بناتے ہوئے جموں و کشمیر کو اختراعات اور علم پر مبنی صنعتوں کے مرکز میں تبدیل کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔

کشمیر جو کبھی

انہوں نے کہا کہ چار روزہ ونٹر گیمز کا انعقاد نہ صرف کھیلوں کی ترویج کرتا ہے بلکہ سوسائٹی کو جوڑتا ہے، ہارنے اور جیتنے کے اصول سکھاتا ہے اور کھیلوں کی ترقی کے لیے راہ ہموار کرتا ہے۔ وزیر کھیل نے کہا کہ وادی میں کھلاڑیوں کی کمی نہیں ہے اور حکومت ہر سطح پر انہیں بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے مزید کہا کہ وادی میں ورلڈ کلاس ٹورزم کے لیے گلمرگ کی خوبصورتی بے مثال ہے اور یہاں کھیلوں کے انعقاد سے سیاحتی شعبے کو بھی فروغ مل رہا ہے۔ اس سال کے ونٹر گیمز میں نو سو سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا جبکہ پچیس ممالک کے کھلاڑی بھی اس میں شریک ہوئے، جس سے کھیلوں کا عالمی معیار قائم کرنے میں مدد ملی۔ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ دنوں میں بہترین کارکردگی دکھائیں گے اور کشمیر کھیلوں کے لیے مشہور ہوگا۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ کشمیر ماضی میں پتھر بازی کے لیے مشہور تھا مگر آج یہ کھیلوں کے طور پر جانا جاتا ہے۔ انہوں نے 370 کی شق کی منسوخی کے بعد حالات میں بہتری کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ بڑے پروگراموں کے دوران سیکورٹی کے مسائل اب نہیں ہیں اور جموں و کشمیر ترقی کی نئی منازل طے کر رہا ہے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ یہ ترقی، نوجوانوں کی صلاحیتوں اور کھیلوں کے فروغ کے ساتھ وادی کی تبدیلی کا مظہر ہے، اور گلمرگ کو عالمی سطح پر کھیلوں اور سیاحت کے لیے ممتاز مقام بنانے میں مدد ملے گی۔ مرکزی وزیر نے اپنے خطاب کے آخر میں زور دیا کہ گلمرگ کی خوبصورتی، نوجوانوں کی صلاحیتیں اور حکومتی کوششیں وادی کشمیر کو ایک روشن مستقبل کی طرف لے جائیں گی، جہاں کھیل، تعلیم اور سیاحت کے مواقع سب کے لیے یکساں ہوں گے۔

سرینگر ایئر پورٹ کی

صنعت اور مقامی کاروباروں کے لیے نئی امید کا سبب بن گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ٹرمینل کی موجودہ گنجائش گزشتہ چند برسوں میں آنے والے بڑھتے ہوئے رش کے مقابلے میں ناکافی ہوچکی تھی، جس کے باعث توسیع ناگزیر ہوگئی تھی۔ نئے منصوبے کے تحت 73 ایکڑ سے زائد رقبے پر ایک جدید ترین ٹرمینل بنایا جائے گا جو 71 ہزار مربع میٹر پر محیط ہوگا اور پیک سیزن میں 2,900 مسافروں کو بیک وقت سنبھال سکے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہوائی اڈے کی سالانہ مسافروں کو سنبھالنے کی صلاحیت بھی ساڑھے 2 ملین سے بڑھا کر 10 ملین کر دی جائے گی۔ نئی عمارت کشمیری ثقافتی رنگوں اور جدید ڈیزائن کا امتزاج ہوگی جس میں توانائی کی بچت اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بھی شامل ہوگا۔ سیاحتی شعبے سے وابستہ افراد کا کہنا ہے کہ سیاحت کشمیر کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور ایئرپورٹ کی توسیع سے سیاحوں کی آمد میں واضح اضافہ ہوگا۔ وہ کہتے ہیں کہ مسافر اکثر چیک ان، سیکورٹی اور پارکنگ کی ناکافی سہولیات کی شکایت کرتے تھے۔ نیا ٹرمینل وادی کی سیاحتی ساکھ کو مضبوط کرے گا اور ہمیں امید ہے کہ آئندہ چند برسوں میں سیاحت دگنی ہوسکتی ہے۔ بڑھتے ہوئے ترقیاتی تناظر میں مقامی مسافروں نے بھی اس اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ سرینگر سے دہلی جانے والی ایک طالبہ فاطمہ جاوید نے بتایا کہ رش کے وقت ٹرمینل میں جگہ کم پڑ جاتی ہے اور لائنیں حد سے زیادہ بڑھ جاتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نئی سہولیات کے بعد سفر آسان اور تیز ہو جائے گا۔ اسی طرح ایک مسافر محمد نعیم کا خیال ہے کہ یہ توسیع کشمیر کی شناخت کو نئے درجہ تک پہنچائے گی۔ اقتصادی ماہرین کا ماننا ہے کہ ایئرپورٹ کی توسیع صرف سیاحت تک محدود نہیں رہے گی بلکہ برآمدات، تجارت اور مقامی روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کرے گی۔ کشمیری سیب، اخروٹ، زعفران اور دستکاری کی مصنوعات بین الاقوامی مارکیٹ تک تیزی سے پہنچ سکیں گی۔ ماہرین کے مطابق یہ منصوبہ وادی میں سرمایہ کاری کے ماحول کو بھی بہتر کرے گا، جس سے مجموعی طور پر ریاستی معیشت مستحکم ہوگی۔ سرکاری اندازوں کے مطابق یہ ترقی مجموعی ریاستی گھریلو پیداوار میں سیاحت کے حصے کو 7 فیصد سے بڑھا کر 12 فیصد تک لے جاسکتی ہے، جبکہ سالانہ سیاحوں کی تعداد 2030 تک 30 ملین تک پہنچنے کا امکان ہے۔ مجموعی طور پر ایئرپورٹ کی توسیع کو وادی کی ترقی کا سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ سیاحتی صنعت، مقامی کاروبار، چھوٹے دکاندار، ٹریول ایجنٹس اور مسافر سب ایک بار پھر پرامید نظر آرہے ہیں کہ یہ منصوبہ صرف ہوائی اڈے کی وسعت نہیں بلکہ کشمیر کے معاشی مستقبل کی نئی بنیاد ثابت ہوگا۔

جموں وکشمیر میں حالات

منوج کمار کٹیار نے کہا کہ فوج فیصلہ کن زمینی کارروائی کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر وہ نیچے چلے گئے تو وہ آدھی دنیا کو اپنے ساتھ لے جائیں گے۔ آپریشن سندور کے دوران ہم نے ان کے جوہری خطرات کو نظر انداز کر دیا۔ اس بار ہم ماضی کے مقابلے میں بہتر مستقبل کے منصوبے کے ساتھ تیار ہیں۔ انہوں نے پاکستان کی عسکری قیادت پر الزام لگایا کہ وہ اپنے لوگوں کے درمیان متعلقہ رہنے کیلئے ہندوستان کے ساتھ جنگ جیسی صورتحال کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا ''جبکہ ہماری قیادت ملک اور اس کے لوگوں کی بہتری کیلئے پرعزم ہے، ان کی قیادت اور فوجی جرنیلوں کی صرف خود غرضی کی ضرورت ہے۔ اقتدار کو برقرار رکھنا اور متعلقہ رہنا۔ اس مقصد کیلئے وہ ہندوستان کے ساتھ جنگ جیسی صورت حال کو طول دینا چاہتے ہیں۔'' انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کے پاس کھلی جنگ میں بھارت کا مقابلہ کرنے کی نہ ہمت ہے اور نہ ہی طاقت ہے اور اس نے جواب دینے کیلئے پراکسی وار کا سہارا لیا۔ فوجی کمانڈر نے کہا ''پاکستان نے بار بار اپنی دہشت گرد تنظیموں کے ذریعے بھارت کو اُکسایا ہے، تاکہ جب ہم جوابی کارروائی کرتے ہیں، تو یہ جنگ جیسی صورتحال میں بڑھ جاتا ہے اور وہ اپنے لوگوں کی حمایت حاصل کرتا ہے''۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پاکستان نے فتح کا جھوٹا بیانیہ پیش کر کے اپنے ہی لوگوں کو گمراہ کیا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ انہوں نے اپنے جنرل کو فیلڈ مارشل بنانے کیلئے میڈیا میں جھوٹ پھیلایا اور عوام کو دھوکہ دیا، اس بار ہم انہیں ایسا موقع نہیں دیں گے۔ جنرل کٹیار نے زور دے کر کہا کہ مستقبل کی کامیابی صرف اڈوں یا پوسٹوں کو تباہ کرنے تک محدود نہیں رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس بار ہم اپنی فتح کو صرف بیس اسٹیشنوں اور پوسٹوں کو تباہ کرنے تک محدود نہیں رکھیں گے، ہماری فتح زمین پر ہوگی، یہ اتنا فیصلہ کن ہوگا کہ وہ گھٹنے ٹیک دیں گے اور انہیں دنیا کے سامنے اپنی شکست تسلیم کرنی ہوگی۔ مغربی کمان کے تحت فارمیشنز کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے، انہوں نے فوجیوں کو بتایا کہ مستقبل کی کارروائی کے دوران فیصلہ کن مقاصد کے حصول کے لیے ان کی پوزیشن اور تیاری اہم ہوگی۔ انہوں نے کہا ''آپ کو دشمن کے علاقے میں داخل ہونے، اہم علاقوں پر قبضہ کرنے اور زخمی کرنے کی ہمت ہونی چاہیے۔ ساتھ ہی، آپ کو جموں اور پنجاب کی حفاظت کرنی ہوگی۔ اگلے آپریشن میں آپ کی کامیابی ملک کا سر فخر سے بلند کرے گی''۔ آرمی کمانڈر نے زور دے کر کہا: ''خطرہ ٹل نہیں گیا، ہماری تیاری پہلے سے زیادہ ہونی چاہیے، اور دشمن کو ماضی سے زیادہ مضبوط جواب دینا چاہیے''۔ انہوں نے کہا '' آپریشن سندور ایک اور سبق تھا۔'' انہوں نے اس بات کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جب کہ فوج امن برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے، مستقبل میں کسی بھی اشتعال انگیزی کا مقابلہ بہت زیادہ فیصلہ کن کارروائی سے کیا جائے گا۔

جموں وکشمیر میں اپریل

جموں وکشمیر میں اس وقت 90 لاکھ وٹران اندراج ہیں۔ ایس آئی آر اگر 3 سے 4 ماہ تک مکمل نہیں ہوا تو اس میں مزید توسیع کے اقدامات بھی اٹھائے جائیں گے۔

کرونا وبا کے

468,471 اور - 120 بی کے ساتھ آئی ٹی ایکٹ کی دفعہ - 66 ڈی کے تحت جرائم قائم کئے گئے ہیں اور مقدمے کا نوٹس لے لیا گیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔

جموں و کشمیر میں رونما

اور انہوں نے بعد ازاں کشمیر یونیورسٹی کے 21 ویں کانووکیشن میں بطور مہمان خصوصی کے شرکت کی۔ نائب صدر نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے اپنے ذاتی ایکس ہینڈل پر پوسٹ کیا کہ میں نے آج ڈل جھیل پر صبح کی سیر کے دوران سری نگر کے لازوال دلکشی، قدیم پانیوں اور دلکش قدرتی خوبصورتی کا تجربہ کیا۔ نائب صدر نے کہا کہ وہ جموں و کشمیر میں ہونے والی تبدیلیوں سے بہت متاثر ہوئے ہیں، خاص طور پر بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور بہتر رابطے میں۔ انہوں نے کہا کہ میں ماحولیاتی سیاحت کو فروغ دینے، قدرتی ورثے کے تحفظ اور مقامی برادریوں کے لیے معاش کے نئے مواقع پیدا کرنے میں انتظامیہ کی کوششوں کو سراہتا ہوں۔ نائب صدر نائب صدر جم

ہندوستان کی شاندار واپسی، زمبابوے کو 72 رنز سے ہرایا، سیمی فائنل کی امیدیں برقرار

چنئی، 26 فروری (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ ٹیم نے ٹی 20 ورلڈ کپ کے 'کرو یا مرو' مقابلے میں زمبابوے کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 72 رنز سے شکست دے دی ہے۔ پہلے بلے بازوں کے ریکارڈ ساز 256 رنز اور پھر ارشدیپ سنگھ کی بہترین بالنگ نے ہندوستان کی فتح پر مہر ثبت کر دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی ہندوستان نے ٹورنامنٹ میں سیمی فائنل کی دوڑ میں اپنی امیدوں کو زندہ رکھا ہے۔ 257 رنز کے پہاڑ جیسے ہدف کے تعاقب میں زمبابوے کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 184 رنز ہی بنا سکی۔ زمبابوے کے اوپنر برائن بینیٹ نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کیا اور محض 59 گیندوں پر 97 رنز 8) چوکے، 6 چھکے) کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی، لیکن دوسرے اینڈ سے تعاون نہ ملنے کے باعث وہ اپنی ٹیم کو جیت نہ دلا سکے۔ سکندر رضا نے 31 رنز بنا کر ٹیم کو سنبھالنے کی کوشش کی، لیکن وہ بھی ارشدیپ کا شکار بن گئے۔ ارشدیپ فتح کے اہم ستون رہے جنہوں نے شاندار بالنگ کرتے ہوئے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے ایک ہی اوور میں سکندر رضا اور ریان برل کو آؤٹ کر کے زمبابوے کی کمر توڑ دی۔ اکشر پٹیل، ورون چکرورتی اور شیوم دوبے نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کر کے بالنگ اٹیک کو مضبوط بنایا۔ اس سے قبل ہندوستانی بلے بازوں نے چنئی کے میدان پر چھکوں اور چوکوں کی برسات کرتے ہوئے زمبابوے کے خلاف ٹی 20 ورلڈ کپ کی تاریخ کا دوسرا سب سے بڑا مجموعہ 256 رنز اسکور بنایا تھا۔ ابھیشیک شرما کی برق رفتار ففٹی اور ہاردک پانڈیا کی ناقابلِ شکست نصف سنچری کی بدولت زمبابوے کو جیت کے لیے 257 رنز کا پہاڑ جیسا ہدف ملا ہے۔ زمبابوے کے ٹاس جیت کر پہلے بالنگ کرنے کے فیصلے کو ہندوستانی بلے بازوں نے غلط ثابت کر دیا۔ ابھیشیک شرما اور سنجو سیمسن نے پہلی وکٹ کے لیے 48 رنز جوڑے۔ سنجو سیمسن 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ اوپنر ابھیشیک شرما نے محض 30 گیندوں پر 55 رنز 4) چوکے، 4 چھکے) بنا کر اننگز کو رفتار فراہم کی۔ ایشان کشن نے 38 اور کپتان سوریا کمار یادو نے صرف 13 گیندوں پر 33 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی۔ اننگز کے آخری لمحات میں ہاردک پانڈیا اور تلک ورما نے زمبابوے کے باؤلرز کی لائن اور لینتھ بگاڑ کر رکھ دی۔ ہاردک نے صرف 23 گیندوں پر 50 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی، جس میں 4 بلند و بالا چھکے شامل تھے۔ تلک نے محض 16 گیندوں پر 44 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر مجموعے کو 256 تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ زمبابوے کے بالرز ہندوستانی بلے بازوں کے سامنے بے بس نظر آئے۔ کپتان سکندر رضا، بلیسنگ موزارابانی، رچرڈ نگارا وا اور ٹی مپوسا نے ایک ایک وکٹ حاصل کی، لیکن رنز کی رفتار روکنے میں ناکام رہے۔ ہاردک پانڈیا مین آف دی میچ قرار پائے۔

گلمرگ میں اگلے 'کھیلو انڈیا ونٹر گیمز' 15 دنوں تک جاری رہیں گے: منسکھ مانڈویا

گلمرگ، 26 فروری (ایجنسیز) وفاقی وزیر برائے کھیل ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے اعلان کیا ہے کہ گلمرگ میں منعقد ہونے والے اگلے 'کھیلو انڈیا ونٹر گیمز' کا دائرہ کار بڑھا کر اسے 15 روزہ میلے کی شکل دی جائے گی۔ اس اقدام کا مقصد کھیلوں کو ثقافت اور سیاحت کے ساتھ جوڑ کر کشمیر کو عالمی سطح پر ونٹر اسپورٹس کا مرکز بنانا ہے۔ چھٹے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ اب یہ مقابلے صرف چار دنوں تک محدود نہیں رہیں گے۔ ونٹر گیمز کے اگلے ایڈیشنز کو 15 دن تک وسعت دی جائے گا۔ اس میں 'فٹ انڈیا' کارنیول، مختلف ثقافتی پروگرام اور متعدد نئی کھیلوں کے مقابلے شامل ہوں گے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے زور دے کر کہا کہ گلمرگ میں وہ تمام صلاحیتیں موجود ہیں جو اسے سوئٹزرلینڈ جیسے ممالک کے ہم پلہ بنا سکتی ہیں۔ اپنے تجربات شیئر کرتے ہوئے وفاقی وزیر کا کہنا تھا "میں نے سوئٹزرلینڈ سمیت دنیا کے 55 ممالک کا سفر کیا ہے، لیکن پیر پنجال کی برف پوش چوٹیوں کا جو نظارہ یہاں ہے، وہ حیران کن ہے۔ ہمیں اس خطے کی قدرتی خوبصورتی اور صلاحیتوں کو عالمی سیاحتی نقشے پر لانے کے لیے مزید کوششیں کرنی ہوں گی۔ ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے اس موقع پر بہترین کارکردگی دکھانے والی ٹیموں میں ٹرافیاں تقسیم ہندوستانی فوج (انڈین آرمی) نے مجموعی طور پر 23 تمغے 9) سونا، 6 چاندی، 8 کانسی) جیت کر اپنا اعزاز برقرار رکھا۔ ہماچل پردیش نے 14) تمغے بشمول 6 سونے) کے ساتھ دوسرا مقام حاصل کیا

جنوبی افریقہ سیمی فائنل میں داخل: ویسٹ انڈیز کو 9 وکٹوں سے عبرتناک شکست

احمد آباد، 26 فروری (یو این آئی) جنوبی افریقہ نے ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر ایٹ مرحلے میں اپنی فتوحات کا سلسلہ برقرار رکھتے ہوئے ویسٹ انڈیز کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 9 وکٹوں سے دھول چٹا دی ہے۔ 16.1 اوور میں ایک وکٹ کھو کر ہدف حاصل کر لیا۔ اس شاندار فتح کے ساتھ ہی پروٹیز نے ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ کپتان ایڈن مارکرم کو ان کی دھواں دھار اننگز پر 'پلیئر آف دی میچ' قرار دیا گیا۔ 177 رنز کے ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقہ کے اوپنرز نے ویسٹ انڈین بالرز کی ایک نہ چلنے دی۔ ایڈن مارکرم اور کوئنٹن ڈی کوک نے صرف 8 اوورز میں 95 رنز کی برق رفتار شراکت قائم کر کے جیت کی بنیاد رکھی۔ ڈی کوک 24 گیندوں پر 47 رنز 4) چوکے، 4 چھکے) بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ایڈن مارکرم نے 82 رنز 46) گیندیں، 7 چوکے، 4 چھکے) کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی۔ ان کا ساتھ رائن رکلٹن نے دیا جنہوں نے 45 رنز بنا کر اپنی ٹیم کو 23 گیندیں قبل ہی فتح سے ہمکنار کر دیا۔ اس سے قبل ویسٹ انڈیز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں پر 176 رنز بنائے تھے۔ ویسٹ انڈیز کی آدھی ٹیم محض 83 رنز پر پویلین لوٹ چکی تھی اور ٹیم گہرے بحران کا شکار تھی۔ کپتان شائی ہوپ 16)) اور ہٹمائر 2)) جیسے بڑے نام ناکام رہے۔ آٹھویں وکٹ کے لیے جیسن ہولڈر 49)) اور روماریو شیفرڈ 52) ناٹ آؤٹ) کے درمیان 89 رنز کی ریکارڈ ساز شراکت نے ویسٹ انڈیز کو ایک لڑنے کے قابل اسکور تک پہنچایا۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے لنگی نگیڈی سب سے کامیاب بالر رہے جنہوں نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ کگیسو رباڈا اور کوربن بوش نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کر کے ویسٹ انڈین ٹاپ آرڈر کی کمر توڑ دی۔

ارجن تندولکر کا آل راؤنڈر دھماکہ 29 : گیندوں پر ففٹی بنا کر اپنی ٹیم کو سرخرو کر دیا

نوی ممبئی، 26 فروری (یو این آئی) لیجنڈری سچن تندولکر کے صاحبزادے ارجن تندولکر نے 20 ویں ڈی وائی پاٹل ٹی 20 کپ میں اپنی جارحانہ بیٹنگ اور عمدہ بالنگ سے سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کروالی ہے۔ ارجن کے ناقابلِ شکست 55 رنز کی بدولت 'ڈی وائی پاٹل بلیو' نے انڈین نیوی کو ایک ہائی اسکورنگ میچ میں 5 وکٹوں سے شکست دے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے انڈین نیوی کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 219 رنز کا بڑا مجموعہ ترتیب دیا۔ اوپنر کنور پاٹھک نے 87 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ ارجن تندولکر نے بالنگ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور ایک اہم وکٹ حاصل کی۔ نوجوان بلے باز ویبھو نے محض 19 گیندوں پر 67 رنز بنا کر میچ کا نقشہ بدل دیا۔ ان کی اننگز میں 7 چوکے اور 5 بلند و بالا چھکے شامل تھے۔ ویبھو کے آؤٹ ہونے کے بعد ارجن تندولکر نے ذمہ داری سنبھالی اور 29 گیندوں پر 55 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیل کر ٹیم کو 19.1 اوورز میں ہدف تک پہنچا دیا۔

کھیل کے میدان میں نفرت نامنظور

ریئل میڈرڈ کا بڑا ایکشن، نازی سلام کرنے والا ممبر تاحیات پابندی

میڈرڈ، 26 فروری (یو این آئی) اسپین کے مشہور فٹ بال کلب ریئل میڈرڈ نے اخلاقیات اور انسانی حقوق کی پاسداری کی نئی مثال قائم کرتے ہوئے اپنے ہی ایک کلب ممبر پر تاحیات پابندی عائد کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ یہ کارروائی بنفیکا کے خلاف چیمپئنز لیگ کے دوسرے مرحلے کے میچ کے دوران اس ممبر کی جانب سے اسٹینڈز میں نازی سلام کرنے پر عمل میں لائی گئی ہے۔ کلب کے مطابق، سیکیورٹی عملے نے ٹی وی نشریات کے دوران اس شخص کی شناخت کی اور اسے فوری طور پر سینٹیاگو برنابیو اسٹیڈیم سے باہر نکال دیا۔ ریئل میڈرڈ نے اپنے بیان میں کہا" کلب ایسی کسی بھی حرکت یا اظہار کی سخت مذمت کرتا ہے جو کھیلوں اور معاشرے میں نفرت اور تشدد کو ہوا دے۔" یہ واقعہ ایک ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب پہلے ہی دونوں ٹیموں کے درمیان کشیدگی عروج پر تھی۔ پہلے مرحلے کے میچ میں بنفیکا کے کھلاڑی جیانلوکا پریسٹیانی پر الزام تھا کہ انہوں نے ریئل میڈرڈ کے برازیلین اسٹار وینیسیس جونیئر پر نسلی جملے کسے تھے۔ اگرچہ پریسٹیانی ان الزامات کی تردید کرتے ہیں، تاہم یوای ایف اے نے انہیں تحقیقات مکمل ہونے تک معطل کر دیا تھا، جس کے باعث وہ گزشتہ روز کے میچ میں شرکت نہ کر سکے۔ ریئل میڈرڈ نے یہ میچ 1-2 سے جیت کر چیمپئنز لیگ کے آخری 16 مرحلے میں جگہ بنا لی ہے، لیکن ٹیم کے کھلاڑیوں کا کہنا ہے کہ یہ جیت صرف فٹ بال کی نہیں بلکہ انسانی اقدار کی ہے۔

رنجی ٹرافی فائنل: عاقب نبی نے تباہی پھیر دی، مینک اگروال کی سنچری نے کرناٹک کی لاج رکھ لی

ہبلی، 26 فروری (ایجنسیز) رنجی ٹرافی فائنل کے تیسرے روز جموں و کشمیر کے تیز گیند باز عاقب نبی نے اپنی شاندار بالنگ سے کرناٹک کے بیٹنگ لائن اپ کو ہلا کر رکھ دیا۔ تاہم، سلامی بلے باز مینک اگروال کی ناقابلِ شکست سنچری کی بدولت کرناٹک نے میچ میں واپسی کی جدوجہد جاری رکھی ہے۔ تیسرے دن کے کھیل کے اختتام تک کرناٹک نے اپنی پہلی اننگز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 220 رنز بنا لیے ہیں، لیکن وہ اب بھی جموں و کشمیر کے پہاڑ جیسے مجموعے سے 364 رنز پیچھے ہے۔ جموں و کشمیر نے آج اپنی پہلی اننگز 527 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ سے آگے بڑھائی۔ کرناٹک کے پیسر پرسدھ کرشنا نے عمدہ بالنگ کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے نچلے نمبروں کو جلد ٹھکانے لگا دیا۔ ساحل نے 72 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیل کر ٹیم کا اسکور 584 تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ کرناٹک کی جانب سے پرسدھ کرشنا نے 5 وکٹیں حاصل کیں۔ 584 رنز کے جواب میں جب کرناٹک نے بیٹنگ شروع کی تو عاقب نبی نے اپنی سوئنگ اور رفتار سے ٹاپ آرڈر کو تہس نہس کر دیا۔ عاقب نبی نے کے ایل راہل 13)) کو آؤٹ کرنے کے بعد کرون نائر اور آرسمرن کو کھاتہ کھولے بغیر ہی پویلین بھیج دیا۔ کپتان دیودت پڈیکل بھی صرف 11 رنز بنا کر چلتے بنے۔ ایک وقت پر کرناٹک صرف 57 رنز پر 4 وکٹیں گنوا کر شدید دباؤ میں تھی۔ ایسے نازک وقت پر مینک اگروال نے ایک اینڈ سنبھال لیا۔ انہوں نے شریس گوپال 27)) کے ساتھ مل کر پانچویں وکٹ کے لیے 105 رنز کی قیمتی شراکت داری قائم کی۔ دن کے اختتام پر مینک اگروال 130 رنز 207) گیندیں، 17 چوکے) بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ کرتک کرشنا 27 رنز بنا کر مینک کا ساتھ دے رہے ہیں۔ چوتھے دن کا کھیل کرناٹک کے لیے انتہائی اہم ہوگا کیونکہ انہیں فالو آن سے بچنے کے لیے ابھی مزید رنز درکار ہیں۔

نیوزی لینڈ کی توجہ سیمی فائنل پر مرکوز، انگلینڈ جیت کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے تیار

کولمبو، 26 فروری (یو این آئی) انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے درمیان جمعہ کی رات آر پریماداسا اسٹیڈیم میں کھیلا جانے والا سپر ایٹ مرحلے کا مقابلہ انتہائی دلچسپ ہونے کی توقع ہے۔ جہاں انگلینڈ کی ٹیم سیمی فائنل میں جگہ یقینی بنانے کے بعد اپنی جیت کی لے برقرار رکھنے کے لیے پرسکون ہو کر میدان میں اترے گی، وہیں نیوزی لینڈ کے لیے یہ مقابلہ کسی امتحان سے کم نہیں ہوگا کیونکہ ٹورنامنٹ میں ان کی بقا کا دارومدار صرف جیت اور رن ریٹ کی ریاضی پر منحصر ہے۔ انگلینڈ اس میچ میں اس خود اعتمادی کے ساتھ اترے گا جیسے اسے پہلے ہی سیمی فائنل کی مہک آ رہی ہو۔ انہوں نے سخت محنت کی ہے، آگے کا ٹکٹ بک کر لیا ہے، اور اب تھوڑی آزادی سے کھیل سکتے ہیں - بالکل ویسے ہی جیسے کوئی بلے باز اپنا اسکور 100 رنز مکمل کرنے کے بعد بے خوف ہو کر شاندار اسٹروک کھیلنا شروع کر دیتا ہے۔ انگلش کیمپ کو امید ہوگی کہ بڑے مقابلوں سے پہلے وہ اس میچ کو ایک آخری مشق کے طور پر استعمال کرے اور اپنے سینئر اسٹارز سے بلے بازی میں تسلسل برقرار رکھوائے۔ تاہم، نیوزی لینڈ یہ میچ ایک ایسی ٹیم کی طرح کھیلے گا جس کی کمر دیوار سے لگی ہو لیکن دل اب بھی لڑائی میں پوری طرح لگا ہو۔ ان کے کوالیفیکیشن کی مساوات نتائج اور نیٹ رن ریٹ کی ریاضی پر منحصر ہے۔ ایک جیت انہیں پورے اعتماد کے ساتھ سیمی فائنل میں پہنچا دے گی؛ لیکن، ہار انہیں کولمبو کے آسمان پر چھانے والے بارش کے بادلوں کی طرح دوسرے نتائج کا انتظار کرنے پر بے چین کر سکتی ہے۔ انگلینڈ کی بلے بازی کا محور ایک بار پھر کپتان ہیری بروک ہوں گے۔ بروک پہلے ہی دکھا چکے ہیں کہ وہ پلک جھپکتے ہی ایک جارحانہ کھلاڑی بن سکتے ہیں، خاص طور پر ٹورنامنٹ کے آغاز میں جب انگلینڈ کا ٹاپ آرڈر لڑکھڑا رہا تھا، تب انہوں نے 50 گیندوں میں سنچری بنائی تھی۔ انگلینڈ کے لیے واحد تشویش ٹاپ آرڈر میں تسلسل ہے - وہ ایسی شروعات چاہتے ہیں جو صرف شاندار نہ ہو بلکہ ٹھوس بھی انگلینڈ سے توقع ہے کہ وہ ہمیشہ کی طرح وائٹ بال کرکٹ کھیلے گا، پاور پلے میں جارحانہ، درمیانی اوورز میں کلینیکل، اور پھر آخری پانچ میں دھماکہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ گیند بازی کے شعبے میں بھی کچھ تبدیلی ہو سکتی ہے کیونکہ مینجمنٹ کی نظریں ناک آؤٹ مرحلے پر ہیں۔ رچن رویندرا کی ہمہ جہت کارکردگی سے نیوزی لینڈ کی امیدیں کافی بڑھ گئی ہیں۔ وہ ان کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں جن کا اعتماد دباؤ بڑھنے پر مزید بڑھ جاتا ہے۔ جب وکٹیں گریں، تو رویندرا نے بلے بازی سے استحکام دیا اور پھر گیند کو اثر دار طریقے سے گھما کر ضروری بریک تھرو دلائے۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم اپنے مڈل آرڈر کی مضبوطی کی وجہ سے خاص طور پر نمایاں رہی ہے۔ جب وہ مشکل میں پڑے، تو گھبرائے نہیں - انہوں نے بس شراکت داریاں بنائیں، اسکور بورڈ کو آگے بڑھایا، اور مومینٹم کے اپنے حق میں آنے کا انتظار کیا۔ پریماداسا کے حالات میں ایک اچھا کرکٹ مقابلہ ہونا چاہیے۔ اس گراؤنڈ پر اب تک ہوئے 55 سے زیادہ ٹی 20 انٹرنیشنل میچوں میں سے، ہدف کا تعاقب کرنے والی ٹیموں نے 29 میچ جیتے ہیں، جبکہ پہلے بلے بازی کرنے والی ٹیموں نے 24 جیتے ہیں۔ پہلی اننگز کا اوسط اسکور تقریباً 144 ہے، جس سے پتہ چلتا ہے کہ 160 سے اوپر کا کوئی بھی اسکور حاصل کرنا بہت مشکل ہوگا۔ موسم کی پیش گوئی کے مطابق، کرکٹ کے لیے یہ ایک خوبصورت شام ہوگی، جس میں درجہ حرارت 28 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہے گا، نمی تقریباً 75 فیصد ہوگی، اور بارش کا خطرہ بہت کم ہے۔

کدامبی سری کانت کی شاندار کارکردگی، دیگر ہندوستانی کھلاڑی جلد باہر

ملاہین، 26 فروری (یو این آئی) کدامبی سری کانت ہندوستان کے دستے کے لیے اکیلی امید بن کر ابھرے ہیں، کیونکہ مالویکا بنسوڈ، تنوی شرما اور کرن جارج سمیت کئی بیڈمنٹن کھلاڑی بدھ کو جرمن اوپن 2026 کے سنگلز ایونٹ کے ابتدائی راؤنڈ میں ہی باہر ہو گئے۔ سابق ورلڈ نمبر 1 سری کانت نے مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں پولینڈ کے میکوئج شیمانووسکی کے خلاف 21-12، 21-11 سے شاندار جیت درج کی اور ٹورنامنٹ کے اگلے مرحلے میں جگہ بنا لی۔ ان کا اگلا مقابلہ چینی تائپے کے چوتھی سیڈ لن چون-یی سے ہوگا۔ تاہم، دیگر ہندوستانی شٹلرز کے لیے یہ دن مایوس کن رہا، خاص طور پر خواتین کے سنگلز کے زمرے میں جہاں کئی کھلاڑی سخت مقابلے کے باوجود ہار گئیں۔ ورلڈ نمبر 40 تنوی شرما، جو جونیئر ورلڈ چیمپئن شپ کی سلور میڈلسٹ ہیں، نے پہلے راؤنڈ میں ملائیشیا کی وونگ لنگ چنگ کو سخت ٹکر دی لیکن آخر کار تین گیمز کے مقابلے میں 21-19، 21-17، 21-16 سے ہار گئیں۔ ورلڈ نمبر 52 مالویکا بنسوڈ نے بھی اپنی اعلیٰ رینکنگ والی حریف، امریکہ کی بیوین ژانگ کو تین گیمز تک سخت مقابلے میں الجھائے رکھا، لیکن انہیں 21-19، 21-9، 21-19 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ رکشیتھا سری سنتوش رام راج نے ڈنمارک کی لائن کرسٹوفرسن کے خلاف جی توڑ مقابلہ کیا، لیکن ایک گھنٹے سے زیادہ جاری رہنے والے میچ میں وہ 21-18، 23-21، 21-16 کے اسکور سے ہار گئیں۔ تسنیم میر کو چین کی ٹاپ سیڈ وانگ زی یی سے براہ راست گیمز میں 21-9، 21-14 سے شکست ہوئی، جبکہ اشارانی بروا کو تھائی لینڈ کی ورلڈ نمبر 8 پورن پاوی چوچونگ نے 21-15، 21-18 سے ہرا دیا۔ آکرشی کشیپ بھی چینی تائپے کی ہوانگ یو-سن سے 21-13، 21-17 سے ہار کر باہر ہو گئیں۔ مردوں کے سنگلز سیکشن میں، کرن جارج فرانس کے ٹاپ سیڈ کرسٹو پوپوف سے 21-10، 22-20 سے ہار گئے، جبکہ تھارون منے پالی کو چینی تائپے کے وانگ زووی نے 21-18، 21-18 سے شکست دی۔ اس سے قبل اشونی بھٹ اور سکھا گوتم بھی ابتدائی راؤنڈ میں ہی باہر ہو گئے تھے، جبکہ نیشو ملک اور مسکان سانگوان کوالیفیکیشن مرحلے سے آگے نہیں بڑھ سکیں۔ ہندوستانی کھلاڑیوں کی پے در پے ہار کے بعد، سری کانت اب اس ٹورنامنٹ میں واحد ہندوستانی شٹلر رہ گئے ہیں جو مقابلے میں موجود ہیں۔

ہندوستانی ڈیف کرکٹ ٹیم نے ٹی 20 ایشیا کپ جیت لیا

کٹک (بھونیشور)، 26 فروری (یو این آئی) بدھ کے روز کٹک کے بارابتی اسٹیڈیم میں منعقدہ اے ڈی سی اے ٹی 20 آئی ایشیا کپ 2026 کے پہلے ایڈیشن کا اختتام ہوا جس میں ہندوستان ڈیف یعنی سماعت سے محروم کرکٹ ٹیم نے سری لنکا کی ڈیف ٹیم کو 6 وکٹوں سے شکست دے کر پہلا ایشیا کپ ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ فائنل کے بعد منعقدہ شاندار اختتامی تقریب میں مہمانِ خصوصی دتاتریہ بھاؤ سہیب شندے (ضلع مجسٹریٹ وکلکٹر، کٹک) اور مہمانِ اعزازی سنجے راؤل (سابق بین الاقوامی کرکٹر) نے فاتح ٹیموں کو ٹرافی پیش کی۔ یہ سیریز انڈین ڈیف کرکٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے او ڈی سی اے اور او سی اے کے تعاون سے منعقد کی گئی تھی۔ ٹیم کے ہیڈ کوچ دیودت اور اسسٹنٹ کوچ روی کانت بھٹ کی قیادت میں ہندوستان نے اپنے پہلے میچ میں سری لنکا کو 4 وکٹوں سے شکست دی، دوسرے میچ میں نیپال کو 10 وکٹوں سے ہرایا۔ تیسرے میچ میں سری لنکا نے نیپال کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ ریورس مقابلوں میں سری لنکا نے نیپال کو 157 رنز سے ہرایا جبکہ ہندوستان نے سری لنکا کے خلاف ایک سنسنی خیز مقابلے میں 1 رن سے کامیابی حاصل کی اور نیپال کو 9 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی۔ فتح کے بعد ڈی سی سی آئی کے جنرل سکریٹری روی کانت چوہان نے کہا کہ یہ نمایاں کامیابی ملک کے معذور کھلاڑیوں کے لیے فخر کا لمحہ ہے اور کھلاڑیوں کے صبر، نظم و ضبط اور مضبوط عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ اے ڈی سی اے کے صدر اور ڈی سی سی آئی کے نائب صدر سمت جین نے کہا کہ اس تاریخی ایونٹ کی میزبانی ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایشیا میں ایسے مزید بین الاقوامی مقابلے منعقد کیے جائیں گے۔ فائنل میچ میں ہندوستان کے سائی آکاش 14) گیندوں پر 27 رنز اور 2 وکٹیں) کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ سری لنکا کے گیماڈوایل۔ ملکم 196) رنز) کو سیریز کا بہترین بلے باز جبکہ گیہان لسیدو ڈی سلوا 10) وکٹیں) کو بہترین گیند باز منتخب کیا گیا۔ گیماڈوایل۔

سپر ایٹ مرحلہ: سیمی فائنل میں پاکستان کی امیدیں موہوم، مگر دروازہ بند نہیں

پالیکیلے، 22 فروری (یو این آئی) آئی سی سی میز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے سپر ایٹ مرحلے میں انگلینڈ سے شکست کے بعد پاکستان کی سیمی فائنل تک رسائی مشکل ضرور ہو گئی ہے، تاہم پاک ٹیم کے لیے امکانات مکمل طور پر ختم نہیں ہوئے۔ اہم مقابلے میں ناکامی کے بعد پاکستان کی پوزیشن کمزور پڑ گئی ہے اور اب اسے نہ صرف اپنا آخری میچ جیتنا ہوگا بلکہ دیگر ٹیموں کے نتائج پر بھی انحصار کرنا پڑے گا۔ مسلسل دو شکستوں کے بعد سری لنکا سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہو چکی ہے، جس سے گروپ کی صورتحال مزید واضح ہو گئی ہے۔ نیوزی لینڈ اپنا آخری میچ جمعہ کو انگلینڈ کے خلاف کھیلے گی جبکہ پاکستان ہفتے کو سری لنکا کے مدمقابل ہوگا۔ سری لنکا کے خلاف فتح کے بعد نیوزی لینڈ کا نیٹ رن ریٹ پلس 3.05 ہو گیا ہے، جبکہ پاکستان کا نیٹ رن ریٹ منفی 0.46 ہے۔ محدود پوائنٹس اور منفی رن ریٹ نے پاکستان کی ٹیم کے لیے راستہ مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ پاکستان کو نہ صرف کامیابی درکار ہے بلکہ بڑے مارجن سے فتح حاصل کر کے رن ریٹ بھی بہتر بنانا ہوگا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کو شکست دے دی تو پاکستان سری لنکا کے خلاف میدان میں اترنے سے پہلے ہی سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہو سکتا ہے۔

ویسٹ انڈیز کی خواتین ٹیم نے سری لنکا کو چھ وکٹوں سے شکست دی

سینٹ جارج، 26 فروری (یو این آئی) کپتان ہیلی میتھیوز 100) رنز دو وکٹ) کی آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت ویسٹ انڈیز نے تیسرے ایک روزہ مقابلے میں سری لنکا پر 24 گیندیں باقی رہتے چھ وکٹوں سے جیت درج کی۔ ہیلی میتھیوز کو ان کے شاندار کھیل پر 'پلیئر آف دی میچ' کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے اتری سری لنکا کی ٹیم ہرشیتا سمروکرما کے 70 رنز کی بدولت 50 اوورز میں سات وکٹ پر 217 رنز ہی بنا سکی۔ میتھیوز نے ٹیم کی قیادت کی اور 12/2 کی خراب صورتحال سے ابھرنے میں مدد کی، اور اب وہ سب سے زیادہ ایک روزہ سنچریاں بنانے والوں کی فہرست میں مشترکہ طور پر پانچویں نمبر پر پہنچ گئی ہیں۔ سری لنکا کا آغاز مایوس کن رہا جب کپتان چماری اٹاپٹو پہلے ہی اوور میں ہیلی میتھیوز کی گیند بازی پر بغیر کھاتہ کھولے آؤٹ ہو گئیں۔ تاہم، سمروکرما نے 112 گیندوں پر 70 رنز بنا کر اننگز کو سنبھالا، جو اس سیریز میں ان کی دوسری نصف سنچری تھی۔ انہوں نے حسینی پریرا 34) گیندوں پر 27) اور ویشمی گونارتنے 46) گیندوں پر 26) کے ساتھ مل کر مضبوط شراکت داری قائم کی۔ اس کے علاوہ، کویشا دلہاری 58 گیندوں پر 45 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔ آخری اوورز میں ان کی شراکت نے مہمان ٹیم کو سات وکٹ پر 217 کے اسکور تک پہنچایا۔ میزبان ٹیم کے لیے میتھیوز اور کرشمہ رام ہرک نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ ایفی فلیچر اور اشمنی منیسر نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ ہدف کا تعاقب کرنے اتری ویسٹ انڈیز کا آغاز بھی خراب رہا۔ ملکی مدرا نے ابتدائی اوورز میں کیانا جوزف (دو) اور شرمین کیمپبل (صفر) کو سستے میں آؤٹ کر دیا، جس سے میزبان ٹیم کا اسکور 12/2 ہو گیا۔ اس کے بعد کپتان ہیلی میتھیوز نے اننگز کو سنبھالا اور تجربہ کار اسٹیفنی ٹیلر کے ساتھ تیسری وکٹ کے لیے 124 رنز جوڑے۔ اسٹیفنی ٹیلر نے 70 گیندوں پر صرف ایک چوکے کی مدد سے 38 رنز بنائے۔ 37 ویں اوور میں میتھیوز آؤٹ ہوئیں، انہوں نے 119 گیندوں پر 13 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے شاندار 100 رنز بنائے۔

وزیراعظم مودی کا یروشلم میں اختراعاتی نمائش کا دورہ،

ہند۔اسرائیل تکنیکی شراکت داری میں نئی جہت

یروشلم/نئی دہلی، 26فروری (یواین آئی) وزیرِاعظم نریندرمودی نے اپنے اسرائیلی ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے ہمراہ یروشلم میں منعقدہ خصوصی اختراعاتی نمائش کا دورہ کیا، جہاں مختلف اسٹریٹجک شعبوں میں اسرائیل کی جدید اور انقلابی ٹیکنالوجی کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ہندوستان اور اسرائیل کے درمیان بڑھتے ہوئے تکنیکی تعاون کو اجاگر کیا گیا۔ نمائش میں کوانٹم ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت (اے آئی)، ہیلتھ ٹیک، اسمارٹ موبلٹی، سائبر سکیورٹی، آبی نظم، زراعت، کلائمٹ ٹیک، توانائی اور خلائی تحقیق جیسے شعبوں میں جدید اختراعات پیش کیے گئے۔ اس نمائش سے اسرائیل کے مضبوط اختراعی نظام اور ابھرتی ہوئی جدید ٹیکنالوجی میں اس کی قیادت کی عکاسی ہوتی ہے۔

دورے کے دوران وزیرِاعظم مودی نے اختراعی ماہرین اور صنعت کاروں سے

ملاقات کی اور اہم عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے تیار کردہ جدید تکنیکی حل کا عملی مشاہدہ کیا۔ ان میں درست زراعتی نظام، پائیدار آبی وسائل کا نظم، جدید سائبر سکیورٹی کا نظام اور کوانٹم تحقیقاتی پلیٹ فارم شامل تھے۔ وزیرِاعظم نے ان تکنیکیوں کو ہندوستان کی ترقیاتی ترجیحات کے لیے نہایت موزوں قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اختراعات ہندوستان میں بڑے پیمانے پر اپنانے اور وسعت دینے کے لیے مناسب ہیں۔ انہوں نے کہا، ''یہ ایجادات زراعتی پیداوار میں اضافے، دیہی علاقوں میں صحت کی سہولیات کی توسیع، سائبر سکیورٹی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، کوانٹم تحقیق کو فروغ دینے اور پائیدار آبی و ماحولیاتی حل کو ممکن بنانے میں انقلابی کردار ادا کرسکتی ہیں۔ ہندوستان کے تیزی سے پھیلتے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، ہنرمند افرادی قوت اور بڑے بازار کا ذکر کرتے ہوئے وزیرِاعظم نے اسرائیلی کمپنیوں کو ہندوستانی شراکت داروں، اسٹارٹ اپس، تحقیقی اداروں اور صنعتی قائدین کے ساتھ تال میل بڑھانے کی دعوت دی۔ انہوں نے اختراعات پر مبنی ترقی کے ذریعے ہندوستان کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا، ''میں آپ سب کو دعوت دیتا ہوں کہ ترقی یافتہ ہندوستان (وکست بھارت) کے سفر میں فعال کردار ادا کریں۔'' اسرائیلی وزیرِاعظم نیتن یاہو نے بھی بڑھتے ہوئے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے دونوں ممالک کی تکمیلی صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔

امریکہ اور ایران کے درمیان جوہری مذاکرات کا تیسرا دور آج جنیوا میں شروع ہوگا

جوہری توانائی کے پرامن استعمال کے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے: ایرانی وزیرِ خارجہ

جنیوا، 26فروری (یواین آئی) امریکہ ایران جوہری مذاکرات کا تیسرا دور آج سے جنیوا میں شروع ہوگا، عباس عراقچی نے معاہدے کیلئے تجویز عمانی وزیرخارجہ کے حوالے کردی ہے۔ تفصیلات کے مطابق امریکہ اور ایران کے درمیان جوہری پروگرام سے متعلق مذاکرات کا تیسرا دور آج جنیوا میں شروع ہوگا، جس کے لیے ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ جنیوا پہنچ گئے ہیں۔ ایرانی میڈیا نے بتایا کہ عباس عراقچی نے جوہری معاہدے سے متعلق اپنی تجاویز عمان کے وزیرخارجہ کے حوالے کردی ہیں، جبکہ انہوں نے پابندیوں اور ایٹمی پروگرام پر ایران کا موقف بھی پیش کیا۔ جنیوا میں عمانی ہم منصب کے ساتھ ملاقات میں مذاکرات کی تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی۔ مذاکرات میں امریکی نمائندہ اسٹیو وٹکوف اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیراڈ کشنر بھی شریک ہوں گے، جبکہ یہ بات چیت بالواسطہ انداز میں جاری رہے گی۔ دوسری جانب امریکی وزیرخارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ایران طویل عرصے سے امریکا کے لیے ایک سنگین خطرہ رہا ہے اور وہ بیلسٹک میزائل پروگرام پر مذاکرات سے انکار کررہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ سفارتکاری کے ذریعے مسئلے کا حل چاہتا ہے، کیونکہ صدر ٹرمپ بھی یہی چاہتے ہیں کہ تنازع بات چیت سے حل ہو۔ واضح رہے کہ یہ مذاکرات ایک ایسے وقت میں ہورہے ہیں جب ایران کے جوہری پروگرام اور خطے میں کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ فریقین کسی ممکنہ معاہدے تک پہنچنے کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ادھر ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ جوہری توانائی کے پرامن استعمال کے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ہم ہر سوال کا جواب دینے، ہر تشویش دور کرنے کے لیے تیار ہیں۔ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ جوہری پروگرام پر اعتماد بحال کرنے کے لیے تیار ہیں جس کے جواب میں پابندیاں اٹھانا ہوں گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ آج ہونے والے مذاکرات میں جوہری معاملے پر منصفانہ اور متوازن حل نکلنے کی امید ہے۔ ایرانی وزیرخارجہ نے کہا کہ گزشتہ سال جون میں مذاکرات کے دوران اسرائیل نے ایران پر حملہ کیا تھا اور ایران پر اسرائیلی حملے میں امریکہ بھی شریک ہوا تھا۔ ان کا کہنا ہے کہ جارحیت کے زخم اب بھی ہمارے ذہنوں میں تازہ ہیں تاہم ایران جوہری عدم پھیلاؤ معاہدے کے پُرعزم رکن ہے۔ ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ہم نے جوہری ہتھیار نہ رکھنے کو قبول کیا ہے اور ہمیں پرامن مقاصد کے لیے جوہری ٹیکنالوجی کے استعمال کے مکمل حقوق حاصل ہیں۔ انہوں نے قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کا جنگ کی مخالفت پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ خطے کے ممالک کو یقینی بنانا ہوگا کہ ان کی زمین، فضائی حدود اور سمندر ایران کے خلاف استعمال نہ ہوں لیکن اگر امریکہ نے حملہ کیا۔

مودی کو گلے لگانا: 'ہندوستان اسرائیل تعلقات میں ایک نیا لفظ شامل ہوگیا۔ نیتن یاہو

تل ابیب، نئی دہلی، 26فروری (یو این آئی) ہندوستان اور اسرائیل کے دو طرفہ تعلقات میں ایک نیا جملہ شامل ہو

گیا ہے": مودی جھپی"۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے وزیر اعظم نریندر مودی کے کنیسٹ، پارلیمنٹ سے خطاب سے پہلے اپنی تقریر میں اس امر کا استعمال کیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان گرمجوشی کا ذکر کرتے ہوئے اسرائیلی وزیر اعظم نے کہا کہ جیسے ہی وزیر اعظم مودی جہاز کی سیڑھیوں سے نیچے آئے، انہوں نے ایک دوسرے کو گلے لگایا۔ مسٹر نیتن یاہو نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کا ذاتی گلے کچھ خاص ہے اور اسے پوری دنیا میں مودی جھپی' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ جب آپ کسی کو خلوص اور اتنے قریب سے گلے لگاتے ہیں تو آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ یہ حقیقت ہے۔ کنیسٹ میں تالیوں کی گڑگڑاہٹ کے درمیان، نیتن یاہو نے کہا کہ وہ جھپی" واپس کرنا چاہتے ہیں یا گلے لگانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ نہ صرف دونوں رہنماؤں کے درمیان ذاتی تعلقات اور دوستی کی نشاندہی کرتا ہے بلکہ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان گرمجوشی اور قریبی تعلقات کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ یہ نئی اصطلاح اب ہندوستان اور اسرائیل کے درمیان سفارتی حلقوں میں موضوع بحث بن گئی ہے۔

روس اور یوکرین کے مابین جنگ میں مارے گئے فوجیوں کی لاشوں کا تبادلہ

ماسکو/۲۶فروری/(آفاق نیوز ڈیسک) ایک اعلیٰ روسی عہدیدار نے جمعرات کے روز بتایا کہ روس نے 1,000 یوکرینی فوجیوں کی جسمانی باقیات کییف حکومت کے حوالے کردی ہیں، جبکہ بدلے میں یوکرین نے بھی 35 روسی فوجیوں کی لاشیں واپس ماسکو کے حوالے کر دی ہیں۔ دونوں جنگی فریق باقاعدگی سے جنگ میں ہلاک ہونے والے فوجیوں کی لاشوں کا تبادلہ کرتے رہتے ہیں، جو آپس میں تعاون کے ایسے چند محدود شعبوں میں سے ایک ہے، جو ابھی تک متاثر نہیں ہوئے۔ ماسکو کے اعلیٰ مذاکرات کار ولادیمیر میدنسکی نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں لکھا، ایک ہزار یوکرینی فوجیوں کی لاشیں یوکرین کے حوالے کی گئیں۔ روس کو 35 روسی جنگجوؤں کی لاشیں دی گئیں۔ انہوں نے ساتھ ہی ایک تصویر بھی شیئر کی، جس میں سفید لباس اور نیلے دستانے پہنے افراد کو ایک ریفریجریٹڈ ٹرک کے پچھلے حصے سے سفید باڈی بیگز اٹھاتے

ہوئے دکھایا گیا ہے۔ فروری 2022 میں ماسکو کی جانب سے یوکرین پر بھرپور فوجی حملے کے ساتھ شروع ہونے والی روسی یوکرینی جنگ میں گزشتہ چار برسوں کے دوران مجموعی طور پر لاکھوں فوجی ہلاک یا زخمی ہو چکے ہیں۔ جمعرات 26 فروری کے روز دونوں ممالک کے مذاکرات کار جنیوا میں امریکی حکام کے ساتھ الگ الگ ملاقاتوں میں شریک ہوئے۔ یہ بات چیت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اس جنگ کے خاتمے کی کوششوں کے تحت جاری ایک پیچیدہ مذاکراتی عمل کا حصہ ہے۔

جائز حقوق اور قومی استحکام کے تحفظ میں ایرانی حکومت

اور عوام کی حمایت کرتے ہیں: ترجمان چینی وزارت خارجہ

بیجنگ/۲۶فروری/(آفاق نیوز ڈیسک) ترجمان چینی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ چین ایران کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ سیاسی و سفارتی طریقے مسائل کے حل کی حمایت کرتے ہیں، عالمی معاملات میں دھمکیوں اور طاقت کے استعمال کی مخالفت کرتے ہیں۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ جائز حقوق، مفادات اور قومی استحکام کے تحفظ میں ایرانی حکومت اور عوام کی حمایت کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں، تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کریں، چین ذمہ دار ملک کے طور پر اپنا تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ ایران جوہری افزودگی 60 فیصد سے 3.6 فیصد تک کرنے پر آمادہ، معاہدے کا مجوزہ مسودہ امریکا کو پیش کردیا خیال رہے کہ عرب سفارت کار نے ایران کی جانب سے معاہدے کا مجوزہ مسودہ امریکا کو پیش کیے جانے کا انکشاف کیا ہے۔ اسرائیلی میڈیا سے گفتگو میں عرب سفارتکار نے بتایا کہ امریکا کو پیش کیے گئے مجوزہ ایرانی مسودے کیمطابق ایران جوہری افزودگی 60 فیصد سے 3. 6 فیصد تک لیا جائیگا۔

جائز حقوق اور قومی استحکام کے تحفظ میں ایرانی حکومت

اور عوام کی حمایت کرتے ہیں: ترجمان چینی وزارت خارجہ

بیجنگ/۲۶فروری/(آفاق نیوز ڈیسک) ترجمان چینی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ چین ایران کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ سیاسی و سفارتی طریقے مسائل کے حل کی حمایت کرتے ہیں، عالمی معاملات میں دھمکیوں اور طاقت کے استعمال کی مخالفت کرتے ہیں۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ جائز حقوق، مفادات اور قومی استحکام کے تحفظ میں ایرانی حکومت اور عوام کی حمایت کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں، تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کریں، چین ذمہ دار ملک کے طور پر اپنا تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ ایران جوہری افزودگی 60 فیصد سے 3.6 فیصد تک کرنے پر آمادہ، معاہدے کا مجوزہ مسودہ امریکا کو پیش کردیا خیال رہے کہ عرب سفارت کار نے ایران کی جانب سے معاہدے کا مجوزہ مسودہ امریکا کو پیش کیے جانے کا انکشاف کیا ہے۔ اسرائیلی میڈیا سے گفتگو میں عرب سفارتکار نے بتایا کہ امریکا کو پیش کیے گئے مجوزہ ایرانی مسودے کیمطابق ایران جوہری افزودگی 60 فیصد سے 3. 6 فیصد تک لیا جائیگا۔

جائز حقوق اور قومی استحکام کے تحفظ میں ایرانی حکومت

اور عوام کی حمایت کرتے ہیں: ترجمان چینی وزارت خارجہ

بیجنگ/۲۶فروری/(آفاق نیوز ڈیسک) ترجمان چینی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ چین ایران کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ سیاسی و سفارتی طریقے مسائل کے حل کی حمایت کرتے ہیں، عالمی معاملات میں دھمکیوں اور طاقت کے استعمال کی مخالفت کرتے ہیں۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ جائز حقوق، مفادات اور قومی استحکام کے تحفظ میں ایرانی حکومت اور عوام کی حمایت کرتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں، تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کریں، چین ذمہ دار ملک کے طور پر اپنا تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ ایران جوہری افزودگی 60 فیصد سے 3.6 فیصد تک کرنے پر آمادہ، معاہدے کا مجوزہ مسودہ امریکا کو پیش کردیا خیال رہے کہ عرب سفارت کار نے ایران کی جانب سے معاہدے کا مجوزہ مسودہ امریکا کو پیش کیے جانے کا انکشاف کیا ہے۔ اسرائیلی میڈیا سے گفتگو میں عرب سفارتکار نے بتایا کہ امریکا کو پیش کیے گئے مجوزہ ایرانی مسودے کیمطابق ایران جوہری افزودگی 60 فیصد سے 3. 6 فیصد تک لیا جائیگا۔ عرب سفارتکار کے مطابق ایران نے مستقبل میں جوہری افزودگی 7 سال معطل رکھنے کی بھی پیشکش کی ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی میڈیا کا کہنا ہے کہ امریکہ فی الحال صفر جوہری افزودگی کا مطالبہ نہیں کررہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق ایران نے ملک میں موجود انتہائی افزودہ یورینیم بیرونِ ملک منتقل کرنے سے انکار کردیا ہے تاہم اس نے انتہائی افزودہ یورینیم ڈائیلوٹ کرنے کی پیشکش کی ہے